حیّ

قیّوم

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓأَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

گنجینہ درود شریف

معہ

اورادِ فتحیہ واسمِ اعظم

محمد اسلم نقشبندی مجددی

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

یا حی یا قیوم

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا

گنجینہ

درود شریف

معہٗ

اورادِ فتحیہ واسمِ اعظم

وخصائص عظمیٰ

کتاب ہذا میں اللہ جل شانہٗ کے پیارے محبوب علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شان و عظمت کی فضیلت بیان کرتے ہوئے مجموعہ درود شریف معہ اوراد فتحیہ دیا گیا ہے جس میں آپ کیلئے بے شمار فیوض و برکات اور مشکلات، پریشانیوں کا حل درج کیا گیا ہے امید ہے کہ یہ کتاب آپ کیلئے مفید ثابت ہوگی

محمد اسلم نقشبندی مجددی

مشتاق بک کارنر الفضل مارکیٹ اردو بازار لاہور

نام کتاب ـــــــ گنجینہ درود شریف

مرتب ـــــــ محمد اسلم نقشبندی مجددی

اشاعت ـــــــ اکتوبر ۱۹۹۸ء

زیر اہتمام ـــــــ مشتاق احمد

مطبع ـــــــ اسد نیر، پرنٹرز لاہور

ناشر ـــــــ مشتاق بک کارنر لاہور

تصیحح ـــــــ حافظ قاری نجم احمد

ہدیہ مجلد ـــــــ 170 روپے

سٹاکسٹ : عظیم پبلشرز اردو بازار لاہور

فہرست

شروع کرتا ہوں ساتھ نام

اللہ کے

الرحمن الرحیم

جو بڑا مہربان اور رحیم ہے

بَلَغَ الْعُلیٰ بِکَمَالِہٖ

کَشَفَ الدُّجیٰ بِجَمَالِہٖ

حَسُنَتْ جَمِیْعُ خِصَالِہٖ

صَلُّوْا عَلَیْہِ وَ اٰلِہٖ

بحضور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

وَأَحْسَنَ مِنْكَ لَمْ تَرَقَطُّ عَيْنِيْ

وَأَجْمَلُ مِنْكَ لَمْ تَلِدِ النِّسَآءُ

خُلِقْتَ مُبَرَّأً مِّنْ كُلِّ عَيْبٍ

كَأَنَّكَ قَدْ خُلِقْتَ كَمَا تَشَآءُ

میری آنکھوں نے کبھی آپ سے زیادہ کوئی حسین نہیں دیکھا
عورتوں نے آپ سے زیادہ کوئی صاحبِ جمال نہیں جنا
آپ کو ہر عیب سے پاک پیدا کیا گیا ہے،
جیسے آپ اپنی مرضی کے مطابق پیدا کیے گئے ہوں

اُوقات دُرُود پاک

دُرُود پاک ایک ایسا بابرکت وظیفہ ہے کہ جو کسی بھی وقت پڑھا جا سکتا ہے یعنی دُرُود شریف پڑھنے کی نہ تو کوئی تعداد معیّن ہے اور نہ ہی وقت۔ اسے جب دل چاہے اور جس قدر چاہے پڑھے۔ دن کو پڑھے یا رات کو پڑھے نماز سے قبل پڑھے یا نماز ادا کرنے کے بعد بطور وظیفہ اس کا وِرد کرے، کھڑے ہو کر پڑھے یا بیٹھ کر پڑھے اس کے پڑھنے میں وقت اور تعداد کی کوئی قید نہیں ہے۔ مگر اکثر مقامات اور اوقات میں دُرُود شریف پڑھنا بہت زیادہ فضیلت کا باعث ہے۔

حسب ذیل اوقات میں دُرُود شریف پڑھنا بے پناہ فضیلت رکھتا ہے بلکہ ذیل میں دِیئے گئے بعض اوقات میں تو دُرُود شریف پڑھنا انتہائی لازم ہے۔

(۱) نماز کے آخری قعدہ میں التحیات کے بعد دُرُود پاک پڑھنا لازم ہے۔

(۲) نماز پنجگانہ کے بعد دُعا سے پہلے دُرُود شریف پڑھنا

مستحب ہے۔

(۳) جمعۃ المبارک کے پہلے اور دوسرے خطبے میں حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر دُرود شریف پڑھنا ضروری ہے۔

(۴) نماز خسوف اور نماز کسوف کے خُطبات میں بھی دُرود شریف پڑھنا ضروری ہے۔

(۵) نماز جنازہ میں دوسری تکبیر کے بعد حضُور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر دُرود پاک پڑھنا لازم ہے۔

(۶) نماز استسقاء کے خطبے میں بھی دُرود شریف ضرور پڑھنا چاہیئے۔

(۷) نماز عیدین کے خطبوں میں بھی دُرود شریف پڑھنا نہایت ضروری ہے۔

(۸) دُعا کے شروع اور اختتام پر دُرود شریف پڑھنا دُعا کی قبولیت کی ضمانت ہے۔

(۹) سوموار کے دن صبح کے وقت دُرود شریف پڑھنا بہت ہی فیوض و برکات کا باعث ہے اس لیے کہ اسی دن حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ولادت باسعادت ہوئی۔

(۱۰) جمعرات کو نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد یا نماز تہجد کی ادائیگی کے بعد دُرود شریف کثرت سے پڑھنا مستحب ہے۔

(۱۱) جمعہ کے روز نماز جمعہ سے پہلے یا نماز جمعہ کے بعد دُرود

شریف بہت ہی افضل ہے۔

(۱۲) ہفتہ کے دن بکثرت درود شریف پڑھنا جنت میں داخلے کی ضمانت ہے۔

(۱۳) اتوار کے دن نماز فجر کے بعد مسجد میں بیٹھ کر درود پاک پڑھنا ایمان کی سلامتی میں مضبوطی کا باعث ہے۔

(۱۴) ہر روز صبح اور شام کے اوقات میں درود شریف پڑھنا رحمتِ باری تعالےٰ کے حصول کا بہترین ذریعہ ہے۔

(۱۵) مسجد میں داخلے سے قبل اور باہر نکلنے سے پہلے درود شریف پڑھنا باعث برکت ہے۔

(۱۶) مسجد میں بیٹھ کر جماعت کھڑی ہونے کے انتظار کے وقت میں درود شریف پڑھنا بہت بہتر ہے۔

(۱۷) ختم قرآن مجید کے وقت درود پاک پڑھنا فضیلت کا باعث ہے۔

(۱۸) رمضان المبارک میں ہر روز درود شریف پڑھنا بہت زیادہ اجر و ثواب کا باعث ہے۔

(۱۹) حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسّلام کا اسم پاک لکھتے وقت سنتے وقت اور لیتے وقت درود شریف پڑھنا لازم ہے

(۲۰) حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسّلام کے روضہ مبارک کی زیارت کے وقت بھی درود پاک پڑھنا افضل ہے۔

(۲۱) مدینہ طیبہ اور مسجد نبوی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم میں داخل ہونے

وقت درُود پاک پڑھنا بہتر ہے۔

(۲۲) حضُور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے بابرکت آثار دیکھتے وقت بھی درُود شریف ہی پڑھنا چاہیئے۔

(۲۳) کسی بھُولی ہوئی چیز کی تلاش کے وقت درُود شریف پڑھنے سے بھولی ہوئی چیز یاد آجاتی ہے۔

(۲۴) رات کو سونے سے پیشتر درُود پاک پڑھنا حفاظت و سلامتی کا باعث ہے۔

(۲۵) سو کر اٹھتے وقت درُود پاک پڑھنا عمر میں برکت کا باعث ہے۔

(۲۶) گھر میں داخلے کے وقت درُود پاک پڑھنا گھر میں خیر و برکت کا باعث ہوتا ہے۔

(۲۷) مقام بدر اور مقام احد کو دیکھتے وقت درُود پاک پڑھنا بہت اچھا ہے۔

(۲۸) قبرستان میں داخلے کے وقت درُود شریف پڑھنا بخشش و مغفرت کا باعث ہوتا ہے۔

(۲۹) وعظ و تدریس کے وقت درُود شریف پڑھنا علم میں زیادتی کی علامت ہے۔

(۳۰) وضو کرتے وقت اور وضو کے بعد تیمّم کرنے کے بعد غسل جنابت کرنے کے بعد درُود شریف پڑھنا مستحب ہے۔

(۳۱) تنگی، سختی اور مصیبت کے وقت درُود شریف پڑھنے سے راحت حاصل ہوتی ہے۔

(۳۲) شب برات میں نصف شب کے وقت استغفار کے بعد دُرود شریف پڑھنا قبولیّت دُعا کا باعث ہے۔

(۳۳) نکاح کے موقع پر درُود پاک پڑھنا میاں بیوی کے مابین محبّت اور خیر و برکت کا باعث ہوتا ہے۔

(۳۴) ریاض الجنّۃ اور اصحاب صفہ کے چبوترے پر درُود پاک پڑھنا فیوض و برکات کا حامل ہے۔

(۳۵) مصافحہ اور معانقہ کرتے وقت درُود پاک پڑھنا محبّت کی علامت ہے۔

(۳۶) کسی مجلس سے اُٹھ کر جاتے وقت دُرود پاک پڑھنا عزّت و شرف کا باعث ہے۔

(۳۷) عرفات، منیٰ اور مزدلفہ میں قیام کے وقت بھی دُرود شریف پڑھنا بہت بہتر ہے۔

(۳۸) حج کے دوران بیشتر وقت دُرود شریف پڑھنا بہت زیادہ اجر و ثواب کا باعث ہے۔

(۳۹) غربت و افلاس کی حالت میں درُود شریف پڑھتے رہنے سے بفضل باری تعالےٰ غربت دُور ہو جاتی ہے۔

(۴۰) حجرِ اسود کو بوسہ دیتے وقت دُرود پاک پڑھنا نہایت مستحب ہے۔

(۴۱) صفا و مروہ پر درود پاک پڑھنا خیر و برکت کا باعث ہے۔

(۴۲) اگر نیند نہ آتی ہو تو اس وقت درود شریف پڑھنا دلی سکون ہوتا ہے اور نیند آجاتی ہے۔

(۴۳) کسی مجلس یا اجتماع میں کلام کا آغاز کرنے سے پہلے درود شریف پڑھنا خیر و برکت کی علامت ہے۔

(۴۴) توبہ کرتے وقت درود پاک کا پڑھنا توبہ کی قبولیت کا باعث ہے،

(۴۵) ذکر و اذکار کی مجلس کے آغاز اور اختتام پر درود شریف پڑھنا اہل مجلس کی دلی حاجات کی قبولیت کی علامت ہے

(۴۶) طواف وداع کے بعد خانہ کعبہ سے نکلتے وقت بھی درود پاک کا وِرد کرنا بہتر ہے۔

(۴۷) جمعتہ الوداع کے دن درود پاک پڑھنا سعادت و فلاح کا باعث ہے،

(۴۸) تہمت سے خلاصی حاصل کرنے کے لیے کثرت سے درود شریف پڑھنا بہت بہتر ہے۔

(۴۹) وصیّت لکھتے وقت درود پاک پڑھنا خاتمہ بالخیر کی علامت ہے،

(۵۰) ہر اچھے کام کا آغاز کرتے وقت درود شریف پڑھنا خیر و برکت کا باعث ہے۔

(۵۱) شب قدر میں کثرت سے درود شریف پڑھنا اخروی معاملات میں نجات و خلاصی کا باعث ہے

(۵۲) علم کی اشاعت کے وقت درود شریف سے آغاز کرنا چاہیئے۔

(۵۳) صاف شفاف پانی کو بہتے ہوئے دیکھ کر درود شریف پڑھنا

شکر کی علامت ہے۔

۵۴ سفر کے وقت اور سفر کی حالت میں کثرت سے دُرود شریف پڑھنا سفر میں خیر و عافیت کا باعث ہے۔

۵۵ صحت یابی کے لیے بیماری کے وقت درُود شریف پڑھنا اکسیر ہے۔

۵۶ قرآن مجید کے حِفظ کرنے کی دُعا میں بھی درُود شریف پڑھنا حافظے کی مضبوطی اور دُعا کی قبولیّت کا باعث ہے۔

۵۷ خوشبو سونگھتے وقت درُود شریف پڑھنا مستحب ہے۔

۵۸ کسی شے کے اچھا لگنے کے وقت درُود شریف پڑھنا افضل ہے۔

۵۹ تجارت یا کاروبار شروع کرتے وقت درُود شریف پڑھنے سے کاروبار میں خیر و برکت پیدا ہوتی ہے اور رزق میں زیادتی ہوتی ہے۔

۶۰ دوست احباب اور عزیزوں، رشتہ داروں سے ملاقات کے وقت درُود شریف پڑھنا باہمی محبّت میں اضافہ کا باعث ہے۔

۶۱ کسی دعوت میں شمولیّت کے وقت درُود پاک کا پڑھنا عزّت و شرف اور برکت کا باعث ہے۔

۶۲ مُردے کو قبر میں اتارتے وقت درُود شریف کا پڑھنا مُردے کے لیے قبر میں راحت کا باعث ہے۔

آدابِ درُود شریف

(۱) جب اسمِ مبارک لکھے، صلوٰۃ وسلام بھی لکھے یعنی صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پُورا لکھے۔ اس میں کوتاہی نہ کرے۔ صرف صؐ یا صلعم پر اکتفا نہ کرے

(۲) ایک شخص حدیث شریف لکھتا تھا اور بسبب بُخل کاغذ کے نامِ مبارک کے ساتھ درُود شریف نہ لکھتا تھا۔ اس کے سیدھے ہاتھ کو مرضِ آکلہ عارض ہوا یعنی ہاتھ اُس کا گل گیا۔

(۳) شیخ ابنِ حجر مکّی نے نقل کیا ہے کہ ایک شخص صرف صلی اللہ علیہ پر اکتفا کرتا تھا، وسلم نہ لکھتا تھا۔ حضورِ انور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اس کو خواب میں ارشاد فرمایا۔ تو اپنے آپ کو چالیس نیکیوں سے کیوں محروم رکھتا ہے۔ یعنی وسلم میں چار حرف ہیں۔ ہر حرف پر ایک نیکی اور ہر نیکی پر دس گنا ثواب۔ لہٰذا وسلم میں چالیس نیکیاں ہوئیں۔

(۴) درُود شریف پڑھنے والے کو مناسب ہے کہ بدن اور کپڑا پاک وصاف رکھے۔

(۵) آپ کے نامِ مبارک سے پہلے سَیّدِنا بڑھا دینا مستحب اور افضل ہے۔ دُرِ مختار

حکایاتِ دُرُود شریف

(١) مواہب لدنّیہ میں تفسیر قلیشری سے نقل کیا ہے کہ قیامت میں کسی مومن کی نیکیاں کم وزن ہوجاویں گی تو رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ایک پرچہ سرانگشت کے برابر نکال کر میزان میں رکھ دیں گے جس سے نیکیوں کا پلہ وزنی ہوجائے گا۔ وہ مومن کہے گا۔ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوجاویں۔ آپ کون ہیں؟ آپ کی صورت اور سیرت کیسی اچھی ہے۔ آپ فرماویں گے۔ میں تیرا نبی ہوں اور یہ دُرُود ہے جو تُو نے مُجھ پر پڑھا تھا۔ میں نے تیری حاجت کے وقت اس کو ادا کر دیا۔

(٢) حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کہ جلیل القدر تابعی اور خلیفہ راشد ہیں، شام سے مدینہ منوّرہ کو خاص قاصد بھیجتے تھے کہ ان کی طرف سے روضہ شریف پر حاضر ہوکر دُرُود وسلام عرض کرے۔

(٣) روضۃ الاحباب میں امام اسمٰعیل بن ابراہیم مزنی سے جو امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے بڑے شاگردوں میں ہیں نقل کیا ہے کہ میں نے امام شافعیؒ

کو بعد انتقال کے خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ اللہ تعالےٰ نے آپ سے
کیا معاملہ فرمایا۔ وہ بولے مجھے بخش دیا اور حکم دیا کہ مجھ کو تعظیم و احترام
کے ساتھ بہشت میں لے جاویں اور یہ سب برکت ایک دُرُود کی ہے
جس کو میں پڑھا کرتا تھا۔ میں نے پوچھا۔ وہ کون سا دُرُود ہے؟ فرمایا
یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ كُلَّمَا ذَكَرَهُ الذَّاكِرُوْنَ وَكُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِكْرِهِ الْغَافِلُوْنَ ٥

(۴) مناہج الحسنات میں ابنِ فاکہانی کتاب فجرِ منیر سے نقل کیا ہے کہ ایک
بزرگ شیخ صالح موسیٰ ضریر (نابینا) تھے انھوں نے اپنا گزرا ہوا
قصہ مجھ سے نقل کیا کہ ایک جہاز ڈوبنے لگا اور میں اس میں موجود
تھا۔ اس وقت مجھ کو غنودگی سی ہوئی۔ اس حالت میں رسُول اللہ
صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے مجھ کو دُرُود شریف تعلیم فرما کر ارشاد فرمایا
جہاز والے اس کو ایک ہزار بار پڑھیں۔ ہنوز تین سو بار پر نوبت
نہ پہنچی تھی کہ جہاز نے نجات پائی۔

(۵) حضرت عبید اللہ بن عمر قواریری سے نقل ہے کہ ایک کاتب میرا ہمسایہ
تھا وہ مرگیا۔ میں نے اس کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ اللہ پاک
نے تیرے ساتھ کیا معاملہ کیا۔ کہا مجھے بخش دیا۔ میں نے سبب

پوچھا۔ کہا۔ میری عادت تھی جب نامِ پاک رسُول اللہ ——— صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا کتاب میں لکھتا تو صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بھی بڑھاتا۔ خدائے تعالےٰ نے مجھ کو ایسا کچھ دیا کہ نہ کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سُنا، نہ کسی دل پر گزرا۔

(۶) دلائل الخیرات کی وجہ تالیف مشہور ہے کہ مؤلّف کو سفر میں وضو کے لیے پانی کی ضرورت تھی اور ڈول رسّی کے نہ ہونے سے پریشان تھے ایک لڑکی نے یہ حال دیکھ کر دریافت کیا اور کنویں کے اندر تھوک دیا۔ پانی کنارے تک ابل آیا۔ مؤلّف نے حیران ہو کر اس کی وجہ پوچھی۔ اس نے کہا یہ برکت درُود شریف کی ہے جس کے بعد انھوں نے یہ کتاب دلائل الخیرات تالیف کی۔

(۷) شیخ زردق رحمۃ اللہ تعالےٰ عنہ نے لکھا ہے کہ مؤلف دلائل الخیرات کی قبر سے خوشبو مشک وعنبر کی آتی ہے اور یہ سب درُود شریف کی برکت ہے

(۸) ایک معتمد دوست نے راقم سے ایک خوشنویس لکھنؤ کی حکایت بیان کی کہ ان کی عادت تھی کہ جب صبح کے وقت کتابت شروع کرتا تو اوّل ایک بار درُود شریف ایک بیاض پر جو اسی غرض سے بنائی تھی لکھ لیتے اس کے بعد کام شروع کرتے۔ جب اُن کے انتقال

کا وقت آیا تو غلبۂ فکرِ آخرت سے خوف زدہ ہو کر کہنے لگے کہ دیکھئے وہاں جا کر کیا ہوتا ہے ۔ ایک مجذوب آنکلے اور کہنے لگے بابا کیوں گھبراتا ہے وہ بیاض سرکار میں پیش ہے اور اس پر صاد بن رہے ہیں۔

۹ مولانا فیض الحسن صاحب سہارنپوری مرحوم کے داماد نے مجھ سے بیان کیا کہ جس مکان میں مولوی صاحب کا انتقال ہوا وہاں ایک مہینے تک خوشبو عطر کی آتی رہی ۔ حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے اس کو بیان کیا ۔ ارشاد فرمایا ۔ یہ برکت درود شریف کی ہے مولوی صاحب کا معمول تھا کہ ہر شب جمعہ کو بیدار رہ کر درود شریف کا شغل فرماتے ۔

۱۰ ابو زرعہ رحمۃ اللہ علیہ نے ایک شخص کو خواب میں دیکھا کہ آسمان میں فرشتوں کے ساتھ نماز پڑھ رہا ہے اُس سے سبب حصول اس درجے کا پوچھا اس نے کہا ۔ میں نے دس لاکھ حدیثیں لکھی ہیں جب نام مبارک آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا آتا میں درود لکھتا تھا ۔ اس سبب سے مجھے یہ درجہ ملا ۔

۱۱ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک اور حکایت ہے کہ اُن کو بعد انتقال کے کسی نے خواب میں دیکھا اور مغفرت کی وجہ پوچھی ۔

انھوں نے فرمایا کہ یہ درود شریف کی برکت ہے جو میں شب جمعہ کو پڑھا کرتا تھا۔

(۱۲) شیخ ابنِ حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے نقل کیا ہے کہ ایک صالح کو کسی نے خواب میں دیکھا۔ اس سے حال پوچھا۔ اس نے کہا کہ خدا تعالیٰ نے مجھ پر رحم کیا اور مجھے بخش دیا اور جنت میں داخل کیا۔ سبب پوچھا گیا تو اس نے کہا کہ فرشتوں نے میرے گناہ اور میرے درود کو شمار کیا۔ سو شمار درود کا زیادہ نکلا۔ حق تعالےٰ نے فرمایا۔ اتنا بس ہے۔ اس کا حساب مت کرو اور اس کو بہشت میں لے جاؤ۔

(۱۳) شیخ ابنِ حجر مکی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے کہ ایک مرد صالح نے معمول مقرر کیا تھا۔ کہ ہر رات کو سوتے وقت درود بعددِ معیّن پڑھا کرتا تھا۔ ایک رات خواب میں دیکھا کہ جناب رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کے پاس تشریف لائے اور تمام گھر اس کا روشن ہوگیا۔ آپ نے فرمایا۔ وہ منہ لاؤ جو درود بہت پڑھتا ہے کہ میں اُسے بوسہ دُوں۔ اس شخص نے شرم کی وجہ سے رخسارہ سامنے کر دیا۔ آپ نے اس کے رخسار پر بوسہ دیا۔ بعد اس کے وہ بیدار ہوگیا تو سارے گھر میں مُشک کی خوشبو باقی رہی۔

(۱۴) شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے مدارج النبوۃ میں لکھا ہے کہ جب حضرت حوّا علیہا السلام پیدا ہوئیں۔ حضرت آدم علیہ السلام نے اُن پہ ہاتھ بڑھانا چاہا۔ ملائکہ نے کہا صبر کرو جب تک نکاح نہ ہو جائے اور مہر ادا نہ کردو۔ انہوں نے کہا مہر کیا ہے۔ فرشتوں نے کہا کہ رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر تین ۳ بار درود شریف پڑھنا۔ اور ایک روایت میں بیس ۲۰ بار آیا ہے۔

يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ط

فضائلِ درُودشریف

درود شریف

قرآن مجید کی روشنی میں

حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ و آلہٖ وسلّم پر درود پاک بھیجنے کا حکم، اور اس کی فضیلت کے بارے میں قرآن مجید میں اللہ تعالےٰ ارشاد فرماتا ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ○ پ ۲۲

"ترجمہ: "بے شک اللہ اور اس کے فرشتے اپنے نبیؐ پر درود بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والو! تم بھی درود و سلام آپؐ پر بھیجا کرو۔"

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ جب یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی تو حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چہرۂ انور کا رنگ انار کے دانوں کی طرح انتہائی خوشی و مسرت سے کھِل گیا۔ اور ارشاد فرمایا:

"مجھے مبارکباد پیش کرو کہ آج مجھ پہ وہ آیت کریمہ نازل ہوئی ہے جو میرے نزدیک دنیا و مافیہا میں سے ہر چیز سے بہتر ہے۔"

اس کے بعد نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مذکورہ بالا آیت تلاوت فرمائی۔ میں نے حضور سرور کائنات صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے یہ خوشخبری سنتے ہی عرض کیا یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم آپ کو یہ نعمت مبارک ہو۔ پھر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم مبارکباد پیش کرتے رہے۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ اس آیت مبارکہ کی وضاحت فرمائیں۔ تاکہ ہم لوگ اس کی حقیقت سے آگاہ ہو جائیں۔ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

"تم لوگوں نے مجھ سے پوچھ لیا ہے۔ اگر تم لوگ مجھ سے

دریافت نہ کرتے تو میں کسی کو نہ بتاتا۔ اللہ تعالٰے نے دو فرشتے مقرر فرما دیئے ہیں کہ جب کوئی مسلمان جہاں کہیں مجھ پر درود پاک پڑھتا ہے تو یہ دونوں فرشتے اس کے لیے کہتے ہیں۔ "اللہ اسے تیری طفیل بخشے" ان دونوں فرشتوں کے جواب میں اللہ تعالٰے اپنے تمام فرشتوں سمیت آمین کہتا ہے۔ اور اگر کوئی شخص میرا نام سن کر درود پاک نہیں پڑھتا تو وہ دونوں فرشتے اس کے لیے کہتے ہیں "اللہ اس کو معاف نہ کرے۔" اس وقت بھی اللہ تعالٰے اور اس کے فرشتے آمین کہتے ہیں۔"

"روایات میں آتا ہے کہ جب حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پاک بھیجنے کی آیت کریمہ نازل ہوئی تو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے عرض کیا۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ کی بارگاہِ اقدس میں کس طرح درود وسلام پیش کیا جائے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا اس طرح درود وسلام بھیجا کرو۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ

وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ

مَّجِیْدٌ ۝ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ

وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی

اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ

حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

مفسرین کرام فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے درود پاک کو مخصوص کرنے میں حکمت یہ ہے کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ اقدس میں حضور علیہ الصّلوٰۃ

والسلام کی اُمت کے لیے کلمات خیر حاصل کیے
اور دعا مانگی۔

"وَاجۡعَلۡ لِّیۡ لِسَانَ صِدۡقٍ فِی الۡاٰخِرِیۡنَ ۝"

تو اللہ تعالےٰ نے اس دعا کو قبولیت کا شرف بخشا اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کو فرمایا۔ اے ابراہیمؑ! تم چاہتے ہو کہ میرے حبیب علیہ الصلوٰۃ والسلام کی امت تمھارے ذکر خیر سے اپنی زبانوں کو مشرف کرتی رہا کرے۔ اور میں بھی اس ذکر خیر میں شریک رہوں اور فرشتے بھی اس میں مشغول رہیں۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے عرض کیا اے اللہ تیرا کرم و عنایت ہے، چنانچہ خداوند تعالےٰ نے تمام امت محمدیہ کو حضرت ابراہیم علیہ السلام پر درود پاک بھیجنے پر مامور فرما دیا۔

حضرت علامہ فخر الدین رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام خانہ کعبہ کی تعمیر سے فارغ ہوئے، تو آپ نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دُعا فرمائی، آپ دعا فرماتے جاتے تھے، اور حضرت اسماعیل علیہ السلام حضرت اسحاق علیہ السلام، حضرت سارہ علیہا السلام اور حضرت بی بی ہاجرہ سلام اللہ علیہا آمین کہتے جاتے تھے، حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی اس خواہش کا اظہار فرمایا۔ کہ امتِ محمدیہ کے تمام مشائخ جب کعبۃ اللہ کی زیارت کیلئے آئیں، تو دو نفل شکرانہ ادا کریں، تو اے اللہ! مجھے ان کا شفیع مقرر فرمانا،

حضرت اسمٰعیل علیہ السلام نے دعا مانگی اے اللہ! امتِ محمدیہ میں سے جو بوڑھا ہو کر خانہ کعبہ میں آئے اور تیری عبادت کرے تو تُو اس کو بخش دے۔ سب نے آمین کہا۔ حضرت اسحاق علیہ السلام نے دعا مانگی یا اللہ! امت محمدیہ کا جو نوجوان خانہ کعبہ میں آکر تیری عبادت کرے تو تو اس کو بخش! سب نے آمین کہا حضرت بی بی سارہ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت کی عورتوں اور حضرت بی بی ہاجرہ نے امتِ محمدیہ کی کنیزوں کے حق میں دعا مانگی کہ اے اللہ! جب وہ تیرے گھر کی زیارت کے لیے آئیں اور اس میں عبادت کریں تو تُو ان کو بخش دینا۔ سب نے آمین کہا۔

اللہ تعالےٰ حضور سرورِ کائنات صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو خطاب فرمایا کہ اے میرے حبیبؐ! میرے ابراہیمؑ اور اس کی آل نے آپ کی امت کو اس وقت فراموش نہیں کیا تو آپ کی اُمت کا ہر فرد جب میری عبادت کرے تو ان کو خیر و برکت سے یاد کر لیا کرے" تا کہ ان کے احسانات کا بدلہ دیا جا سکے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ اللہ تعالےٰ اور اس کے فرشتوں کے دُرود بھیجنے سے مراد یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ اور فرشتے حضور علیہ السلام پر برکتیں نازل کرتے ہیں۔

دُرُودْ شَرِیْف

احادیث مبارکہ کی روشنی میں

۱

بخاری شریف میں حضرت جابر رضی اللہ تعالےٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ ایک دن حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام منبر پر تشریف فرما ہوئے، آپ نے تین مرتبہ آمین فرمایا۔ صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم! آپ نے آج خلافِ معمول تین بار آمین آمین فرمایا ہے۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا ہاں! حضرت جبرائیل علیہ السلام آئے تھے اور کہا کہ جس شخص کے والدین زندہ ہیں یا ان میں سے ایک بھی زندہ ہے اور وہ شخص ان کی خدمت سے محروم رہا اسے اللہ تعالےٰ اپنی رحمتوں سے محروم کر دے۔ میں نے کہا آمین! پھر کہا جو شخص رمضان المبارک میں موجود ہو اور روزے نہ رکھے۔ اللہ تعالےٰ اسے اپنی رحمت سے محروم کر دے۔ میں نے

کہا آمین! پھر کہا تیسرا وہ شخص جس نے آپ کا نام مبارک سنا اور درود نہ پڑھا اسے بھی اللہ تعالےٰ اپنی رحمت و بخشش سے محروم کر دے میں نے کہا آمین!

۲

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک دن حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام خوش و خرم تشریف لا رہے تھے، ارشاد فرمایا میرے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام تشریف لائے اور کہا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کیا آپ اس بات پر راضی نہیں ہیں کہ آپ کا کوئی امتی آپ پر ایک بار درود پاک پڑھے تو میں اس پر دس بار درود شریف پڑھوں۔ آپ کا امتی آپ پر ایک بار سلام پڑھے اور میں اس پر دس بار سلام پڑھوں۔

۳

حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جس نے جمعہ کے دن مجھ پر درود شریف بھیجا اللہ تعالےٰ اس کے اسیؔ ۸۰ سالہ کے گناہ معاف کر دے گا۔

ایک صحابی رضؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم!

ابو مقاتل نے بتایا ہے کہ آپ پر جمعہ کے دن جو کوئی ساٹھ مرتبہ درود پاک پڑھے گا اللہ تعالےٰ اس کے اسیؔ سالہ گناہ معاف فرماوے گا۔ آپ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا ہاں اس نے درست کہا ہے۔

اس حدیث شریف کے بارے میں حضرت ابو الحجاج بیان فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو خواب میں دیکھا تو آپ نے ابو مقاتل والی حدیث کی تائید فرمائی۔ حضرت ابو الحجاجؒ جب بھی یہ حدیث پاک بیان فرماتے تو کہتے کہ مجھے ابو مقاتلؒ کی روایت کی تصدیق حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے خواب میں فرما دی ہے اور میرا ایمان ہے کہ جس نے حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو خواب میں دیکھا بے شک اس نے حضور صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو دیکھا۔ کیونکہ شیطان حضورؐ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی صورت میں آنے کی طاقت نہیں رکھتا۔

۴

حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا،

"مجھ پر کثرت سے درود پڑھا کرو۔"

حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے پوچھا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم! آپ کے اس دنیا سے پردہ فرمانے کے بعد بھی آپ کو درُود پہنچتا رہے گا؟ ارشاد فرمایا ہاں! اللہ تعالےٰ نے میری قبر پر فرشتے مقرر کر دیئے ہیں۔ ان کے سردار کا نام صلصابیل ہے۔ اس کی شکل مرغ جیسی ہے اس کے تین پَر ہیں۔ اگر وہ پَروں کو کھول دے تو ایک مشرق تک اور دوسرا مغرب تک پھیل جاتا ہے اور ایک میری قبر کو ڈھانپ لیتا ہے۔ جب کوئی مسلمان یہ درُود پاک پڑھتا ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

تو فرشتہ اس مسلمان کے منہ سے یہ الفاظ ایسے چن لیتا ہے جس طرح ایک پرندہ دانے کو چنتا ہے۔ میری قبر پر وہ فرشتہ پر پھیلا کر کہتا ہے یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم! فلاں شخص فلاں کے بیٹے نے آپ پر درُود پاک بھیجا ہے۔

اس درُود پاک کو فرشتے لکھ لیتے ہیں یہ تحریر نور کے کاغذ پر مشک اذفر سے تحریر کی جاتی ہے۔ اس کے بیس ہزار درجات میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ بیس ہزار نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں۔ بیس ہزار برائیاں

نامہ اعمال سے ختم کر دی جاتی ہیں۔ بیس ہزار درخت نہر کے کنارے لگا دیئے جاتے ہیں۔ اس تحریر کو مشک اذفر سے سر بمہر کر دیا جاتا ہے۔ (اور جب وہ شخص انتقال کر جاتا ہے تو) اس کے سرہانے رکھ دیتے ہیں۔

حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا۔ قیامت کے دن جب زمین پھٹے گی۔ تو میں باہر سب سے پہلے نکلوں گا۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام میرے لیے سواری لائیں گے۔ اس کی پیشانی پر کلمہ طیبہ لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ لکھا ہو گا۔ اس کے ستر ہزار پر ہوں گے اس وقت میں لوائے حمد اٹھا کر رضوانِ بہشت کو دوں گا۔ لوائے حمد کے درمیان بھی لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ لکھا ہوا ہے۔ لوائے حمد اس قدر وسیع ہے کہ اگر اس کو کھول دیا جائے تو پوری کائنات اس کے نیچے آجائے۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام میرے داہنے ہاتھ ہوں گے۔ میکائیل علیہ السلام بائیں ہاتھ پر ہوں گے۔

اس کے بعد جب میزان عدل کے پاس لوائے حمد نصب کر دیا جائے گا۔ ترازو لگا دیا جائے گا۔ لوگوں کو بلایا جانے لگے گا اور حساب وکتاب شروع ہو گا۔ جب کوئی ایسا شخص حاضر ہو گا۔ جس نے مجھ پر درود پاک پڑھا تھا اور کثرت سے پڑھا تھا اس کے اعمال ترازو میں رکھے جائیں گے ترازو ہلکا ہو گا۔ اعمال تھوڑے ہوں گے

میں وزن کرنے والے کو کہوں گا، اللہ تعالٰے تجھ پر رحم فرمائے ذرا ٹھہر جاؤ۔ اس شخص کی ایک امانت میرے پاس ہے اس نے میرے ساتھ ایک نیکی کی ہے اور اس کے نامۂ اعمال میں لکھی ہوئی ہے۔

چنانچہ اس کا نام جس نے درُود پاک پڑھا سامنے لایا جائے گا۔ ترازو پر رکھا جائے گا اس کا پلڑا وزنی ہو جائے گا اور اس کو جنت میں داخل کر دیا جائے گا۔

۵

حضرت ابو سعید الخدری رضی اللہ تعالٰے عنہ بیان فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ جس مجلس میں مجھ پر درُود پاک نہیں پڑھا جاتا وہاں پر سوائے حسرت و یاس کے اور کچھ نہیں ہوتا۔ اگر یہ لوگ جنت میں بھی چلے جائیں تو درُود شریف کے بغیر خوشی و مسرت نہیں پا سکیں گے۔"

۶

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالٰے عنہ فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا جب کوئی مسلمان مجھ پر درُود پاک پڑھتا

ہے تو میں اسی وقت اس درُود شریف کا جواب دیتا ہوں ۔اسی طرح جو سلام پیش کرتا ہے اس کا بھی جواب دیتا ہوں ۔

۷

حدیث پاک میں آیا ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ میرا جو اُمتی خلوص دل کے ساتھ مجھ پر درُود شریف پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس پر دس بار درُود بھیجے گا اس کے نامۂ اعمال میں دس نیکیاں لکھے گا ۔اس کے دس درجات بلند ہوں گے اور دس بُرائیاں مٹا دی جائیں گی ۔

۸

حدیث پاک میں آتا ہے کہ ایک صحابی نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ! اگر میں رات کا تیسرا حصّہ آپ پر درُود پاک پڑھوں تو کافی ہے ؟ آپؐ نے فرمایا اگر زیادہ پڑھو تو زیادہ اچھا ہے ۔صحابیؓ نے عرض کیا کہ اگر آدھی رات تک درُود پاک پڑھوں تو کافی ہو گا ؟ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا نہیں ، زیادہ پڑھو تو اس سے بھی بہتر ہے ۔

صحابیؓ نے پوچھا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم! اگر میں آپ پر ساری رات درود پاک پڑھوں تو پھر؟ آپ نے خوش ہوتے ہوئے فرمایا۔ پھر تو اللہ تعالےٰ کی بھرپور رحمتیں نازل ہوں گی۔ تمہارے غم ختم ہو جائیں گے۔ سارے گناہ مٹ جائیں گے۔

۹

حدیث پاک میں ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف اللہ تعالےٰ نے وحی نازل فرمائی کہ اے موسیٰؑ! کیا تم یہ چاہتے ہو کہ میں تمہارے انتہائی نزدیک ہو جاؤں، تمہارے کلام سے بھی نزدیک، تمہارے دل سے بھی نزدیک، تمہاری زبان سے بھی نزدیک، تمہاری روح اور جسم سے بھی نزدیک، تمہاری آنکھوں کے نور اور تمہاری آنکھ سے بھی نزدیک ہو جاؤں۔ حتیٰ کہ جس طرح تمہاری سماعت کان کے نزدیک ہے، جس طرح تمہاری آنکھوں کی سفیدی آنکھوں کی سیاہی کے نزدیک ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا، یا اللہ! میری تو یہ دل کی خواہش ہے کہ میں تیرے قریب تر ہو جاؤں۔ ارشاد باری تعالےٰ ہوا اے موسیٰؑ پھر تم محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کثرت سے درود پاک پڑھا کرو تاکہ تمہیں میری قربت کی دولت میسر ہو سکے۔ یہ پیغام بنی اسرائیل

کو بھی پہنچا دو کہ جو شخص میرے حبیب محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا منکر ہو گا اور ان سے بغض رکھے گا اس پر جہنم کی آگ مسلط کر دی جائے گی۔ اسے میں اپنی زیارت سے محروم کر دوں گا۔ میرا کوئی فرشتہ اس پر رحم نہیں کرے گا۔ میرا کوئی پیغمبر اس کی شفاعت نہیں کرے گا۔ اور اس کو دوزخ کی آگ میں ڈال دیا جائے گا اور اس کی نجات کی کوئی راہ نہیں ہو گی۔

۱۰

ایک مرتبہ نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم مسجد نبوی میں تشریف فرما تھے۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالےٰ عنہم بھی پاس ہی تشریف رکھتے تھے۔ اسی اثنا میں ایک اعرابی آیا اور اس نے آتے ہی حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سلام کرتے ہوئے کہا:

"اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَهْلَ الْقُوٰی الْمَشَائِخُ الْکِرَامِ السَّاجِدُ۔"

حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس اعرابی کو اپنے انتہائی قریب بٹھایا۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے عرض

کیا، یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم! کیا وجہ ہے کہ آپ نے اس شخص کو اپنے انتہائی نزدیک بٹھا لیا ہے؟ حضورِ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا، اے ابوبکرؓ! جبرائیل علیہ السلام نے مجھے خبر دی ہے کہ یہ اعرابی مجھ پر درود و سلام بھیجتا رہتا ہے اور ان الفاظ میں درود پاک پڑھتا ہے کہ آج تک کسی دوسرے نے یہ الفاظ استعمال نہیں کیے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے دریافت کیا، یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم! وہ درود پاک کونسا ہے ارشاد فرمایا۔

"اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ وَفِی الْمَلَائِکَۃِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ۔"

۱۱

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ حدیث پاک بیان فرماتے ہیں کہ جب کوئی مسلمان حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام پر درود پاک پڑھتا ہے تو اللہ تعالےٰ ایک فرشتہ کو مقرر کرتا ہے کہ اس درود شریف

کے تحفے کو فوراً حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خدمت میں پہنچاؤ۔ وہ فرشتہ کہتا ہے۔ یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم! فلاں بن فلاں یا فلاں بنت فلاں نے آپ پر ایک بار درود پاک بھیجا ہے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام انتہائی خوشی اور مسرت سے جواب دیتے ہیں کہ میری طرف سے اسے دس بار سلام پہنچاؤ اور اسے پیغام پہنچا دو کہ تم جنت میں میرے نزدیک ہو گے اور اس کی مثال میری ان دو انگلیوں کی طرح ہے جو ایک دوسرے کے ساتھ متصل ہیں۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے یہ بات اپنی دونوں انگشت ہائے مبارک ملا کر فرمائی کہ وہ یقینی طور پر میری شفاعت کا مستحق ہو گا۔

۱۲

ترمذی شریف میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور سرورِ کائنات صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، قیامت کے دن لوگوں میں سب سے زیادہ میرے نزدیک وہ شخص ہو گا جس نے مجھ پر سب سے زیادہ درود پاک بھیجا ہے۔

۱۳

ترمذی شریف میں حضرت علی رضی اللہ تعالےٰ عنہ روایت فرماتے

ہیں کہ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اصل میں بخیل وہ شخص ہے۔ جس کے سامنے میرا ذکر ہو اور وہ مجھ پر درود شریف نہ پڑھے۔

۱۴

ترمذی شریف میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ حضور سرور کائنات صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اس شخص کی ناک خاک آلود ہو جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پہ درُود پاک نہ پڑھے۔

۱۵

ترمذی شریف میں حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالےٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ میں نے حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! میں آپ پر کثرت سے درُود پاک پڑھنا چاہتا ہوں اب اس کے لیے اور اپنے اوراد و وظائف کے لیے کتنا وقت مقرر کروں؟ ارشاد فرمایا جتنا تم چاہو۔ عرض کیا چوتھائی؟ فرمایا جتنا تم چاہو اور اگر زیادہ کر لو تو تمہارے لیے اور بہتر

ہے۔ میں نے عرض کیا نصف؟ فرمایا جتنا تم چاہو اور اگر اس سے بھی زیادہ کر لو، تو تمہارے لیے بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا، دو تہائی؟ فرمایا جتنا تم چاہو اگر زیادہ کر لو تو یہ تمہارے لیے اور بہتر ہے، میں نے عرض کیا۔ تو پھر میں سارا وقت درود پاک ہی کے لیے مقرر کر لوں۔ ارشاد فرمایا ایسا ہو تو وہ تمہارے سارے کاموں کے لیے کافی ہو گا۔ اور تمہارے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

۱۶

حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا تم مجھ پر جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات کو درُود شریف کثرت سے بھیجا کرو۔ کیونکہ باقی دنوں میں ملائکہ تمہارا درُود پاک پہنچاتے رہتے ہیں لیکن جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات جو کوئی مجھ پر درُود پاک پڑھتا ہے اس کو میں اپنے کانوں سے سنتا ہوں۔

۱۷

مشکوٰۃ شریف میں حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالےٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا کہ مجھ پر ہر جمعہ کے دن کثرت سے درُود پاک بھیجا کرو۔ کیونکہ یہ یوم مشہود

ہے اس میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں۔ جو بندہ مجھ پر دُرود شریف پڑھے اس کی آواز مجھ تک پہنچ جاتی ہے۔ جہاں پر بھی وہ بندہ ہو۔ عرض کیا گیا یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم! کیا آپ کے وصال مبارک کے بعد بھی آپ تک دُرود شریف پڑھنے والوں کی آواز پہنچے گی؟ ارشاد فرمایا ہاں! وصال کے بعد بھی میں سنوں گا۔ اللہ تعالےٰ نے انبیائے کرام علیہم السلام کے جسموں کو کھانا زمین پر حرام فرمادیا ہے لہذا اللہ کے نبی زندہ ہیں، رزق دیئے جاتے ہیں۔

۱۸

مشکوٰۃ شریف میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ میں نے نماز ادا کی جبکہ اس وقت حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تشریف فرما تھے۔ جب میں نماز کی ادائیگی کے بعد بیٹھا اور خدا تعالیٰ کی حمد و ثنا کی۔ پھر میں نے حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر دُرود پاک پڑھ کر دعا مانگی تو حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو مانگ تو تجھے عطا کیا جائے گا۔ تو مانگ تجھے عطا کیا جائے گا۔

۱۹

مشکوٰۃ شریف میں حضرت فضالہ بن عبید رضؓ کے حوالے سے حدیث مبارک درج ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام تشریف فرما تھے کہ ایک نمازی آیا۔ جب وہ نماز سے فارغ ہوا تو اس نے اس طرح دعا مانگنا شروع کی اے اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما۔ یہ سن کہ حضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے نمازی! تو نے عجلت سے کام لیا ہے۔ جب تو نماز پڑھ کر بیٹھے تو پہلے اللہ تعالےٰ کی حمد وثنا بیان کیا کر جو اس کی شان کے لائق ہے۔ اس کے بعد مجھ پہ دُرود پڑھ کر دُعا مانگ پھر ایک اور نمازی آیا اور اس نے نماز ادا کر کے اللہ تعالےٰ کی حمد وثنا بیان کی اور پھر دُرود شریف پڑھ کر دعا مانگی تو حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا اے نمازی! تو دعا کر تیری دعا قبول ہو گی۔

۲۰

ایک حدیث پاک میں آیا ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا جو شخص ہر روز سو مرتبہ دُرود پاک پڑھے اس کی سو حاجات پوری کی جائیں گی۔ جن میں سے تیس دنیا میں اور باقی آخرت

میں پوری کی جائیں گی۔

۲۱

بیہقی نے لکھا ہے کہ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص میری قبر پر درود پاک پڑھتا ہے اس کو میں خود سنتا ہوں اور جو مجھ سے فاصلہ پر پڑھتا ہے وہ میرے پاس (فرشتوں کے ذریعہ سے) پہنچا دیا جاتا ہے۔

۲۲

حضرت انس رضی اللہ تعالےٰ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص مجھ پر کثرت سے درود پاک بھیجے گا وہ عرش کے سایہ تلے ہو گا۔

۲۳

طبرانی نے حضرت ابو الدردا رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے حوالے سے لکھا ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص صبح وشام مجھ پر دس۔ دس مرتبہ درود پاک پڑھے اس کو روز قیامت

میری شفاعت پہنچ کر رہے گی۔

۲۴

مسند فردوس میں حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے لکھا ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا، جو شخص مجھ پر درُود پاک بھیجتا ہے تو ایک فرشتہ اس درُود پاک کو لے جا کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہِ اقدس میں پیش کرتا ہے پھر ارشاد باری تعالیٰ ہوتا ہے کہ اس درُود پاک کو میرے بندہ کی قبر کے پاس لے جاؤ یہ اس کے لیے استغفار کرے گا۔ اور اس کے باعث اس کی آنکھ ٹھنڈی ہو گی۔

۲۵

بخاری شریف میں لکھا ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ حضرت کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھ سے فرمایا کہ اے عبدالرحمٰن! میں تجھے ایک ایسا ہدیہ دوں جو میں نے حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے سنا ہے۔ میں نے کہا ضرور چنانچہ انھوں نے فرمایا کہ ہم نے حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے

عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم! آپ پر کن الفاظ کے ساتھ درود پاک پڑھا جائے (کیونکہ) اللہ تعالےٰ نے یہ تو ہمیں بتا دیا ہے کہ آپ پر کس طرح سلام بھیجیں۔ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ اس طرح درود پاک پڑھا کرو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

۲۶

ابوداؤد شریف میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے حوالے سے درج ہے کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جس شخص کو یہ بات پسند ہو کہ وہ جب درود پاک پڑھے ہمارے گھرانے پر، تو اس درود پاک کا ثواب بہت بڑی تعداد میں دیا جائے تو وہ ان الفاظ سے درود پاک پڑھا کرے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاَزْوَاجِہٖ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ

كَمَا صَلَّيْتَ عَلَىٰ آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○

ترجمہ: "اے اللہ! درود بھیج محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو نبی اُمّی ہیں اور آپ کی ازواج مطہرات پر جو تمام مومنین کی مائیں ہیں اور آپ کی آل پر اور آپ کے اہل بیت پر جیسا کہ درود بھیجا تو نے آل ابراہیم پر۔ بیشک حمد اور بزرگی کے لائق تو ہی ہے۔

۲۷

ابوداؤد شریف میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے درج ہے۔ کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جو قوم کسی مجلس میں بیٹھے، اور اس مجلس میں اللہ تعالےٰ کا ذکر اور اس کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر درود پاک نہ ہو تو یہ مجلس ان پر روز قیامت ایک وبال ہوگی۔ پس اللہ تعالےٰ چاہے، تو ان کو عذاب دے، اور اگر چاہے، تو ان کو معاف کر دے۔

۲۸

مسلم شریف و ترمذی شریف میں حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضہ کے حوالے سے درج ہے، کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد

فرمایا، جب تم اذان کی آواز سنا کرو، تو مؤذن جو الفاظ کہے، وہی تم کہا کرو، اس کے بعد مجھ پر درود پاک پڑھا کرو، اس لیے کہ مجھ پر جو شخص ایک مرتبہ درود پاک بھیجتا ہے۔ اللہ تعالےٰ اس پر دس مرتبہ درود پاک بھیجتا ہے۔ اس کے بعد اللہ تعالےٰ سے میرے لیے وسیلہ کی دعا کرو۔ کیونکہ وسیلہ جنت کی ایک منزل (درجہ) ہے جو صرف ایک نبی بندے کو ملے گا، اور مجھے امید ہے، کہ وہ ایک بندہ میں ہی ہوں۔ پس جو شخص میرے لیے اللہ تعالیٰ سے وسیلہ کی دعا کرے گا۔ اس پر میری شفاعت واجب ہو جائے گی۔

۲۹

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ کہ میں نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے۔ کہ حضور سرورِ کائنات صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ مجھے سوار کے پیالہ کی مانند نہ بناؤ، جو پہلے اس کو پانی سے بھرتا ہے۔ پھر اس کو رکھ دیتا ہے۔ اور اپنے سامان کی ترتیب اور اس کو اٹھانے اور ہٹانے میں مصروف ہو جاتا ہے۔ اور جب پھر اس کو پانی کی ضرورت ہوتی ہے، تو اس میں سے پیتا ہے، وضو کرتا ہے، ورنہ اس کو پھینک دیتا ہے، تم جب بھی دعا کرو۔ تو شروع میں مجھ پر درود پاک پڑھو۔ دعا کے درمیان میں بھی درود پاک پڑھنے سے غفلت نہ برتو اور دعا کے آخری کلمات درود پاک

پر ختم ہونے چاہئیں۔

۳۰

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا۔ کہ جس نے کتاب میں مجھ پر درود پاک لکھا۔ جب تک اس کتاب میں میرا نام ہے۔ اس کے لکھنے والے کے لیے فرشتے مغفرت طلب کرتے رہیں گے۔

۳۱

حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ کہ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ جتنی دیر تک کوئی مجھ پر درود پاک پڑھتا رہتا ہے۔ اتنی مدت تک فرشتے اس کے لیے رحمت طلب کرتے رہتے ہیں۔ اب چاہے۔ بندہ زیادہ دیر تک پڑھے۔ یا کم وقت پڑھے۔

۳۲

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں۔ کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا کہ جس نے اذان سنتے ہی بعد میں یہ کلمات

پڑھے، اس کے لیے قیامت کے دن میری شفاعت واجب ہو گی۔

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَآئِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَانِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ

۳۳

حضرت ابن وہب رضی اللہ عنہ، بیان فرماتے ہیں۔ کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلّم نے ارشاد فرمایا، کہ جس نے میرے لیے دس مرتبہ درود پاک پڑھا۔ اس کو اتنا اجر ملے گا۔ جتنا کہ ایک غلام آزاد کرنے سے ملتا ہے

۳۴

حدیث پاک میں آتا ہے۔ کہ ایک دن حضرت جبرائیل علیہ السلام! حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہِ اقدس میں حاضر ہوئے۔ اور کہا کہ میں نے آسمانوں پر ایک ایسا فرشتہ دیکھا، جو تخت پر بیٹھا ہوا تھا۔ اور اس کی خدمت میں ستّر ہزار فرشتے صف بستہ کھڑے تھے۔ اس کے ہر سانس سے اللہ تعالےٰ ایک فرشتہ پیدا فرماتا ہے۔ ابھی ابھی میں نے اسے شکستہ پروں کے ساتھ کوہِ قاف میں روتے ہوئے دیکھا ہے، اس نے جب مجھے دیکھا، تو

کہا تم اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں میری سفارش کرو، میں نے اس سے پوچھا۔ کہ تیرا جرم کیا ہے؟ اس نے کہا کہ معراج شریف کی شب جب محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی سواری گزری۔ تو میں تخت پر بیٹھا رہا۔ تعظیم کے لیے کھڑا نہیں ہوا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے مجھے اس جگہ اس عذاب میں مبتلا کر دیا ہے۔ حضرت جبرائیل فرماتے ہیں، کہ میں نے اللہ تعالیٰ کے حضور اس کی سفارش کی۔ اللہ تعالیٰ نے مجھ سے فرمایا تم اس سے کہو، کہ یہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے۔ چنانچہ اس فرشتہ نے آپ پر درود پاک بھیجا۔ تو اللہ تعالیٰ نے اس کی اس لغزش کو معاف فرما دیا۔ اور اس کے نئے پر بھی پیدا فرما دیئے۔

۳۵

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہٗ بیان فرماتے ہیں، کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا۔ کہ قیامت کے دن ایک جماعت کو حکم ہو گا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے یہ سُن کر عرض کیا۔ یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم! یہ کون لوگ ہونگے؟ آپ نے فرمایا۔ یہ وہ لوگ ہوں گے۔ جن کے سامنے میرا نام لیا گیا۔ مگر وہ درود پاک نہ پڑھ سکے۔

۳۶

حضرت علی رضی اللہ عنہ، روایت فرماتے ہیں۔ کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا۔ کہ ہر دعا کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پہنچنے کے لیے ان حجابات سے گزرنا پڑتا ہے۔ جو آسمانوں کے درمیان ہیں۔ یہ حجابات درود پاک کے بغیر کسی چیز سے نہیں کھلتے۔ جب درود پاک پڑھا جاتا ہے۔ تو یہ حجابات اُٹھ جاتے ہیں، اور یہ دعا آسمانوں سے بلند ہوتی جاتی ہے۔ اگر درود پاک نہ پڑھا جائے۔ تو یہ دعا واپس لوٹ آتی ہے۔

۳۷

حضرت زید بن رفیع رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں۔ کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا۔ کہ جو شخص جمعہ کے دن مجھ پر ایک سو مرتبہ درود شریف بھیجے گا، اللہ تعالیٰ اس کے سمندروں کے جھاگ کی مقدار میں گناہ معاف فرمادے گا۔

۳۸

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں۔ کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ

والسلام نے حجتہ الوداع کے خطبہ میں ارشاد فرمایا۔ اے میری اُمت! اللہ تعالیٰ تمہارے گناہوں کو اس استغفار کی وجہ سے بخش دے گا۔ جو تم نے صدقِ نیت سے کی ہے۔ تمہارے وہ گناہ معاف فرما دے گا۔ جو تم صدقِ نیت سے معاف کروانے کی خواہش رکھو گے۔ تم اس استغفار کے ساتھ "لا الٰہ الا اللہ" ضرور پڑھو۔ لیکن یاد رکھو کہ جو مجھ پر درود پاک پڑھے گا۔ میں قیامت کے روز اس کی شفاعت کروں گا۔

۳۹

حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ، بیان فرماتے ہیں۔ کہ ایک دن حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام اپنے بیتِ اطہر سے باہر آئے۔ اور ارشاد فرمایا۔ کہ کل رات مجھے عجیب و غریب خواب دکھائی دیا ہے۔ میں نے اپنی امت کا ایک آدمی پُل صراط پر سے گزرتے ہوئے دیکھا۔ جو کانپ رہا تھا۔ اور لرزتا ہوا جا رہا تھا۔ (اسی اثنا میں) درود پاک کا وہ تحفہ جو اس نے اپنی زندگی میں مجھ پر بھیجا تھا۔ آپہنچا۔ اس کا ہاتھ پکڑا اور اسے پُل صراط پار کرا دیا۔

۴۰

حضرت علی رضی اللہ عنہ، روایت فرماتے ہیں۔ کہ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم

نے ارشاد فرمایا کہ جو شخص حج ادا کرنے کے بعد کفار کے ساتھ جہاد میں شریک ہوا۔ اس حج کا ثواب چار سو حج جیسا ہو گا۔ لیکن جو غریب مساکین حج و جہاد کی نعمت سے محروم رہیں گے۔ وہ شکستہ خاطر اور مایوس ہوں گے (مگر) اللہ تعالٰے نے مجھے وحی کے ذریعہ سے بتا دیا ہے کہ اے محمد (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپ کا کوئی بھی امتی اگر آپ پر درود پاک بھیجے گا تو میں ان کے نامہ اعمال پر چار سو غزوات کی شرکت کا ثواب اور چار سو حج کے درجات لکھ دوں گا۔

(۴۱)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالٰے عنہما روایت فرماتے ہیں کہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا قیامت کے دن میری امت کے ایک شخص کو جہنم کی آگ میں ڈالنے کا حکم ہو گا۔ وہ روتے ہوئے کہے گا، اے ملائکہ مجھے کہاں پر پھینکنے کا حکم ہوا ہے؟ فرشتے کہیں گے کہ جہنم میں۔ وہ کہے گا کہ مجھے چند لمحات کی مہلت دے دو، تاکہ میں اپنی حالت پر رو سکوں۔ فرشتے کہیں گے اے شخص! یہ ندامت کے آنسو تو تجھے اپنی زندگی میں بہانے چاہئیں تھے تاکہ تجھے کوئی فائدہ ہوتا آج رونے سے کیا حاصل ہے۔ وہ شخص کہے گا کہ

میں حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد میں سے ہوں۔ جہنم کی آگ کو برداشت کرنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت میں سے ہوں۔ مجھے اپنے خدا تعالٰے سے یہ گمان کبھی نہ تھا۔

فرشتے اس سے پوچھیں گے اے اللہ کے بندے! تجھے اپنے اللہ تعالٰے سے کیا گمان تھا؟ وہ کہے گا کہ مجھے اپنے اللہ تعالٰے سے یہ اُمید تھی کہ وہ مجھے کفار کے ساتھ دوزخ میں نہیں رکھے گا فرشتے کہیں گے وہ دیکھو حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ تعالٰے کی بارگاہ میں کھڑے ہیں ان کو پکارو تاکہ وہ تیری شفاعت کر سکیں ورنہ تجھے جہنم میں پھینک دیا جائے گا۔ وہ بندہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو پکارے گا۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام اس بندہ کی آواز پر توجہ فرمائیں گے اور دیکھیں گے کہ اس کو عذاب کے فرشتوں نے جکڑ رکھا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرشتوں سے فرمائیں گے کہ اسے میرے حوالے کر دیا جائے تاکہ اس کے اعمال کو دوبارہ تولا جا سکے۔ فرشتے عرض کریں گے یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہم اللہ تعالٰے کے فرمانبردار ہیں یہ جو کچھ ہم کر رہے ہیں اسی کے حکم کے تحت کر رہے ہیں۔ جب تک اللہ تعالٰے کا فرمان نہ ہو ہم اس کو

نہیں چھوڑ سکتے۔

حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام اس وقت سجدہ میں گر جائیں گے اور عرض کریں گے اے اللہ! آج تیرے فرشتے میرے اور تیرے ایک بندے کے درمیان حائل ہو رہے ہیں۔ ارشاد باری تعالےٰ ہو گا اے فرشتو میرے بندے کو میرے پیغمبر کے حوالے کر دو۔ چنانچہ حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام اس گنہگار امتی کو لے کر میزان کے پاس تشریف لائیں گے اور نیکیوں کے دفتر میں سے ایک مٹھی میزان میں رکھیں گے جس سے بُرائیاں دب کر رہ جائیں گی۔ ارشاد باری تعالےٰ ہو گا کہ اس بندے کو جنت میں لے جاؤ۔ جب اس بندے کو جنت کی طرف لے جایا جائے گا تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جنت کے دروازے پر کھڑے دکھائی دیں گے۔ آپ مسکرا کر فرمائیں گے مجھے پہچانتے ہو؟ وہ کہے گا یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرمائیں گے کہ وہ نیکیوں کی ایک مٹھی جو تمہاری تمام بُرائیوں پر غالب آ گئی تھی وہ دُرود پاک تھا جو تم دنیاوی زندگی میں میرے لیے پڑھا کرتے تھے۔

وہ شخص اسی وقت حضور نبی کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی قدم

بوسی کرے گا اور عرض کرے گا اگر آپ آج میری شفاعت نہ فرماتے اور میرا درُود پاک آپ کی ذاتِ اطہر پر نہ ہوتا تو میں دوزخ کی آگ میں ہوتا۔

قصیدہ بردہ شریف کا شعر

وَمَنْ تَکُنْ بِرَسُوْلِ اللّٰہِ نُصْرَتُہٗ
اِنْ تَلْقَہُ الْاُسْدُ فِیْ اٰجَامِھَا تَجِمِ

اور جس شخص کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تائید و نصرت ہو اگر اس کے سامنے جنگلوں کے شیر بھی آجائیں تو وہ خوف کی وجہ سے خود بخود بھاگ جائیں گے

دُرُودِ اِبرَاھِیمی

درُود شریف پڑھنے کے بے شمار فضائل قرآن کریم اور احادیث نبویؐ سے ثابت ہیں۔ قرآن کریم کی مندرجہ ذیل آیت کریمہ سے درُود شریف پڑھنے کی تاکید معلوم ہو گی۔

اِنَّ اللّٰہَ وَ مَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ ط
یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا٥

(بیشک اللہ اور اس کے فرشتے حضرت نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوٰۃ بھیجتے ہیں۔ اے مسلمانو! تم بھی ان پر درُود اور سلام بھیجو)

اس درُود شریف سے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی، خاندانِ ابراہیمؑ سے محبت کا اظہار ہوتا ہے اور اسی محبّت کی بنا پر حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنے ایک بیٹے کا نام ابراہیم رکھا اس کے علاوہ شب معراج میں حضرت ابراہیمؑ نے حضور اکرم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کہا تھا کہ اپنی اُمت کو میرا سلام پیش کر دیجئے گا۔

اس سلام کے جواب میں آپ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے دُرودِ ابراہیمی میں ان پر سلام پیش کیا۔ یہ درُود تمام درُودوں سے افضل ہے اس درُود کے الفاظ حضور صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے فرمودہ ہیں اس لیے اس درُود شریف کو نماز کے علاوہ کثرت سے پڑھنا دینی و دنیاوی فیوض و برکات حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے اور اللہ تعالیٰ کی رحمت و خوشنودی حاصل ہوتی ہے دنیا کے سب کاموں میں آسانی پیدا ہو جاتی ہے۔ حاجات پوری ہو جاتی ہیں۔ حضور کی شفاعت واجب ہو جاتی ہے۔ رزق کی تنگی دُور ہو جاتی ہے۔ اس درُود شریف کو معمول سے پڑھنے والا جنت میں جائے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

اے اللہ حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر

مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ

صلوٰۃ بھیج جس طرح تو نے حضرت ابراہیمؑ پر

وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ

اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آل پر صلوٰۃ بھیجی بیشک تو

مَّجِيْدٌ ○ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ

تعریف کیا گیا عظمت والا ہے اے اللہ حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کو

وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰی

اور حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی آل کو برکت دے جس طرح تو نے حضرت

اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ

ابراہیم علیہ السلام اور ان کی آل کو برکت دی بے شک

حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ○

تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے

درود زہرہ بتول رضؓ

غوث وقت حضرت سیّد عبدالعزیز دباغ فارسی قدس سرّہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ میں نے دیوان صالحین میں حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کو اپنے والد حضرت محمد صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم پر یہ درود پڑھتے سُنا الفاظ تو یہ نہ تھے (غالباً سریانی ہوں گے) مگر معنی جو میں نے عبارت سے اخذ کیے وہ یہ تھے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنۡ رُّوۡحُہٗ

مِحۡرَابُ الۡاَرۡوَاحِ وَالۡمَلٰٓئِکَۃِ

وَالۡکَوۡنِ ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

مَنۡ ھُوَ اِمَامُ الۡاَنۡبِیَآءِ وَالۡمُرۡسَلِیۡنَ ○

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنۡ ھُوَ اِمَامُ

اَھۡلِ الۡجَنَّۃِ عِبَادِ اللّٰہِ

الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ○

درود خمسہ

ہر قسم کے مصائب و مشکلات سے محفوظ رہنے کے لیے درود خمسہ کا ورد سب سے اعلیٰ اور مؤثر ہے۔ اس درود شریف کو کثرت سے پڑھنا ہر مشکل کا حل یقیناً کامیابی ہے۔ اس درود شریف کو روزانہ ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھنا مرنے کے بعد قبر میں سوال و جواب میں آسانی راحت اور مغفرت کا باعث بنے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ

اے اللہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اس تعداد میں صلوٰۃ بھیج

مَنْ صَلّٰی عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی

جتنی کہ بھیجی گئی ہے اور محمد صلے اللہ علیہ وسلم

مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی اَنْ

پر اپنی چاہت اور رضا کے مطابق رحمت نازل

تُصَلِّیَ عَلَیْهِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَآ

کہ تونے جیساکہ نازل کی ہے اور محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر رحمت نازل فرما

اَمَرْتَنَا بِالصَّلٰوۃِ عَلَیْهِ وَصَلِّ عَلٰی

جیساکہ تونے ہمیں ان پر درود بھیجنے کا حکم دیا ہے اور محمد صلے اللہ علیہ وسلم

مُحَمَّدٍ کَمَا تَنْبَغِی الصَّلٰوۃُ عَلَیْهِ ط

پر درود بھیج جیساکہ ان پر درود بھیجنے کا حق ہے

درود اوّل و آخر

جو شخص اس درود شریف کو کثرت سے پڑھے گا اللہ تعالےٰ اس کے تمام گناہ معاف کردے گا۔ دشمن پر غالب رہے گا۔ قبر اور حشر کا خوف جاتا رہے گا۔ قید سے رہائی ہوگی۔ رزق میں کشادگی ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

صَلَّی اللّٰهُ عَلٰی حَبِیْبِهٖ اَکْرَمِ الْاَوَّلِیْنَ

اے اللہ اپنے اوّل اور آخر معزز حبیب پر اور ان کی آل

وَالْاٰخِرِیْنَ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

پر اور ان کے صحابہ پر

وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ط

درود برکت اور سلام بھیج

درودِ مُصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

جو شخص اس دُرود شریف کو ہر نماز کے بعد تلاوت کرتا رہے گا وہ ہمیشہ عزّت پائے گا اور اس کا دل روشن ہو جائے گا۔ بزرگان اور جلیل القدر ہستیوں کی خواب میں زیارت ہو گی اگر شدید بیماری میں مریض مبتلا ہو تو اس کے سرہانے سو دفعہ پڑھ کر دم کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى

اے اللہ درُود اور سلام اور برکت بھیج اپنے

حَبِيْبِكَ الْمُصْطَفٰى وَعَلٰى اٰلِهٖ

حبیب مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی آل

وَسَلِّمْ ۱۰۰ مرتبہ

پر اور سلامتی

درود حصولِ رحمت

جو شخص اسے روزانہ پڑھنے کا اپنا معمول بنالے گا اللہ تعالےٰ اس سے راضی ہوکر اپنی نعمتوں اور رحمتوں سے نوازے گا۔ جس کی بدولت بے پناہ دینی اور دنیاوی کام ہیں فوائد ہوں گے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلٰوۃً دَآئِمًا وَّسَلِّمۡ

اے اللہ درود بھیج ابدی درود بھیج اور ابدی سلام

سَلَامًا اَبَدًا عَلٰی حَبِیۡبِکَ وَسَیِّدِ

اپنے حبیب صلے اللہ علیہ وسلم اور انبیاءؑ کے سردار پر

النَّبِیِّکَ وَاٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ

اور ان کی آلؑ پر اور ان کے صحابہ پر پس

فَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ○

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں

درود حبیب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم

یہ درود عاشقانِ حبیب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خصوصی وظیفہ ہے اور اس کے بے شمار فیوض و برکات ہیں۔ پڑھنے والے پر اللہ کی خاص رحمت ہوتی ہے اور اس کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قربت نصیب ہوتی ہے۔ دنیا کے غموں سے نجات ملتی ہے۔ نامہ اعمال میں کثرت سے نیکیاں لکھی جاتی ہیں۔ پڑھنے والے کو حضورؐ کی شفاعت نصیب ہوگی۔ صبح وشام بلکہ ہر نماز کے بعد یہ درود پڑھنا بہت افضل ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ

اے اللہ کے رسول تجھ پر درود اور سلام ہو اور اے اللہ کے

اللّٰہِ وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحٰبِکَ یَا

حبیب تمہاری آل اور صحابہ پر بھی

حَبِیْبَ اللّٰہِ ط

درود اور سلام ہو

درُودْ تاجْ

اگر کوئی شخص زیارت جمال بے مثال رسول اللہ صلے اللہ علیہ آلہٖ وسلم کی آرزو دل و جان سے رکھتا ہو تو عروجِ ماہ شب جمعہ کے بعد فراغت نماز عشاء کے باوضو جامہ پاک خوشبودار پہن کر ایک سو ستر (۱۷۰) مرتبہ اس درُود شریف کو پڑھ کر سو رہے گا۔ گیارہ شب اسی طرح سے پڑھے۔ انشاء اللہ شرفِ زیارت بابرکت سے مشرف ہوگا۔

سحر آسیب اور جن شیاطین اس سے دُور بھاگتے ہیں۔ فراخیِ رزق کے لیے اس کا ایک چلّہ شب انوار کے وقت اکتالیس مرتبہ پڑھنا بہت مفید ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

الہٰی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر رحمت نازل

مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ

فرما جو صاحب تاج اور معراج

وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ ؕ دَافِعِ الْبَلَآءِ

اور براق والے اور جھنڈے والے ہیں جن کے وسیلے سے بلا

وَالْوَبَآءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ ؕ

وبا اور قحط اور مرض اور دکھ دور ہوتا ہے

اِسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ

آپؐ کا نام نامی لکھا گیا بلند کیا گیا قبول شفاعت کیا گیا

مَّنْقُوْشٌ فِی اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ ؕ سَیِّدِ

اور لوح و قلم میں کھودا ہوا ہے آپؐ

الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ ؕ جِسْمُهٗ مُقَدَّسٌ

عرب و عجم کے سردار ہیں آپؐ کا جسم نہایت مقدس

مُّعَطَّرٌ مُّطَهَّرٌ مُّنَوَّرٌ فِی الْبَیْتِ وَ

خوشبودار پاکیزہ اور خانہ کعبہ و حرم پاک میں

الْحَرَمِ شَمْسِ الضُّحٰی بَدْرِ الدُّجٰی

منوّر ہے آپؐ چاشت گاہ کے آفتاب اندھیری رات کے

صَدْرِ الْعُلٰی نُوْرِ الْهُدٰی كَهْفِ

ماہتاب بلندیوں کے صدرنشین راہ ہدایت کے نور مخلوقات

الْوَرٰی مِصْبَاحُ الظُّلَمِ جَمِیْلُ الشِّیَمِ

کی جائے پناہ اندھیروں کے چراغ نیک اطوار کے مالک

شَفِیْعُ الْاُمَمِ صَاحِبُ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ

امتوں کے بخشوانے والے بخشش و کرم سے موصوف ہیں

وَاللّٰہُ عَاصِمُہٗ وَجِبْرِیْلُ خَادِمُہٗ وَالْبُرَاقُ

اللہ آپ کا نگہبان اور جبریلؑ آپؐ کے خدمت گزار براق

مَرْکَبُہٗ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُہٗ وَسِدْرَۃُ

آپ کی سواری معراج آپؐ کا سفر اور سدرۃ

الْمُنْتَھٰی مَقَامُہٗ وَقَابَ قَوْسَیْنِ

المنتھی آپؐ کا مقام اور (قربِ خداوندی میں) قاب قوسین

مَطْلُوْبُہٗ وَالْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُہٗ

کا مرتبہ آپؐ کا مطلوب ہے اور مطلوب ہی آپؐ کا مقصود ہے

وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُہٗ سَیِّدِالْمُرْسَلِیْنَ

اور مقصود آپؐ کو حاصل ہے آپؐ رسولوں کے سردار نبیوں

خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ

میں سب سے پیچھے آنے والے گنہگاروں کے بخشوانے والے

اَنِیسِ الغَرِیبِینَ رَحمَۃٍ لِّلعَالَمِینَ

مسافروں کے غم خوار دنیا جہان کے لیے رحمت عاشقوں کی

رَاحَۃِ العَاشِقِینَ مُرَادِ المُشتَاقِینَ

راحت مشتاقوں کی مراد خدا شناسوں کے

شَمسِ العَارِفِینَ سِرَاجِ السَّالِکِینَ

آفتاب راہ خدا پر چلنے والوں کے چراغ مقربوں

مِصبَاحِ المُقَرَّبِینَ مُحِبِّ الفُقَرَآءِ

کے راہ نما محتاجوں غریبوں

وَالغُرَبَآءِ وَالمَسَاکِینَ سَیِّدِ الثَّقَلَینِ

اور مسکینوں سے محبت رکھنے والے جن وانس کے

نَبِیِّ الحَرَمَینِ اِمَامِ القِبلَتَینِ

سردار حرمین کے نبی دونوں قبلوں (بیت المقدس وکعبہ) کے پیشوا

وَسِیلَتِنَا فِی الدَّارَینِ صَاحِبِ

اور دنیا و آخرت میں ہمارے وسیلہ ہیں وہ جو مرتبہ

قَابَ قَوسَینِ مَحبُوبِ رَبِّ

قاب قوسین پر فائز ہیں دو مشرقوں

الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبِّ الْمَغْرِبَيْنِ

اور دو مغربوں کے رب کے محبوب

جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ مَوْلٰنَا وَ

ہیں حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ کے جدِّ امجد اور

مَوْلَى الثَّقَلَيْنِ اَبِی الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ

ہمارے اور تمہارے (تمام) جنّ وانس کے آقا ہیں یعنی ابی القاسم محمد

ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ نُوْرٍ مِّنْ نُّوْرِ اللّٰهِ

بن عبد اللہ جو اللہ کے نور میں سے ایک نور ہیں

يَآاَيُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِهٖ

اے نور جمال محمدی کے مشتاقو! آپؐ پر اور آپؐ کی

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

آلؑ اور آپؐ کے صحابہؓ پر دُرود وسلام

وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ط

بھیجو جو بھیجنے کا حق ہے

درودِ لکھی

سُلطان المشائخ، واقف اسرارِ معنوی حضرت محمود غزنوی علیہ الرحمۃ کا یہ معمول تھا کہ ہر روز وظیفہ صدق نیّت اور فرطِ محبّت سے لاکھ بار دُرود شریف پڑھتے اور اس کا ثواب سرورِ دو عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نذر کرتے چونکہ اس قدر پڑھنے میں تمام دن گذر جاتا اور انتظامِ مملکت کے واسطے فرصت کا وقت ہاتھ نہ آتا۔ ایک رات عالمِ خواب میں رسالت مآب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (کہ آپ ہی کی ذات بابرکات کا آخرت و دُنیا میں اُمّت عاصی کو سہارا ہے خود بادشاہِ جہاں ہیں۔ یہ محنتِ اُمّت اور فتورِ سلطنت آپ کو کب گوارا ہے) سلطان محمود کو زیارت جمال جہاں آرا سے سرفراز کیا اور ارشاد زبان وحی ترجمان سے یوں ممتاز کیا کہ اے محمود! اس درُود شریف کو ہر روز بعد نماز فجر کے ایک مرتبہ پڑھا کر۔ لاکھ درُود کا ثواب حاصل ہوگا۔ اس کی برکت سے میری محبّت میں کامل ہوگا۔ اور جس قدر اس سے زیادہ پڑھا جائے گا، اسی قدر لاکھوں تک ثواب پائے گا۔

یہ درود مغفرت اور گناہوں کی معافی کے لیے بہت اکسیر ہے اس درود پاک کو روزانہ ۱۱ مرتبہ پڑھنا وسیلہ بخشش ہو گا۔ دینی دنیوی حاجات پوری ہوں گی۔ رزق میں اضافہ ہو گا۔

درود لکھی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

اور آپ کی آلؑ پر بےشمار اپنی رحمت

مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ رَحْمَۃِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ

کے درود وسلام نازل فرما الٰہی ہمارے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا

آقا و مولیٰ محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر۔ اور

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ

آپؐ کی آل پر بےشمار اپنے فضل

فَضْلِ اللّٰہِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

کے رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔ الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ

سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اور آپؐ کی آلؑ پر بےشمار

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ خَلْقِ اللّٰہِ ط

اپنی مخلوقات کے رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اور

مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا

آپؐ کی آلؑ پر بےشمار اپنی معلومات کے رحمت کاملہ

مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ عِلْمِ اللّٰہِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ

اور سلامتی نازل فرما الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اور آپؐ کی

وَّعلیٰ اٰلِ سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ بَعَدَدِ

کی آل پر بشمار اپنے کلمات کے رحمت کاملہ اور

کَلِمٰتِ اللّٰہِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

سلامتی نازل فرما۔ الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی

سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ

اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی آل پر اپنی بزرگی کے

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَعَدَدِ کَرَمِ اللّٰہِ ط اَللّٰھُمَّ

برابر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔ الٰہی ہمارے

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

آقا و مولیٰ محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی آل پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَعَدَدِ حُرُوْفِ

کلام اللہ کے حروفوں کے برابر رحمت کاملہ اور سلامتی

کَلَامِ اللّٰہِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

نازل فرما الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

پر اور آپ کی آل پر

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ قَطَرَاتِ الْاَمْطَارِ

بارشوں کے قطروں کے برابر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ

آلؑ پر درختوں کے پتوں کے برابر رحمت

اَوْرَاقِ الْاَشْجَارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

کاملہ اور سلامتی نازل فرما الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ

عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اور آپؐ کی آلؑ پر

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ رَمْلِ الْقِفَارِ

صحراؤں کی ریت (کے ذروں) کے برابر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اور آپؐ

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ

کی آلؑ پر بےشمار ہر اس چیز کے جو سمندروں

مَا خُلِقَ فِی الْبِحَارِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

ہیں پیدا کی گئی رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ

عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی آ

محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی آل پر دانوں اور

لِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ الْحُبُوْبِ

پھلوں کی تعداد میں رحمت کاملہ اور سلامتی نازل

وَالثِّمَارِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

فرما الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلے اللہ علیہ

وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

وآلہ وسلم پر اور آپ کی آل پر بشمار راتوں

بِعَدَدِ الَّیْلِ وَالنَّھَارِ ط اَللّٰھُمَّ صَلِّ

اور دنوں کے رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔ الٰہی ہمارے آقا و

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ

مولیٰ محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی آل پر بشمار

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَا اَظْلَمَ

ان چیزوں کے کہ جن پر رات نے اندھیرا اور دن نے

عَلَيۡهِ الَّيۡلُ وَاَشۡرَقَ عَلَيۡهِ النَّهَارُ ط

روشنی کی رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما —

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوۡلٰنَا

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اور

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍۢ بِعَدَدِ

آپ کی آلؑ پر بشمار (ان نفوس) کے جنہوں نے حضور اقدس

مَنۡ صَلّٰی عَلَيۡهِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ

پر درود بھیجا رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما۔ الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ

عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوۡلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اور آپؐ کی آلؑ پر بشمار (نفوس) کے

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍۢ بِعَدَدِ مَنۡ لَّمۡ یُصَلِّ

رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما جنہوں نے حضور پر درود نہیں

عَلَيۡهِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمۡ عَلٰی سَیِّدِنَا

بھیجا الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر

وَمَوۡلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

آپ کی آل پر اس قدر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرما

بِعَدَدِ اَنْفَاسِ الْخَلَائِقِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

جس قدر کہ مخلوق نے سانس لی الٰہی ہمارے

وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ

آقا و مولیٰ محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اور آپؐ کی آل پر

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ نُجُوْمِ

آسمان کے ستارے کے برابر رحمتِ کاملہ اور سلامتی

السَّمٰوٰتِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

نازل فرما۔ الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلے اللہ علیہ

سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

وسلم پر اور آپؐ کی آلؑ پر دُنیا اور آخرت

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ شَیْءٍ فِی

کی ہر چیز کے برابر رحمت کاملہ

الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ ط صَلَوٰتُ اللّٰهِ تَعَالٰی

اور سلامتی نازل فرما خدائے برتر کی رحمتیں

وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَاَنْبِیَآئِهٖ وَرُسُلِهٖ وَ

اور اس کے فرشتوں، نبیوں رسولوں اور

جَمِیْعِ الْخَلَائِقِ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ

تمام مخلوقات کا درود رسولوں کے سردار

وَاِمَامِ الْمُتَّقِیْنَ وَقَائِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِیْنَ

پرہیزگاروں کے پیشوا درخشاں پیشانی والوں کے راہنما

وَشَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

اور گنہگاروں کی شفاعت کرنے والے (یعنی) ہمارے آقا و مولیٰ

وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّیَّتِهٖ

محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی آل، آپ کے اصحاب، ازواج

وَاَھْلِ بَیْتِهٖ وَاَھْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِیْنَ

مطہرات، اولاد اور اہل بیت پر اور تیرے تمام اطاعت شعاروں

مِنْ اَھْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِیْنَ بِرَحْمَتِكَ

پر، جو آسمانوں اور زمینوں پر رہتے ہیں اے رحم کرنے والوں

یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَیَا اَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ

میں سب سے زیادہ رحم کرنے والے اور اے کرم کرنے والوں میں

وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

سب سے زیادہ کرم کرنے والے اپنی رحمت سے میری یہ التجا قبول فرما حق تعالیٰ

وَّاٰلِہٖ وَاَصۡحٰبِہٖ اَجۡمَعِیۡنَ وَسَلَّمَ

ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اور آپؐ کی آلؓ پر اور تمام

تَسۡلِیۡمًا دَآئِمًا اَبَدًا کَثِیۡرًا کَثِیۡرًا ط

صحابہ پر ہمیشہ ہمیشہ رحمت و سلامتی نازل فرما اور ہر قسم کی حمد و ثنا حق تعالیٰ

وَالۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ط

ہی کے لیے ہے جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔

درُودِ استغاثہ

دلی مراد کے لیے اور فراخی رزق کے لیے اور آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی محبّت کے لیے اکسیر ہے۔

① صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الۡاُمِّیِّ وَ

اٰلِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَسَلَّمَ صَلٰوۃً

وَّسَلَامًا عَلَیۡکَ یَا رَسُوۡلَ اللّٰہِ

قَلَّتْ حِیْلَتِیْ اَنْتَ وَسِیْلَتِیْ اَدْرِکْنِیْ

یَاسَیِّدِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ط

۲ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ

اَدْرِکْنِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ ط

۳ اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا

سَیِّدِیْ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ قَلَّتْ حِیْلَتِیْ

اَدْرِکْنِیْ ط

درُود شریف ہزارہ

طالبان روحانیت کے لیے یہ درُود ہزارہ محبُوب ترین درُود شریف ہے طالب کے لیے روحانی منازل طے کرنے میں آسانی ہو جاتی ہے اور حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوتا ہے درُود ہزارہ تہجّد کی نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ پڑھنا دین و دنیا کی دولت سے مالا مال ہو گا۔ ہر مشکل میں آسانی۔ وسعت رزق، قرضہ کی ادائیگی ہو گی۔ جمعہ کے روز ایک ہزار بار پڑھنے والا جنت میں داخل ہو گا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

اے اللہ درود بھیج محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اور آپؐ کی آلؑ کے اُوپر

مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفِ

ہر ایک ذرّہ کے عوض دس کروڑ بار

اَلْفِ مَرَّۃٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ ط

اور برکت دے اور سلام بھیج

درود روحی

قبرستان میں زیادہ تر پڑھا جاتا ہے۔ اس وجہ سے اس کی برکت سے روحوں کو نجات ملتی ہے اور اس کی برکت سے قیامت تک روحوں کو آرام ملتا رہتا ہے۔ جتنا زیادہ پڑھا جائے اتنا زیادہ ثواب ہو گا۔ یہاں تک کہ اس کا ثواب ماں باپ کی روح کو بخشنے کا ایسا ثواب ہے گویا تمام عمر کے ان کے حقوق ادا کر دیئے۔ انہیں اس سے اتنا درجہ ملتا ہے کہ فرشتے بھی زیارت کو آتے ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَّا دَامَتِ

اے اللہ درود بھیج محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر جب تک نماز باقی ہے

الصَّلٰوۃُ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَّا دَامَتِ

اور درود بھیج محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر جب تک

الرَّحْمَةُ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَتِ

رحمت باقی ہے اور درود بھیج اوپر محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر جب تک

الْبَرَكَاتُ وَصَلِّ عَلٰى رُوْحِ مُحَمَّدٍ

برکتیں ہیں اور درود بھیج محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی رُوح

فِى الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ عَلٰى صُوْرَةِ

پر درمیان روحوں کے اور درود بھیج اوپر صُورت

مُحَمَّدٍ فِى الصُّوَرِ وَصَلِّ عَلٰى اِسْمِ

محمد صلے اللہ علیہ وسلم صورتوں کے اور درود بھیج اوپر نام محمد

مُحَمَّدٍ فِى الْاَسْمَآءِ وَصَلِّ عَلٰى نَفْسِ

صلے اللہ علیہ وسلم کے اور درود بھیج اوپر نفس

مُحَمَّدٍ فِى النُّفُوْسِ وَصَلِّ عَلٰى

محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے درمیان نفس کے اور درود بھیج اوپر

قَلْبِ مُحَمَّدٍ فِى الْقُلُوْبِ وَصَلِّ

قلب محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے درمیان دلوں کے اور درود

عَلٰى قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِى الْقُبُوْرِ وَصَلِّ

بھیج اوپر قبر محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے درمیان قبروں کے

عَلٰی رَوْضَةِ مُحَمَّدٍ فِی الرِّیَاضِ

اور درود بھیج اوپر روضہ محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے درمیان روضوں کے

وَصَلِّ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ

اور درود بھیج اوپر جسم محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے درمیان جسموں

وَصَلِّ عَلٰی تُرْبَةِ مُحَمَّدٍ فِی التُّرَابِ

کے اور درود بھیج اوپر تربت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے درمیان

وَصَلِّ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

خاک اور درود بھیج اوپر اپنی مخلوق کے بہترین (فرد) ہمارے سردار

وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اوپر ان کے اولاد کے اور ان کے اصحاب اور ان کی ازواج

ذُرِّیَّاتِهٖ وَاَهْلِ بَیْتِهٖ وَاَحْبَابِهٖ

پر اور ان کی ذریات پر اور ان کے اہل بیت پر اور ان کے تمام احباب

اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ

پر اور درود نازل کر اپنی رحمت کے ساتھ اے سب سے

الرَّاحِمِیْنَ ○

زیادہ رحم کرنے والے

دوامی درود شریف

اس درود شریف کے پڑھنے کا اتنا ثواب ہے جیسا ایک شخص نے پوری دلائل الخیرات کا ورد کیا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آ

یا اللہ ہمارے سردار محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج آپ کی

لِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِیۡ

آل کے پر اس تعداد کے مطابق جو

عِلۡمِ اللّٰہِ صَلٰوۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِ

تیرے علم میں ہے ایسا درود جو اللہ تعالے کے دائمی

مُلۡکِ اللّٰہِ

ملک کے ساتھ دوامی ہے

درود تنجینا

شرح دلائل الخیرات کے مؤلف لکھتے ہیں کہ جسے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کا شوق ہو وہ خاص نیت سے یہ درود شریف پڑھے اور نماز عشاء کے بعد ایک ہزار بار پڑھے انشاء اللہ تعالےٰ چالیس دن کے اندر اندر ہی زیارت سے مشرف ہو گا۔ صبح شام دس دس مرتبہ پڑھے اللہ تعالےٰ راضی ہو گا۔ ہر قسم کی تکلیف سے محفوظ رہے۔ اس درود شریف کے بے پناہ فوائد ہیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اور

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا

ہمارے سردار محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی آلؑ پر ایسی رحمت و برکت نازل

بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ

فرما جس سے ہمیں تمام ڈر خوف اور آفتوں سے

وَتَقْضِیْ لَنَا بِهَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ

نجات ہو جائے اور جس کی برکت سے ہماری تمام حاجتیں روا

وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ

ہو جائیں اور جس کی بدولت ہم تمام گناہوں سے پاک وصاف ہو

وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ اَعْلَى الدَّرَجَاتِ

جائیں اور جس کے وسیلہ سے ہم تیری بارگاہ میں اعلیٰ درجوں پر

وَتُبَلِّغُنَا بِهَا اَقْصَى الْغَایَاتِ مِنْ

متمکن اور جس کے ذریعے ہم زندگانی کی تمام نیکیوں اور مرنے کے

جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوةِ وَبَعْدَ

بعد کی تمام اچھائیوں سے بدرجہ غایت فائدہ حاصل

الْمَمَاتِ اِنَّكَ مُجِیْبُ الدَّعَوَاتِ وَ

کریں خدائے پاک بتحقیق آپ ہماری دعاؤں کے قبول فرمانے

رَافِعُ الدَّرَجَاتِ وَیَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ

والے ہیں اور ہمارے درجات کو بلند کرنے والے اور ہماری حاجتوں

وَیَا كَافِیَ الْمُهِمَّاتِ وَیَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ

کو بر لانے والے اور ہماری بلاؤں کو رفع کرنے والے اور ہماری سخت

وَیَا حَلَّ الْمُشْکِلَاتِ اَغِثْنِیْ اَغِثْنِیْ

مشکلات کے حل کرنے والے میری فریاد کو پہنچیں اور اسے اپنے حضور

اَغِثْنِیْ یَا اِلٰھِیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ

تک رسائی دیں میری عرض قبول فرمائیں الٰہی بتحقیق تو ہی ہر چیز پر

شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○

قدرت والا ہے

درُود قرآنی

درُود قرآنی کے بے شمار فوائد ہیں لیکن مختصراً درج ہیں اس کے پڑھنے سے رحمتِ ربّی کا بادل فوراً آجاتا ہے اور رحمت برسانا شروع کر دیتا ہے اس کے پڑھنے سے حضُور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زبردست محبّت نصیب ہوتی ہے اس کو ایک مرتبہ پڑھنے سے ملائک آسمان پر اور آدمی زمین پر اگر رحمت کو جمع کرے تو ناممکن ہے کہ ایک حصّہ بھی جمع کر سکے۔ یہ درُود شریف پڑھنے سے بڑے زبردست فوائد حاصل ہوتے ہیں۔ اس کو تین مرتبہ صبح اور تین مرتبہ شام پڑھنے سے زبردست دینی و دنیوی کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ

اے اللہ درود بھیج اوپر محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے اور ان کی

اَصۡحَابِہٖ بِعَدَدِ مَا فِیۡ جَمِیۡعِ

آل پر اور ان کے دوستوں پر مطابق قرآن کے حروف کی تعداد کے

الۡقُرۡاٰنِ حَرۡفًا حَرۡفًا وَّ بِعَدَدِ کُلِّ

اور ہر ہر حرف کے بدلے ایک ایک ہزار کے

حَرۡفٍ اَلۡفًا اَلۡفًا ط

عدد کے مطابق

دُرودِ ناریہ

یہ ایسا دُرود شریف ہے جس کے فوائد لکھنا ناممکن ہے۔ یہ دُرود ایک ایسا راز ہے جس کو عارفوں اور خاص الخاص ولیوں کے سوا کوئی بھی سمجھ نہ سکا۔ اس میں بے شمار خاص فوائد ہیں جن کو اگر لکھا جائے تو دُنیا کی سیاہی اور کاغذ ختم ہو جائیں۔ سب سے زیادہ اس دُرود

شریف کا فائدہ یہ ہے کہ جب بھی رنج وملال ہو یا کوئی مصیبت آجائے تو فوراً اس کو پڑھا جائے۔ انشاء اللہ تعالےٰ تمام مصیبتیں منٹوں میں ختم ہو جائیں گی۔ اندھیرا اُجالے میں بدل جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اَللّٰھُمَّ صَلِّ صَلٰوۃً کَامِلَۃً وَّسَلِّمْ

اے اللہ تو درود نازل کر ایسا درود جو کامل ہو اور سلام

سَلَامًا تَآمًّا عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

بھیج ایسا سلام ہو جو مکمل ہو اوپر ہمارے سردار اور ہمارے

مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ تَنْحَلُّ بِہِ الْعُقَدُ

آقا محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے جن کے ذریعے سے مشکلیں حل ہوتی ہیں

وَتَنْفَرِجُ بِہِ الْکُرَبُ وَتُقْضٰی

اور پریشانیاں رفع ہوتی ہیں اور ضرورتیں پوری ہوتی ہیں

بِهِ الْحَوَائِجُ وَتُنَالُ بِهِ الرَّغَائِبُ

اور مقاصد حاصل ہوتے ہیں اور خاتمہ

وَحُسْنُ الْخَوَاتِمِ وَيُسْتَسْقَى الْغَمَامُ

بخیر ہوتا ہے اور بادل آپ کے معزز چہرہ کو

بِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ

دیکھ کر سیراب ہوتا ہے اور درود بھیج آپ کی اولاد پر

فِىْ كُلِّ لَمْحَةٍ وَّنَفَسٍ بِعَدَدِ كُلِّ

اور آپ کے دوستوں پر ہر لمحہ اور ہر نفس میں مطابق اپنی معلومات

مَعْلُوْمٍ لَّكَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ ط

کے شمار کے اے اللہ اے اللہ اے اللہ

درودِ قلبی

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کی ہر دعا قبول ہو اور ہر ایک حاجت اس کی مرضی کے مطابق پوری ہو تو اس کے لیے یہ لاجواب درود ہے اس کو چاہیے کہ ہر دعا میں اس کو پڑھے۔ انشاء اللہ اس درود

شریف کی برکت سے اس کی ہر دعا قبول ہوگی۔

دُرودِ قلبی اللہ تعالےٰ عزاسمہٗ کے فضل وکرم سے قلب کو منوّر کرتا ہے اور کامیابی دیتا ہے۔ خاص طور پر جب بھی دُعائیں پڑھے گا اللہ تعالےٰ ضرور دُعا قبول کرتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

یا الٰہی درود بھیج اُوپر ہمارے سردار ہمارے

رَاحَةِ قُلُوْبِنَا وَشَفِیْعِ ذُنُوْبِنَا وَطَبِیْبِ

دلوں کی راحت پر اور ہمارے شفیع

ظَاھِرِنَا وَبَاطِنِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ

اور ہمیں ظاہر اور باطن میں پاکیزہ کرنے والے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ

وَاَصْحَابِہٖ وَاَوْلِیَاءِ اُمَّتِہٖ اَجْمَعِیْنَ

اور صحابہ اور اولیاء امت پر یوم

اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ ط (روزانہ پڑھیں)

قیامت تک رحمت نازل فرما۔

درودِ اوّل

درودِ اوّل اللہ تعالےٰ نے سب سے زیادہ مقرب بنایا ہے۔ اس درود شریف کو پڑھنے والا محروم نہ ہوگا۔ اس کا وِرد کرنے والا اعلانیہ یہ کہہ سکتا ہے کہ "ناکامیابی نیست" درود معرفت کے خزانے کھلنے کی کنجی ہے جو شخص اس درود کو روزانہ کثرت سے پڑھے اس پر بہت جلد روحانی و باطنی اسرار کے کھلنے کا سلسلہ شروع ہو جائے گا۔ اور بجلی سے تیز دعا کو قبول کرنے والا درود شریف ہے۔ بیماری سے نجات مل جاتی ہے۔ اس کے پڑھنے سے جھوٹ کی عادت چھوٹ جاتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ

اے اللہ درود بھیج اوپر ہمارے سردار محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے جو تیرے

اَنْبِیَآئِكَ وَاَکْرَمِ اَصْفِیَآئِكَ مِنْ

نبیوں میں افضل ہیں اور تیرے برگزیدہ بندوں میں سب سے زیادہ

نُوْرِهٖ جَمِیْعِ الْاَنْوَارِ وَصَاحِبِ

بزرگ ہیں جن کے نور سے تمام نور ظاہر ہوئے ہیں اور وہ

الْمُعْجِزَاتِ وَصَاحِبِ الْمَقَامِ

معجزات والے ہیں اور مقام محمود والے

الْمَحْمُوْدِ سَیِّدِ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ ؕ

ہیں اور اوّلین اور آخرین (سب) کے سردار ہیں

درود اول ایک ایسا علاج ہے جس کا ثانی نہیں۔ جس کی کوئی برابری کرنے والا نہیں۔ اللہ تعالےٰ نے اس درود شریف کو اپنے محبوب محمد صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ محبت رکھنے والوں کے لیے بنایا ہے۔ یہاں بھی یہ درود اللہ تعالےٰ کے حکم سے لکھا گیا ہے۔ ورنہ اس سے پہلے کسی کو اس درود کا پتہ نہ تھا۔ بڑا بابرکت درود شریف ہے۔ اس درود شریف کو کم از کم ۳۱۳ مرتبہ پڑھنے سے جو چاہے وہ مل سکتا ہے۔ کوئی بھی جائز سوال انشاء اللہ تعالےٰ رد نہ ہوگا۔ دعا واپس نہیں۔ اللہ تعالےٰ اس کے پڑھنے والوں کو بہت اونچا مقام عطا فرماتا ہے۔

فرمایا حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ زیادہ درُود مجھ پر پڑھا کرو کیونکہ سب سے پہلے قبر میں تم سے میرے ہی بارے میں سوال ہو گا۔ (معراج النبوّت صفحہ ۱۴۳)

درُودِ نوُر

سُبحان اللہ یہ درُود کیا ہے ایک اسم اعظم ہے۔ خداوند تعالےٰ نے اپنے جبیب صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے اپنے جبیب پر یہ درُود خود اس دنیا میں ظاہر کیا ہے۔ اگر کوئی نیک دل ولی اللہ یا عارف باللہ بننا چاہے تو اس کو پڑھے جمعہ کے دن کم ازکم ایک مرتبہ تو ضرور پڑھنا چاہیئے۔ اس درُود کو پڑھنے سے انشاء اللہ تعالےٰ دل میں نوُر پیدا ہو گا۔ جب اس کے پڑھنے کی عادت ہو جاتی ہے تو اسرارِ الٰہی کھلنے کے بعد اس آدمی کا کیا مرتبہ ہو گا وہ ہر کوئی جانتا ہے

یہ درُود نوُر کا نوُر ہے اس کے ایک ایک لفظ میں نوُر کے سمندر سمائے ہوئے ہیں۔ صرف اس جگہ اتنا لکھنا کافی ہو گا کہ اس کی بدولت اللہ تعالےٰ اگر چاہے تو ایک ہی دن میں غوث اور قطب اور ابدال بنا دے۔ اس درُود شریف کو پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ

اس دنیا اور اس دنیا کے بیچ کا پردہ اٹھ جاتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُّوْرِ

اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جو نوروں

الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَسَيِّدِ الْاَبْرَارِ ط

کا نور ہے جو اسراروں کا سر ہے اور جو ابراروں کا سردار ہے

درودِ طیّب

اس درود شریف میں بہت سے راز ہیں جو پڑھنے سے کھلیں گے یہ بہترین درود ہے اگر انسان گناہوں سے چمٹا رہے اور ہر طرف سے ناکامی اور شرمندگی کا احساس ہو اور اس کا دل خود بخود گواہی دے کر ساری زندگی گناہوں میں گذری۔ اب آخری زندگی میں کیا خاک مسلمان ہوں گا۔ اگر اس کا اپنا دل کہہ رہا ہے کہ اب سزا کے لیے تیار ہو جا کسی چیز سے اس کو کوئی فائدہ اور کسی عالم، فقیر، عامل سے اس کو فیض نہیں پہنچتا تو وہ اس کو پڑھے۔

کم از کم دن میں ۳۱۳ مرتبہ ضرور پڑھا جائے اس میں حاضر کا صیغہ ہے بڑا زبردست درُود شریف ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ يَا شَفِيْعَ الْمُذْنِبِيْنَ

اللہ کی صلوٰۃ ہو آپ پر اے گنہگاروں کی شفاعت کرنے والے ہمارے

سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا اَحْمَدِ مُجْتَبٰى

سردار اور آقا و مولا احمد مجتبیٰ

مُحَمَّدِ مُصْطَفٰى وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل پر اور آپ کے صحابہ

وَاَزْوَاجِهٖ وَاَحْبَابِهٖ وَذُرِّيَّاتِهٖ

اور آپ کی ازواج اور آپ کے احباب پر اور آپ کے رشتہ دار پر

وَاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَهْلِ طَاعَتِكَ

اور آپ کے اہلبیت پر اور تمام آپ کی اطاعت کرنے والوں پر

اَجْمَعِیْنَ ط

سلام ہو

دَرُوْدِ کَوْثَر

جس کو تمنا ہو کہ ساقی کوثر صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے حوض کوثر سے حسب خواہش ساغر ملے تو اس کو چاہیئے کہ درُود شریف کا کثرت سے وِرد کرے نہ فقط یہ بلکہ اس کو انشاء اللہ تعالےٰ قیامت کے دن پیاس کی شدّت نہیں ستائے گی۔ یہ درُود شریف ایک مجرّب دوا بھی ہے۔ اگر آدمی چاہے کہ گرمی کی تکلیف اور ملال قیامت میں نہ ستائے تو کثرت سے اس درُود شریف کو پڑھے۔

حضرت حسن بصری رضی اللہ تعالےٰ عنہ جو اپنے وقت کے زبردست ولی اللہ گزرے ہیں جن سے خود اللہ تعالیٰ بہت راضی تھا اور جن کے حضرت حبیب عجمی جیسے بزرگ شاگرد اور مُرید تھے۔ انھوں نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی انسان یہ تمنا رکھتا ہے کہ خدا کا قرب حاصل ہو تو وہ درُود کوثر کو پڑھا کرے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ درُود بھیج ہمارے سردار محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر

فِى الۡاَوَّلِيۡنَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

اولین میں اور درُود بھیج ہمارے سردار

مُحَمَّدٍ فِى الۡاٰخِرِيۡنَ وَصَلِّ عَلٰى

محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر آخرین میں اور درُود بھیج ہمارے

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى النَّبِيِّيۡنَ وَ

سردار محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر نبیوں میں اور

صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى

درُود بھیج ہمارے سردار محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر

الۡمُرۡسَلِيۡنَ وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

مرسلین میں اور درُود بھیج ہمارے سردار

مُحَمَّدٍ فِى الۡمَلَاِ الۡاَعۡلٰى اِلٰى يَوۡمِ الدِّيۡنِ

محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر ملأ اعلیٰ میں قیامت کے دن تک

درودِ اعلیٰ

کہتے ہیں کہ امام شافعی رحمۃ اللہ تعالےٰ علیہ نے ایک بزرگ کو خواب میں دیکھا اور فرمایا اللہ تعالےٰ نے تم سے کیا معاملہ فرمایا؟ جواب دیا کہ مجھ کو بخش دیا اور اعلیٰ سے اعلیٰ مرتبہ دیا. سب سے بڑی چیز تو یہ کہ میرا کوئی حساب کتاب نہ ہوا۔ امام صاحبؒ نے فرمایا یہ کیوں؟ اس نے جواب دیا کہ یہ درود شریف جو میں پڑھتا تھا اس کی برکت ہے۔

جو شخص اسے ہمیشہ ورد رکھے گا تو تمام مخلوق سے ممتاز ہو کر رہے۔ بدامنی، راہ زنی، خوف، حادثات، چوری وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔ واقعی اعلیٰ مرتبہ کا یہ درود شریف اس دنیا میں اللہ تعالےٰ نے انسانوں پر احسان کر کے عطا فرمایا ہے خدا توفیق دے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا

درود بھیج ہمارے سردار محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر جیسا کہ

یَنۡبَغِی الصَّلٰوۃُ عَلَیۡہِ ط

درود بھیجنے کا حق ہے ان پر

درُود شافعی

احیاء العلوم میں مذکور ہے کہ ایک بزرگ ابوالحسن شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے خواب میں حضورِ انور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی سعادت حاصل کی اور عرض کیا کہ یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم امام شافعیؒ کو آپ کی بارگاہ سے کیا انعام ملا؟ ——— انہوں نے اپنی کتاب الرسالت میں یہ درُود شریف لکھا ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ

الٰہی محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر تمام ذکر کرنے

الذَّاکِرُوۡنَ وَغَفَلَ عَنۡ

والوں کے ذکر جتنا اور ذکر سے غافل رہنے والے

ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ ط

کے	برابر	درود	بھیج

حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ان کو ہماری جانب سے یہ انعام دیا گیا ہے کہ بروز قیامت ان کو بلا حساب جنت میں داخل کیا جاوے گا۔ (سبحان اللہ)

دُرودِ غوثیہ

یہ وہ دُرود پاک ہے جس پر حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالےٰ عنہ نے اپنے اوراد وظائف کو ختم کیا ہے۔ "مطلع المسرات" میں مذکور ہے کہ اکابر اولیاء کرام ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص روزانہ صبح وشام اس درود شریف کو دس بار پڑھے گا تو پڑھتے ہی اللہ تعالےٰ اس کو اپنی بارگاہ میں قرب وحضوری عطا فرمائے گا۔ اور اس آدمی پر رحمتوں کا نزول اس قدر ہو گا کہ جس کا کوئی حساب نہ ہو گا۔ اللہ تعالےٰ اس کو ہر بدی سے محفوظ رکھے گا اور ہر مسئلہ جلد آسان ہو گا اور ہر مشکل غیب سے آسان ہو جائے گی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

اے اللہ دُرُود بھیج ہمارے سردار حضرت محمد صلے اللہ علیہ

السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ وَرَحْمَةٍ

وسلم پر جن کا نور ساری مخلوق سے پہلے پیدا ہو

لِّلْعَالَمِيْنَ ظُهُوْرُهٗ عَدَدَ مَنْ

اور ان کا ظہور تمام کائنات کے لیے رحمت ٹھہرا شمار

مَّضٰى مِنْ خَلْقِكَ وَ مَنْ بَقِيَ

میں تمام اگلی اور پچھلی تیری مخلوق کے برابر اور ہر ایک نیک بخت

وَمَنْ سَعِدَ مِنْهُمْ وَمَنْ شَقِيَ

اور بد بخت کی گنتی کے برابر ایسا درود جو

صَلٰوةً تَسْتَغْرِقُ الْعَدَّ وَتُحِيْطُ

شمار میں نہ آسکے اور تمام حدود کا احاطہ کرے جس

بِهٖ اَلْحَدَّ صَلٰوۃً لَّا غَایَۃَ لَھَا وَ

درود کی نہ کوئی غایت ہو اور نہ انتہی اور

لَا مُنْتَھٰی وَلَا انْقِضَآءَ صَلٰوۃً

نہ اختتام ایسا درود جو

دَآئِمَۃً بِدَوَامِكَ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَ

ہمیشہ رہے تیرے دوام کے ساتھ اور ان کی اولاد

صَحْبِہٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا مِّثْلَ ذٰلِكَ

اور اصحاب پر اور اسی طرح ان پر خوب سلام نازل فرما

درود غوثیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا

اے اللہ ہمارے سردار و آقا مولیٰ حضرت

مُحَمَّدٍ مَّعْدَنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم جو جود و کرم کا خزینہ

وَعَلٰی اٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ ط

ہیں اور ان کی آل پر درود برکت اور سلام بھیج

درود محمدی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

یہ ایک ایسا درود شریف ہے جو ہر کام کے لیے ایک عجیب طاقت ہے۔ درود محمدی کے راز کو اب تک کوئی نہیں جان سکا۔

حضور پُرنور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اُمت پر ایک نہیں، کروڑوں احسانات ہیں۔ بلکہ اس سے بھی زیادہ یہ کہ ہم بدکار گنہگار اور غافل ہوکر سُستی اور کاہلی کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔ مگر حضورِ پُرنور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم ہر وقت درگاہِ ایزدی میں اپنی گنہگار اُمت کے بخشوانے کے لیے کوشاں ہیں — یہ دن میں ایک بار بھی یہ درود شریف پڑھ لیں، تو اللہ تعالےٰ کا وعدہ ہے کہ وہ دس مرتبہ پڑھنے والے پر رحمتیں نازل فرمائے گا۔ اس کے دس گناہ معاف فرمائے گا اور دس نیکیاں دے گا۔ ساتھ ساتھ اس کے دس درجات بلند فرمائے گا۔

آج تک اللہ تعالےٰ کے سوا کسی کو طاقت نہیں کہ اس درود شریف کے فوائد یا فضائل بیان کر سکے بلکہ اس درود شریف کو عارفانِ وقت نے "درود اعظم" کہہ کر پکارا ہے"

درودِ محمدی اللہ تعالےٰ کی بندوں پر نعمت ہے۔ اس درود شریف سے فائدہ اٹھایئے۔ اور اپنے گناہ بخشوا لیئے۔

درود محمدی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم

عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ

اور حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی آلؑ پر جو ہیں بندے

وَرَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ بِعَدَدِ

رسول نبی اُمّی اس مقدار میں کہ تعداد

اَنْفَاسِ الْخَلَائِقِ صَلٰوۃً دَائِمَۃً

ہو اتنی جتنی مخلوق سانس لیتی ہے درود اتنا جب

بِدَوَامِ خَلْقِ اللّٰہِ ط

تک قائم رہے اللہ کی مخلوق

محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت کا نسخہ

(۱) جذب القلوب میں ہے کہ جو شخص پاکی اور طہارت کے ساتھ اس درود شریف کو کم از کم ۳۱۳ مرتبہ پڑھا کرے گا حق تعالےٰ خواب میں حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت پاک سے مشرف فرمائے گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلِّمْ کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَہٗ ط

(۲) مفاخر الاسلام میں ہے کہ جو کوئی جمعہ کے روز ہزار بار یہ درود شریف پڑھے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ ن النَّبِیِّ

الاُمِّیِّ

تو حضور سرورِ کونین صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی زیارت پاک سے مشرف ہوگا۔ یا جنت میں اپنی جگہ دیکھ لے گا۔ کم از کم پانچ جمعہ تک یہ عمل کرے

۳ جامع التفاسیر میں ہے کہ جو کوئی جمعہ کی شب کو دو رکعت نفل پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ (الحمد شریف) کے بعد گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی اور گیارہ بار قل ھو اللہ احد پڑھے اور بعد از سلام سو بار یہ درود شریف پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ

الْاُمِّیِّ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ

تو انشاء اللہ تعالےٰ تین جمعوں تک حضور پُرنور صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت پاک سے مشرف ہوگا۔

۴ جمعہ کی شب کو دو رکعت نماز ادا کرے۔ ہر رکعت میں الحمد

شریف کے بعد ۲۵ مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھے اور سلام کے بعد ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھے۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ۔

پانچ جمعوں کے اندر اندر انشاء اللہ تعالےٰ زیارت حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نصیب ہو جائے گی۔

درود رضویہ

اعلیحضرت امام اہلسنت شاہ احمد رضا بریلوی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ درود شریف ترتیب دیا ہے اس کی خوبی یہ ہے کہ تین مختصر درودوں کو یکجا کر دیا گیا ہے۔ لہٰذا جو شخص ایک مرتبہ یہ درود شریف پڑھے گا وہ حقیقتاً تین مرتبہ درود پڑھنے کے ثواب کا حق دار ہو گا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ

اے اللہ اپنے امی نبی پر درود بھیج اور

اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

ان کی آلؑ پر اور اصحابؓ پر اے اللہ سلامتی ہو

وَسَلَّمَ صَلٰوۃً وَّسَلَامًا عَلَیْكَ

اللہ کے رسول آپ پر صلوٰۃ ہو

یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

اور سلام

دُرُودِ شفائے قلوب

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان اور رحم والا ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی

اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر جو

سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ طَبِّ

دلوں کے طبیب اور ان کی دوا ہیں

الْقُلُوْبِ وَدَوَآئِهَا وَعَافِيَةِ

اور جسم کی عافیت اور ان کی شفا

الْاَبْدَانِ وَشِفَآئِهَا وَنُوْرِ الْاَبْصَارِ

ہیں اور آنکھوں کا نور

وَضِيَآئِهَا وَاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ دَآئِمًا

اور ان کی چمک ہیں اور آپ کی آل اور اصحاب پر ہمیشہ

اَبَدًا ط

ابدیت تک درود وسلام بھیج

درود شفا گیارہ بار پڑھ کر جس مریض پر دم کریں شفا ہو۔ پیٹ کے امراض میں پانی پر دم کر کے پلائیں۔ اختناق الرحم، باؤ گولا و دیگر ریاحی امراض، درد دل میں ہیرا ہینگ پر دم کر کے گیہوں برابر ایک چمچہ گرم پانی میں گھول کر مریض کو پلائیں۔ بیہوش مریض کی ناک میں بھی دو قطرے ڈالیں فوراً ہوش آجائے گا۔

درودِ مُقدّس

جو مسلمان خواہ مرد ہو یا عورت اس درود مقدس کو تعظیم و تکریم اور نیک عقیدہ کے ساتھ پڑھے گا اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس کی تمام دینی، اُخروی اور دنیاوی حاجتیں، مقاصد اور مطالب پورے ہوں گے۔
اس درود مقدس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ خوب دل لگا کر اللہ تعالیٰ کے لیے وضو کرے، پاک اور صاف کپڑے خوشبو لگا کر پہنے۔ اس کے بعد مسجد میں یا کسی دوسری پاک اور صاف جگہ میں گیارہ بار درود مقدس قبلہ رُخ بیٹھ کر خضوع و خشوع کے ساتھ پڑھے اور اس کا ثواب سرورِ کائنات فخرِ موجودات سرورِ عالم، سیّد الانبیاءؑ رسولِ خدا حضرت احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی رُوح اقدس کو بخشے۔ اس کے بعد جو نیک دُعا ہو اللہ تبارک تعالیٰ سے مانگے اللہ کے فضل سے اس کی دُعا بارگاہِ الٰہی میں مقبول ہوگی۔

درود مقدّس پڑھنے سے پہلے تین بار مع بسم اللہ کے اسے پڑھیں۔ اس کے بعد درود مقدّس پڑھیں۔

(دوسری طرف)

القرآن الحکیم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

لَقَدۡ جَآءَکُمۡ رَسُوۡلٌ مِّنۡ اَنۡفُسِکُمۡ

عَزِیۡزٌ عَلَیۡہِ مَا عَنِتُّمۡ حَرِیۡصٌ

عَلَیۡکُمۡ بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ رَءُوۡفٌ

رَّحِیۡمٌ ○ فَاِنۡ تَوَلَّوۡا فَقُلۡ حَسۡبِیَ

اللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ؕ عَلَیۡہِ تَوَکَّلۡتُ

وَ ہُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ ○

صدق اللّٰہُ العظیمؕ

درودِ مقدّس

بسم اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحیم ○

یَا اِلٰھِی بِحُرمتِ اَقوالِ سَیّدِنا				
یا	الٰہی	بحرمت	اقوال	سردار
مُحمّدٍ وَّاَفعالِ سَیّدِنا مُحمّدٍ وَّ				
محمدؐ	اور	افعال	سردار	محمدؐ	اور
اَحوالِ سَیّدِنا مُحمّدٍ وَّاَصحاب				
احوال	سردار	محمدؐ	اور	اصحاب
سَیّدِنا مُحمّدٍ صَلّی اللهُ عَلَیہِ				
سردار	محمدؐ	صلی	اللہ	علیہ
وَسلّم ط یَا اِلٰھِی بِحُرمتِ بدنِ				
وسلم	یا	الٰہی	بحرمت	بدن

سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ وَّ بَطْنِ سَیِّدِ نَا

سردار محمدؐ اور بطن سردار

مُحَمَّدٍ وَّ بَرَکَتِ سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ وَّ

محمدؐ اور برکت سردار محمدؐ اور

بَیْعَۃِ سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ وَّ بُرَاقِ سَیِّدِ نَا

بیعت سردار محمد اور براق سردار

مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ ط

محمد صلی اللہ علیہ وسلم

یَا اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ تَوَلُّدِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے الٰہی بحرمت تولد سردار محمدؐ

وَّ تَعَبُّدِ سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ وَّ تَھَجُّدِ

اور تعبد سردار محمدؐ اور تہجد

سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ

سردار محمد صلے اللہ علیہ وسلم

یَا اِلٰھِیْ بِحُرْمَۃِ ثَنَاءِ سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ

اے الٰہی بحرمت ثناء سردار محمدؐ

وَثوابِ سَیِّدِنا مُحَمَّدٍ وَّثمالِ

اور ثواب سردار محمدؐ اور ثمال

سَیِّدِنا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللہُ عَلَیہِ وَسَلَّمَؐ

سردار محمد صلے اللہ علیہ وسلم

یَااِلٰھِی بِحُرْمَۃِ جَلَالِ سَیِّدِنَا

اے الٰہی بحرمت جلال سردار

مُحَمَّدٍ وَّجَمالِ سَیِّدِنا مُحَمَّدٍ وَّ

محمدؐ اور جمال سردار محمدؐ اور

جَلِّ سَیِّدِنا مُحَمَّدٍ وَّوُجھَۃِ سَیِّدِنا

جل (شان والا) سردار محمدؐ اور وجھۃ سردار

مُحَمَّدٍ وَّجَعْدِ سَیِّدِنا مُحَمَّدٍ صَلَّی

محمدؐ اور جعد (گیسو) سردار محمد صلے

اللہُ عَلَیہِ وَسَلَّمؐ یَااِلٰھِی بِحُرْمَۃِ

اللہ علیہ وسلم اے الٰہی بحرمت

سَیِّدِنا مُحَمَّدٍ وَّحُسْنِ سَیِّدِنا مُحَمَّدٍ

سردار محمدؐ اور حسن سردار محمدؐ

وَحسناتِ سیّدنا محمّدٍ وحرمۃِ

اور حسنات سردار محمدؐ اور حرمت

سیّدنا محمّدٍ وحالِ سیّدنا محمّدٍ

سردار محمدؐ اور حال سردار محمدؐ

وحلیۃِ سیّدنا محمّدٍ صلّی اللہُ

اور حلیہ سردار محمد صلی اللہ

علیہِ وسلّمْ یا الٰھی بحرمۃِ سیّدنا

علیہ وسلم اے الٰہی بحرمت سردار

محمّدٍ وخلقِ سیّدنا محمّدٍ و

محمدؐ اور خلق سردار محمدؐ اور

خلقِ سیّدنا محمّدٍ وخطبۃِ سیّدنا

خلق سردار محمدؐ اور خطابت سردار

محمّدٍ وخیراتِ سیّدنا محمّدٍ صلّی

محمدؐ اور خیرات سردار محمد صلی

اللہُ علیہِ وسلّمْ یا الٰھی بحرمۃِ

اللہ علیہ وسلم اے الٰہی بحرمت

دِینِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّدِیَانَةِ سَیِّدِنَا

دین سردار محمدؐ اور دیانت سردار

مُحَمَّدٍ وَّدَوْلَةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

محمدؐ اور دولت سردار محمدؐ اور

دَرَجَاتِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّدُعَآءِ

درجات سردار محمدؐ اور دعا

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ

سردار محمد صلے اللہ علیہ وسلم

یَآاِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ ذَاتِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اے الٰہی بحرمت ذات سردار محمدؐ اور

ذِکْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّذَوْقِ سَیِّدِنَا

ذکر سردار محمدؐ اور ذوق سرار

مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ یَآاِلٰهِیْ

محمد صلے اللہ علیہ وسلم اے الٰہی

بِحُرْمَةِ رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّرَاْسِ

بحرمت رُوح سردار محمدؐ اور راس

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّرِزْقِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

سردار محمد اور رزق سردار محمد

وَّرَفِیْقِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّرِضَآءِ سَیِّدِنَا

اور رفیق سردار محمد اور رضاء سردار

مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَآ اِلٰهِیْ

محمد صلے اللہ علیہ وسلم اے الہی

بِحُرْمَةِ زُهْدِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّزَهَادَةِ

بحرمت زہد سردار محمد اور زہادۃ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّزَهْرَةِ سَیِّدِنَا

سردار محمد اور زہرۃ سردار

مُحَمَّدٍ وَّزِیْنَةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی

محمد اور زینت سردار محمد صلے

اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَآ اِلٰهِیْ بِحُرْمَةِ

اللہ علیہ وسلم اے الہی بحرمت

سِیَادَةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّسَعَادَةِ سَیِّدِنَا

سیادت سردار محمد اور سعادت سردار

مُحَمَّدٍ وَّسُنَّةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّسِرِّ

محمدؐ اور سنت سردار محمدؐ اور بھید

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّسَلَامِ سَیِّدِنَا

سردار محمدؐ اور سلام سردار

مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ط

محمد صلی اللہ علیہ وسلم

یَا اِلٰھِی بِحُرْمَۃِ شَرْعِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

یا الٰہی بحرمت شرع سردار محمدؐ

وَّشَرَفِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّشَوْقِ

اور شرف سردار محمدؐ اور شوق

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّشَادِیِ سَیِّدِنَا

سردار محمدؐ اور شاد سردار

مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ط

محمد صلے اللہ علیہ وسلم

یَا اِلٰھِی بِحُرْمَۃِ صِدْقِ سَیِّدِنَا

اے الٰہی بحرمت صدق سردار

مُحَمَّدٍ وَّصَوْمِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

محمد اور صوم سردار محمد اور

صَلٰوَاتِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّصَفَآءِ

صلوٰۃ سردار محمد اور صفار

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سردار محمد صلے اللہ علیہ وسلم

يَآ اِلٰهِىْ بِحُرْمَةِ ضِيَآءِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے الٰہی بحرمت ضیاء سردار محمد

وَّضَمِيْرِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّضَحَآءِ

اور ضمیر سردار محمد اور ضحاء

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّضِيَافِ سَيِّدِنَا

سردار محمد اور ضیافت سردار

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَآ

محمد صلے اللہ علیہ وسلم اے

اِلٰهِىْ بِحُرْمَةِ طَلْعَةِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

الٰہی بحرمت طلعت سردار محمد

وَطَهَارَةِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّطُهْرِ

اور طہارۃ سردار محمدؐ اور طہر

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّطَرِيْقِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

سردار محمدؐ اور طریق سردار محمدؐ

وَطَوَافِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ

اور طواف سردار محمد صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ط يَا اِلٰهِىْ بِحُرْمَةِ ظَاهِرِ

علیہ وسلم اے الہی بحرمت ظاہر

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّظُهْرِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

سردار محمدؐ اور ظہر سردار محمدؐ

وَظِلِّ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّظُهُوْرِ سَيِّدِنَا

اور ظل سردار محمدؐ اور ظہور سردار

مُحَمَّدٍ وَّظَفَرِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى

محمدؐ اور ظفر سردار محمدؐ صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ط يَا اِلٰهِىْ بِحُرْمَةِ

اللہ علیہ وسلم اے الہی بحرمت

عِشْقِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعِرْفَانِ سَیِّدِنَا

عشق سردار محمدؐ اور عرفان سردار

مُحَمَّدٍ وَّعِلْمِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعُلُقِ

محمدؐ اور علم سردار محمدؐ اور علق

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَوْنِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

سردار محمدؐ اور عون سردار محمدؐ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ یَا اِلٰھِیْ

صلے اللہ علیہ وسلم اے الہٰی

بِحُرْمَةِ غُرْبَةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّغَارِ

بحرمت غربت سردار محمدؐ اور غار

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّغَزِیْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

سردار محمدؐ اور عزیز سردار محمدؐ

وَّغَیْرَةِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّغَنِیْمَةِ سَیِّدِنَا

اور غیرت سردار محمدؐ اور غنیمت سردار

مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ یَا اِلٰھِیْ

محمد صلے اللہ علیہ وسلم اے الہٰی

بِحُرْمَةِ قُرْبِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّقَدْرِ

بحرمت قرب سردار محمدؐ اور قدر

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّقَنَاعَةِ وَقُوَّةِ سَيِّدِنَا

سردار محمدؐ اور قناعت اور قوت سردار

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَآ اِلٰهِيْ

محمد صلے اللہ علیہ وسلم اے الٰہی

بِحُرْمَةِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّفَقْرِ سَيِّدِنَا

بحرمت سردار محمدؐ اور فقر سردار

مُحَمَّدٍ وَّفِرَاقِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

محمدؐ اور فراق سردار محمدؐ اور

فَضْلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّفَضِيْلَةِ

فضل سردار محمدؐ اور فضیلت

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سردار محمد صلے اللہ علیہ وسلم

يَآ اِلٰهِيْ بِحُرْمَةِ كَلَامِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے الٰہی بحرمت کلام سردار محمدؐ

وَكَشْفِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّكِيَاسَةِ سَيِّدِنَا

اور کشف سردار محمدؐ اور کیاست سردار

مُحَمَّدٍ وَّكِتَابَةِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّكُنْيَةِ

محمدؐ اور کتابت سردار محمدؐ اور کنیت

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

سردار محمد صلے اللہ علیہ وسلم

يَا اِلٰهِيْ بِحُرْمَةِ لَيْلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے الٰہی بحرمت لیل سردار محمدؐ

وَّلِقَاءِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّلِيَاقَةِ سَيِّدِنَا

اور لقاء سردار محمد اور لیاقت سردار

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اِلٰهِيْ

محمد صلے اللہ علیہ وسلم اے الٰہی

بِحُرْمَةِ مِعْرَاجِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

بحرمت معراج سردار محمدؐ اور

مُجَاهِدَاتِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

مجاہدات سردار محمدؐ اور

مُشَاهِدَاتِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّمُلَاحِظِ

مشاہدات سردار محمد اور ملاحظ

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ مَسَاحَةِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

سردار محمد اور ساخت سردار محمد

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ يَا اِلٰهِيْ بِحُرْمَةِ

صلے اللہ علیہ وسلم اے الٰہی بحرمت

نُوْرِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ نَوَالِ سَيِّدِنَا

نور سردار محمدؐ اور نوال سردار

مُحَمَّدٍ وَّنَصِيْرِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّنَفِيْرِ

محمدؐ اور نصیر سردار محمد اور نفیر

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ

سردار محمد صلے اللہ علیہ وسلم

يَا اِلٰهِيْ بِحُرْمَةِ وَدُوْدِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے الٰہی بحرمت ودود سردار محمدؐ

وَّوَقَاءِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّوُجُوْدِ سَيِّدِنَا

اور وقاء سردار محمدؐ اور وجود سردار

مُحَمَّدٍ وَّ وَدِيْعَةِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى

محمدؐ اور ودلیعت سردار محمد صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ ط يَا اِلٰهِىْ بِحُرْمَةِ

اللہ علیہ وسلم اے الٰہی بحرمت

هِمَّةِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّهِدَايَةِ سَيِّدِنَا

ہمت سردار محمدؐ اور ہدایت سردار

مُحَمَّدٍ وَّهَدِيَةِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى

محمدؐ اور ہدیتہ سردار محمد صلے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ ط يَا اِلٰهِىْ بِحُرْمَةِ

اللہ علیہ وسلم اے الٰہی بحرمت

يُتْمِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّيُسْرِ سَيِّدِنَا

یتم سردار محمدؐ اور یُسر سردار

مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمْ ط لَآ

محمد صلے اللہ علیہ وسلم نہیں

اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

ہے کوئی معبود مگر اللہ محمد اللہ کے رسُول ہیں صلی

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ

اللہ علیہ اور آلُ آپکی اور صحابہؓ پر سلام ہو

بِعَدَدِ مَا ھُوَ الْمَکْتُوْبُ فِی اللَّوْحِ وَ

بعدد اس تعداد کے مطابق جو لوح و

الْقَلَمِ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ وَّلَیْلَۃٍ وَّسَاعَۃٍ

قلم میں لکھی ہوئی ہے ہر دن اور رات اور ہر ساعت

وَّنَفَسٍ وَّمِحْیَا اَلْفَ اَلْفَ مِئَۃِ اَلْفَ

اور سانس میں اور دس کروڑ مرتبہ یوم

مَرَّۃٍ اِلٰی یَوْمِ الْعِلْمِ اَلَآ اِنَّ اَوْلِیَآءَ

علم یعنی قیامت تک آگاہ ہو کہ اللہ تعالےٰ کے

اللّٰہِ لَاخَوْفٌ عَلَیْھِمْ وَلَا ھُمْ یَحْزَنُوْنَ ○

دوستوں پر نہ تو کوئی خوف طاری ہوگا اور نہ ہی وہ غمزدہ

بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ ○

ہوں گے ۔ تیری رحمت کے ساتھ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

درودِ خضری

یہ درود شریف الفاظ کے لحاظ سے بہت مختصر ہے لیکن معنی کے لحاظ سے بہت جامع ہے یہ اولیاءِ اکرام کا اکثر معمول ہے۔ سکون قلب کی دولت سے مالا مال جاتا ہے۔ یہ درود شریف نقشبندیہ سلسلہ کا معمول ہے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَ

اے اللہ اپنے حبیب صلے اللہ علیہ وسلم اور آپ کی آل اور

اَصْحَابِهٖ وَسَلَّمْ ؕ

ان کے اصحاب پر سلام اور درود بھیج

درود نعمت عظمیٰ

اس درود شریف کے پڑھنے سے انسان کے گناہ مٹ جاتے ہیں اور دِلی خواہشات پوری ہوتی ہیں قلب و رُوح کو تروتازگی ملتی ہے۔ دِلی حاجات پوری ہوتی ہیں۔ اس درود شریف کو ہر نماز کے بعد ایک بار ضرور پڑھیے فیوض و برکات کی نعمتوں سے مالا مال ہو گے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آ

اے اللہ ہمارے سردار حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم اور سردار

لِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اَصْحَابِ

محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی آل پر اور سیدنا محمد صلے اللہ علیہ وسلم

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ ط

کے صحابہ پر درود برکت اور سلام بھیج

درود امام بوصیری رض

یہ درود امام بوصیری کے قصیدہ بردہ شریف کا نچوڑ ہے۔ بے پناہ دینی و دنیوی فوائد ہیں اس کے پڑھنے والے کی دس نیکیاں لکھ دیتا ہے اس کے دس درجے بلند کر دیتا ہے اور دس گناہ مٹا دیتا ہے۔

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا

اے میرے مولا تو اپنے حبیب پر ہمیشہ ہمیشہ درود

عَلٰى حَبِيْبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

سلام بھیج جو تیری مخلوق میں سب سے بہتر ہیں

یَارَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا

اے پروردگار تو اپنے حبیب لبیب پر ہمیشہ ہمیشہ درود و سلام

عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّهِمِ

بھیج جو تیری مخلوق میں سب سے اچھے ہیں

درود مُستجاب الدّعوات

یہ درود تنگ دستی اور مفلسی دُور کرنے کی نیت سے پڑھے تو اللہ تعالےٰ اُسے اپنے حفظ و امان میں رکھے گا۔ عظیم نعمتوں سے مالا مال فرمائے گا۔ روزانہ کم از کم گیارہ سو دفعہ پڑھا جائے۔ تو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوگا۔ روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھنے سے دینی و دنیوی نعمتوں سے مالا مال ہوگا۔

صَلَّی اللّٰهُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْکَرِیْمِ وَ

اے اللہ اپنے اُمّی کریم نبی پر اور ان کی آل پر اور

عَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمْ ط

ان کے صحابہ پر رحمت اور سلامتی نازل فرما

درودِ مجتبیٰ

یہ درود اکثر تہجد کے وقت ایک ہزار مرتبہ پڑھنے سے دلی مراد پوری ہو گی۔ اور دینی و دنیاوی نعمتوں سے مالا مال ہو گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی حَبِیْبِكَ

اے اللہ درود بھیج اور برکت بھیج اپنے مقبول

الْمُجْتَبٰی وَرَسُوْلِكَ الْمُرْتَضٰی وَعَلٰی

حبیبؐ پر اور اپنے برگزیدہ رسولؐ پر اور آپ

اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط

کی آل پر اور تمام اصحاب پر

درودِ تعلّق

حضور صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ وہ شخص مجھے بہت پسند ہے جو مجھ پر کثرت سے درود شریف پڑھے۔ وہ حضورؐ کی نگاہ پُرانوار کی بدولت ظاہری اور باطنی طور پر پاکیزہ ہو جائے گا۔ اور قیامت کے روز حضورؐ کے ساتھ ہو گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى رَسُوْلِكَ

اے اللہ درود سلام اور برکت بھیج اپنے رسول رحمت العالمین

الْمَبْعُوْثِ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِيْنَ وَعَلٰٓى

پر جو مبعوث کیے گئے اور آپ کی آل

اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ط

اور صحابہ پر بھی

درود کشف

اس درود شریف کے پڑھنے سے باطنی اور پوشیدہ راز کھل جائیں گے اس کو پڑھنے سے اللہ پاک اس پر رحمت کی بارش کر دے گا۔ اور اس کے گناہ معاف کر دے گا۔ اس کے رزق مال و دولت میں خیر و برکت ہو گی۔ اس کا خاتمہ بالایمان ہو گا۔ قیامت کے روز اسے آپ کی شفاعت نصیب ہو گی۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى نَبِيِّ الرَّحْمَةِ شَفِيْعِ

اے اللہ اپنے نبی رحمت کی شفاعت کرنے والے

الْاُمَّةِ كَاشِفِ الْغُمَّةِ وَعَلٰٓى اٰلِهٖ وَ

اور پوشیدہ بھیدوں کے کھولنے والے پر اور ان کی آل اور

اَصْحَابِہٖ وَ بَارِكْ وَسَلِّمْ ط

اصحاب پر درُود برکت اور سلام بھیج

درُود حل المشکلات

یہ درُود شریف تمام مشکلات کو حل کر دیتا ہے۔ اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے۔ کہ عشاء کی نماز کے بعد دو۲ رکعت نماز نفل پڑھے پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد قل یاَیُّہا الکٰفرون اور دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورہ قل ھو اللہ پڑھیں اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ یہ درُود شریف پڑھ کر دعا کریں قبول و منظور ہو گی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اے اللہ ہمارے سردار محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر درُود و سلام

مُحَمَّدٍ قَدْ ضَاقَتْ حِيْلَتِيْ اَدْرِكْنِيْ

اور برکت بھیج یا رسول اللہ میری سفارش کیجئے میرا حیلہ اور

يَا رَسُوْلَ اللهِ

کوشش تنگ آچکے ہیں

درود عالی

یہ درود شریف آپ کی دینی و دنیاوی حاجات کو پورا کرنے کا اکسیر تحفہ ہے۔ فتح و نصرت کا بہترین نسخہ ہے۔ ہر روز تہجد کی نماز کے بعد سات سو مرتبہ پڑھے۔ دلی مراد پوری ہو گی۔ مقدمہ میں کامیابی ہو گی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى
اے اللہ درود و سلام اور برکت عطا فرما
سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ
ہمارے سردار محمد صلے اللہ علیہ وسلم نبی امی
اَلْحَبِیْبِ عَالِی الْقَدْرِ عَظِیْمِ الْجَاہِ
جو تیرا جیب عالی قدر عظیم مرتبے والا ہے
وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ ؕ
اور آپ کی آل اور صحابہ پر سلامتی عطا فرما

اس درود شریف کو ہر جمعرات اور جمعہ کی رات کو کم از کم ایک مرتبہ ہی پڑھے گا، حضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہو گا۔

درود کمالیہ

صوفیائے کرام اس درود کمالیہ کو بہت پسند فرماتے ہیں۔ اللہ کا مقبول بندہ بننے کے لیے اسے دس مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھنا چاہیئے تمام روحانی اسرار کھل جائیں گے۔ بے پناہ ثواب ہوگا۔ کسی قسم کی بیماری ہو شفا پائے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اے اللہ ہمارے سردار حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم نبی کامل پر

مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْكَامِلِ وَعَلٰى اٰلِهٖ

اور آپ کی آل پر درود سلام اور برکتیں بھیج

كَمَا لَا نِهَايَةَ لِكَمَالِكَ وَ

ایسی جیسی کہ تیرے کمال کی انتہا نہیں اور نبی پاک

عَدَدَ كَمَالِهٖ ۝

کے کمال کا شمار نہیں

نسیان کی بیماری کے لیے اکثر پڑھا کریں۔

دُرودِ قطبؒ

اسے پڑھنے سے بہت سے اسرار کا انکشاف ہوتا ہے۔ حضرت احمد بدوی کا یہ دُرود انوار الہٰی کے حصول کا سبب ہے۔ جو شخص چالیس دن تک روزانہ ایک سو بار اس دُرود پاک کو پڑھے تو اسے بے پناہ انوارات الٰہیہ کا فائدہ ہوگا۔ رزق میں اضافہ ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَ سِرِّ

یا الٰہی نور الانوار اور اسراروں کے راز کھولنے والے

الْاَسْرَارِ وَتِرْیَاقِ الْاَغْیَارِ سَیِّدِنَا

اور اغیار کے تریاق سیّدنا محمد صلے اللہ علیہ

مُحَمَّدِنِ الْمُخْتَارِ وَاٰلِہِ الْاَطْھَارِ وَ

وسلم اور ان کی آل اطہار اور

اَصْحَابِہِ الْاَخْیَارِ عَدَدَ نِعَمِ اللّٰہِ

اور ان کے اچھے صحابہ پر رحمت نازل فرما اللہ کی

وَاَفْضَالِہٖ ط

بے پناہ نعمت اور فضل عطا ہو

درودِ نوری

جو شخص اس درود شریف کو کثرت سے پڑھے گا تو وہ اسرار الٰہی کے مخفی اثرات سے نورانی تجلیات کا فیض یاب ہوگا دل روشن ہوگا۔ اللہ کی بہت رحمت ہوگی اس کے پڑھنے سے کئی قسم کی امراض سے محفوظ رہے گا اپنے نفس کی اصلاح کے لیے اس درود شریف کو بعد نماز فجر ۷ مرتبہ پڑھنا بہت مفید ہے۔

يَا نُوْرُ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْرِ

اے نور درود بھیج ہمارے سردار محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر جو

الْاَنْوَارِ وَسِرِّ الْاَسْرَارِ وَسَيِّدِ الْاَبْرَارِ

نوروں کا نور ہے جو اسراروں کا سر ہے اور ابراروں کا سردار

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهِ الْمُنَوَّرِيْنَ وَبَارِكْ

ہے اور ان کی آلؑ اور صحابہؓ پر جو منور ہیں اور برکت

وَسَلِّمْ اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ بِهَا سِرِّيْ وَسَرِيْرَتِيْ

سلام بھیج اے اللہ منور کر دے میری روح اور جسم کو

وَبَصَرِیْ وَبَصِیْرَتِیْ وَدُنْیَایَ وَ

اور میری آنکھوں کو اور میری بصیرت کو اور میرے دین اور

اَھْلِیْ وَعِیَالِیْ اِلٰی یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ ط

دنیا کو اور میرے اہل و عیال کو روز قیامت تک

درُوْدِ نقشّبندِیہ

یہ درود سلسلہ نقشبندیہ میں پڑھا جاتا ہے اس کے پڑھنے سے بے پناہ فیوض و برکات حاصل ہوتے ہیں۔ تزکیۂ نفس کے لیے نہایت مجرّب نسخہ ہے۔ تسخیر خلق کی نیّت سے ۱۱۱ بار پڑھے تو دنیا اس کے لیے مسخر ہو جائے گی۔

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی

اے اللہ ہم تجھ سے التجا کرتے ہیں کہ ہمارے

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نِّبْرَاسِ الْاَنْبِیَآءِ وَ

سردار انبیاء کے روشن چراغ محمد صلے اللہ علیہ وسلم اور

نَیِّرِ الْاَوْلِیَآءِ وَزِبْرِقَانِ الْاَصْفِیَآءِ

اولیاء کے آفتاب اور برگزیدہ بندوں کے ماہ درخشاں

وَنُورِ الثَّقَلَیْنِ وَضِیَآءِ الْخَافِقَیْنِ

اور ثقلین کے سورج اور مشرق و مغرب کی ضیا حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج

دَرُودُ الْعَابِدِیْنَ

اس درود شریف کو بکثرت پڑھنے سے انشاءاللہ اس پر کمالات کشف کھل جائیں گے روحانی درجات بلند ہوں گے۔ ہر قسم کی کامیابی قدم چومے گی۔ ہر نماز کے بعد ۱۲ مرتبہ روزانہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

اے اللہ حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر

مُحَمَّدٍ مِّلْءَ الدُّنْیَا وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ

اتنی رحمت نازل کر کہ دنیا اور آخرت بھر جائے

وَارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ مِّلْءَ الدُّنْیَا

اور محمد صلے اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل کو اتنی جزا دے کہ

وَمِلْءَ الْاٰخِرَةِ وَاجْزِ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ

اس سے دنیا اور آخرت بھر جائے اور محمد صلے اللہ علیہ وسلم اور

مُحَمَّدٍ مِّلْءَ الدُّنیا وَمِلْءَ الْاٰخِرَۃِ وَ

اور ان کی آلؑ پر اتنی

سَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

سلامتی عطا کر کہ دونوں جہاں

مِّلْءَ الدُّنیا وَمِلْءَ الْاٰخِرَۃِ ط

بھر جائیں

دُرُودِ افضل

مشکلات کے حل کے لیے دُرودِ افضل نمازِ فجر کے بعد سو دفعہ ۴۰ دن پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ

اے اللہ درُود بھیج ہمارے سردار محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر جو تیرا

وَنَبِیِّکَ وَرَسُوْلِکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ

بندہ اور تیرا نبی اور تیرا رسول نبی اُمّی ہے اور

عَلٰی اٰلِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ وَسَلِّمْ

آپ کی آلؑ پر آپ کی ازواج پر اور آپ کے رشتہ داروں پر

عَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضَاءَ نَفْسِكَ وَزِنَةَ

اور خلقت تعداد کے برابر اور اپنی ذات کی رضا کے مطابق

عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ ؕ

اور اپنے عرش کے وزن کے مطابق اور کلموں کی سیاہی کے مطابق سلام ہو

درودِ شاذلی

اس درود پاک کو ایک مرتبہ پڑھنے سے ایک لاکھ درود کا ثواب ملے گا۔ اس کے پڑھنے سے باطنی انوارات حاصل ہوں گے اگر کوئی حاجت درپیش ہو تو اس درود شریف کو پانچ سو بار روزانہ پڑھیں تمام مشکلیں آسان ہوں گی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النُّوْرِ

یا اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر جو

الذَّاتِيِّ السَّارِيْ فِيْ جَمِيْعِ الْاٰثَارِ وَالْاَسْمَاءِ

نورِ ذاتی ہیں تمام اسماء و آثار صفات میں سریان کیے ہوئے ہیں اور

وَالصِّفَاتِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ ؕ

ان کی آل اور اصحاب پر سلام بھیج

درود نجاتِ وبا

اس درود شریف کو کثرت سے پڑھا جائے تو موذی مرض سے بچا رہے گا۔ سب مل کر سوا لاکھ درود پڑھا جائے تو پورا گاؤں وبا سے محفوظ رہیگا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی

اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد صلے اللہ علیہ وسلم اور سردار

اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَاۤءٍ وَّ

محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی آل پر مطابق تمام بیماریوں کی دوا کے اور

دَوَاۤءٍ وَّ بِعَدَدِ کُلِّ عِلَّۃٍ وَّ شِفَاۤءٍ ط

تمام علت و شفا کی تعداد کے مطابق

درود حبِ رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

جو شخص یہ چاہے کہ اس کے دل میں آقائے نامدار حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم کی بے پناہ محبت پیدا ہو جائے تو اسے چاہیئے کہ کثرت سے یہ درود شریف پڑھے۔ قیامت کے روز حضورؐ کے سایہ تلے ہو گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ حَبِیْبِنَا وَ

اے اللہ ہمارے سردار ہمارے حبیب اور

مَحْبُوْبِنَا وَ مَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ

ہمارے محبوب اور ہمارے آقا و مولا محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر

وَسَلِّمْ ط

درود برکت اور سلامتی ہو

دُرودِ محمود

یہ دُرود پاک پڑھنا خیر و برکت کا باعث ہے جو شخص یہ چاہے کہ گھر، کاروبار، مال و دولت میں خیر و برکت ہو اور اولاد پر اللہ تعالےٰ کی رحمت ہو تو اسے چاہیئے کہ نماز فجر کے بعد روزانہ یہ دُرود گیارہ مرتبہ پڑھے۔ قرضہ سے نجات پائے گا۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلٰوتِکَ وَ رَحْمَتِکَ وَ

اے اللہ! اپنی صلوٰۃ رحمت اور

بَرَکَاتِکَ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَ

برکت بھیج سید المرسلین اور

اِمَامِ الْمُتَّقِیْنَ وَخَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ

امام المتقین اور خاتم النبیین پر

عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ اِمَامِ الْخَیْرِ وَقَائِدِ

جو تیرے بندے اور رسول خیر کے امام اور

الْخَیْرِ وَرَسُوْلِ الرَّحْمَۃِ ط اَللّٰھُمَّ

رسول رحمت ہیں اے ہمارے

ابْعَثْہُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِیْ

اللہ ان کو مقام محمود عطا فرما جس پر رشک

یَغْبِطُہٗ بِہِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ ط

کرتے ہیں پہلے والے اور پچھلے سب

درودِ ثمرات

درود ثمرات پڑھنے والے شخص کو اللہ پاک دنیاوی ثمرات سے نوازے گا۔ رزق میں اضافہ ہوگا۔ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوگا۔ اس لیے اس درود کو کثرت سے پڑھا کرو۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

اے ہمارے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و مولا

مُحَمَّدٍ عَدَدَ اَوْرَاقِ الزَّیْتُوْنِ

محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر جتنے زیتون کے

وَجَمِیْعِ الثِّمَارِ ط

پتے ہیں اور جتنے پھل ہیں

درُودِ انعام

اس درُود پاک کے پڑھنے سے بہت سے انعام واکرام ملتے ہیں۔ وہ شخص ہمیشہ اللہ کی رحمت سے مال و دولت سے بھرا ہوگا۔ اولاد نیک ہوگی۔ عذاب قبر سے محفوظ رہے گا۔ ہر جمعہ میں ۱۱۱ بار پڑھے دعا قبول منظور ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اے اللہ! رسول اکرم صلے اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ عَدَدَ اَنْعَامِ اللّٰہِ وَ

اتنا جتنا کہ تیرا انعام اور بے شمار فضل و کرم

اَفۡضَالِہٖ

فضل و کرم ہے

درُود تریاق امراض

جو شخص یہ دُرود شریف کثرت سے پڑھے گا اسکے قلب و رُوح میں تازگی پیدا ہو جائے گی۔ اسے دنیا میں غیر فانی مقام حاصل ہوگا۔ قبر ہمیشہ روشن رہے گی۔ یہ درُود ایسا ہے کہ جسے پڑھنے سے آخرت سنور جاتی ہے۔
ہر نماز کے بعد یہ درُود شریف ایک مرتبہ ضرور پڑھنا چاہیئے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى رُوْحِ

اے اللہ ارواح میں سے حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی رُوح

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ

مبارک پر درُود سلامتی اور برکت بھیج اور قلوب میں سے

وَسَلِّمْ عَلٰى قَلْبِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی

حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے دل پر درُود و سلام بھیج اور جسموں میں

الْقُلُوْبِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى جَسَدِ

سے سیدنا حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے جسم پر

مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

درُود وسلام بھیج اور قبروں میں سے

قَبْرِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ ط

حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی قبر پر درُود بھیج

درُود اعزاز

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ

اے اللہ محمد اُمّی نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی

وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ

آلؑ پر اور آپؐ کے صحابہ پر درُود وسلام بھیج

عَدَدَ مَا عَلِمْتَ وَزِنَةَ مَا عَلِمْتَ

اتنی تعداد میں کہ جس کا شمار تیرے

وَمِلْءَ مَا عَلِمْتَ ط

اندازے اور علم کے مطابق ہو۔

درودِ سیّد احمد بدوئی

یہ درود اسرار و رموز کا بیش بہا خزانہ ہے اور بے شمار ظاہری و باطنی اسرار ہیں کسی مقصد کے لیے دل میں نیّت کر کے روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھیں انشاءاللہ پورا ہوگا۔ صوفیاء کرام اور اولیاء کرام کے مریدین کو اپنے مرشد کی اجازت سے یہ درود ضرور پڑھنا چاہیئے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

یا اللہ درود بھیج اور برکت ہمارے سردار

وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ شَجَرَةِ الْاَصْلِ النُّوْرَانِيَّةِ

آقا محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر جو اصل نورانی شجر ہیں

وَ[illegible]ـةِ الْقَبْضَةِ الرَّحْمَانِيَّةِ وَاَفْضَلِ

اور رحمانی ظہور کی چمک ہیں اور انسانی تخلیق میں

الْخَلِيْقَةِ الْاِنْسَانِيَّةِ اَشْرَفِ الصُّوْرَةِ

سب سے افضل ہیں اور جسمانی صورت میں سب سے افضل ہیں اور

الْجِسْمَانِيَّةِ وَمَعْدِنِ الْاَسْرَارِ

اللہ کے، اسرار کا خزانہ ہیں

الرَّبَّانِيَّةِ وَخَزَآئِنِ الْعُلُوْمِ الْاِصْطِفَائِيَّةِ

اور برگزیدہ علوم کے خزانے ہیں اصلی ظہور

صَاحِبِ الْقَبْضَةِ الْاَصْلِيَّةِ وَالْبَهْجَةِ

والے ہیں اور روشن طلعت اور

السَّنِيَّةِ وَالرُّتْبَةِ الْعَلِيَّةِ مَنِ انْدَرَجَتِ

بلند مرتبہ پر ہیں جن کے جھنڈے کے

النَّبِيُّوْنَ تَحْتَ لِوَآئِهٖ فَهُمْ مِّنْهُ وَ

نیچے تمام انبیائے کرام علیہم السلام ہوں گے اور

اِلَيْهِ وَصَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَيْهِ وَعَلٰى

سب نبی آپ سے فیض یاب ہیں اور درود و سلام اور برکت

اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ عَدَدَ مَا خَلَقْتَ وَرَزَقْتَ

ہو آپ کی آل پر اور آپ کے صحابہ کرام پر اس تعداد کے مطابق جو تو

وَاَمَتَّ وَاَحْيَيْتَ اِلٰى يَوْمِ تَبْعَثُ مَنْ

نے مخلوق پیدا کی اور رزق دیا اور موت دی زندگی بخشی اس دن کہ

اَفْنَيْتَ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا وَّ

زندہ کرے گا جس کو مردہ کیا اور خوب سلام بھیج اور

الحمد للہ رب العالمین ط

حمد و ثنا ر اللہ ہی کے لیے ہے

درود وسیلہ

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جب تم مجھ پر درود شریف پڑھا کرو تو میرے لیے وسیلہ بھی مانگا کرو۔ کسی نے پوچھا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وسیلہ کیا ہے تو آپ نے فرمایا، جنت کا اعلیٰ درجہ یعنی مقام محمود ہے۔ جو شخص ایک دفعہ اس درود شریف کو پڑھے گا۔ عزت پائے گا۔ کسی حاکم یا افسر کے پاس جائے۔ تو اسے چاہیئے کہ ایک دفعہ یہ درود شریف پڑھ کر جائے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَآ

اے الٰہی درود بھیج ہمارے سردار محمدؐ پر بشمار اس کے کہ احاطہ

اَحَاطَ بِہٖ عِلْمُكَ وَاَحْصَاہُ کِتَابُكَ

کیا ہے اس کا تیرے علم نے اور شمار کیا ہے اس کو تیری کتاب نے

صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَكَ رِضًی وَّلِحَقِّہٖ اَدَآءً

ایسا درود جو تیری رضا کا باعث ہو اور آپ کے حق کو ادا کردے

وَاَعْطِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ

اور عطا فرما آپ کا وسیلہ اور بزرگی اور درجہ

الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ اللّٰهُمَّ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ

بلند اور فائز فرما آپ کو اے اللہ مقام محمود پر جس

الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا مَاهُوَاَهْلُهٗ

کا تو نے ان سے وعدہ کیا ہے اور جزا دے آپ کو ہماری

وَعَلٰی جَمِيْعِ اِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِيّٖنَ

طرف سے جس جزا کے آپ لائق ہیں اور آپ کے تمام بھائیوں پر

وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ

انبیاء سے اور صدیقین سے اور شہیدوں سے اور صالحین سے

درودِ نصرت

غیبی امداد کے لیے اور کاروبار کے لیے اور خیر و برکت کیلئے یہ درود اکثر پڑھا جاتا ہے۔ حضورؐ کی شفاعت نصیب ہوگی اور جنت میں حوض کوثر کا پانی پیئے گا۔ جو سب سے بڑا اعزاز ہوگا۔ صبح کی نماز کے بعد ۱۱ گیارہ دفعہ یہ درود روزانہ پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ خَتَمْتَ بِہٖ

اے اللہ درود بھیج اس ذات پر جس کے ساتھ تو نے

الرِّسَالَۃَ وَاَیَّدْتَہٗ بِالنَّصْرِ وَالْکَوْثَرِ

رسالت کو ختم کیا اور تائید فرمائی اس کی اپنی مدد

وَالشَّفَاعَۃِ ط

سے اور کوثر اور شفاعت سے

درودِ شفاعت

یہ درود پاک حضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت کے لیے بہت مفید ہے۔ روزانہ گیارہ مرتبہ ہر نماز کے بعد پڑھنے سے قیامت کے روز حضورؐ کی شفاعت نصیب ہو گی۔ شب برات کے روز اس درود شریف کو اکیس ہزار بار پڑھے رزق میں اضافہ ہو گا۔ سوا لاکھ مرتبہ پڑھنے سے حضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کی سعادت حاصل ہو گی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی حَبِیْبِکَ

اے اللہ درود بھیج اور برکت بھیج اپنے حبیب

شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ وَعَلٰی آلِہٖ وَ

شفیع المذنبین پر اور آپؐ کی آلؓ پر اور

اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط

آپ کے تمام صحابہؓ پر

درود ابن کثیرؒ

خالد ابن کثیرؒ ہر جمعرات کی رات کو حضور صلے اللہ علیہ وسلم پر دس ہزار مرتبہ بڑے خلوص دل کے ساتھ یہ درود پڑھتے تو اس کے بدلے میں اللہ تعالیٰ نے ان کی بخشش و مغفرت کی خبر اہلِ دنیا کو دے دی۔ اس درود پاک کو دس ہزار مرتبہ پڑھے انشاء اللہ خاتمہ بالایمان ہوگا اور اللہ کا خاص فضل و کرم ہو گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمدؐ پر جو

النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاھِرِ الْمُطَھَّرِ وَ

نبی اُمّی ہیں جو پاک اور پاک کیے گئے ہیں اور

عَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ط

ان کی آلؑ پر اور ان صحابہؓ پر درود برکت اور سلام بھیج

درود مشاہدہ

اس درود پاک کو روزانہ ۱۱۱ مرتبہ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی رحمت کے دروازے کھل جاتے ہیں اور جو اسے چالیس دن تک روزانہ ۱۲۵ یا ۳۱۳ بار پڑھے گا اس کی ہر مشکل آسان ہو جائے گی۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ رَحْمَةً لِّلْعَالَمِیْنَ

اے اللہ درود بھیج اپنے حبیب رحمت العالمین پر

وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ط

اور آپ کی آلؑ پر اور آپ کے تمام صحابہؓ پر

درود برکات کثیرہ

یہ درود برکات کثیرہ بہت سی فضیلت رکھتا ہے صدق دل سے ایک سو مرتبہ پڑھنے سے قیامت کے روز صالحین اور شہداء کے گروہ

میں شامل ہو گا۔ اللہ پاک اس درود شریف کے طفیل پڑھنے والے کے تمام گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔ قبر میں یہ درود منکر نکیر کے سوال و جواب کے وقت بہت کام آئے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى رَسُوْلِكَ

اے اللہ درود و سلام اور برکت بھیج اپنے چنے ہوئے

الْمُصْطَفٰى وَنَبِيِّكَ الْمُرْتَضٰى وَعَلٰى

رسول اور اپنے پسندیدہ نبی پر اور آپؐ کی آل پر

اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ

اور آپؐ کے صحابہؓ پر ہر ایک ذرے

مِّائَةَ اَلْفِ اَلْفِ مَرَّةٍ ط

کے عوض دس کروڑ بار

درودِ مقرّب

جو شخص درود مقرب پڑھے گا اسے آخرت میں نبی کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی شفاعت ضرور نصیب ہو گی یہ درود روزانہ نماز فجر کے بعد اٹھ مرتبہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ

اے اللہ ہمارے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج اور قیامت کے دن

الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ط

انہیں بلند مقام پر بیٹھا جو تیرے نزدیک مقرب ہو۔

درود ثواب

جو شخص یہ درود شریف پڑھے گا اس کا ثواب لامحدود پائے گا۔ نماز جمعہ کے بعد ۱۰۰ مرتبہ پڑھنے سے اولاد فرمانبردار رہے گی۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کو یہ بات پسند ہے وہ ہمارے گھرانے پر درود بھیجے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَ

اے اللہ ہمارے اُمّی نبی صلے اللہ علیہ وسلم پر اور

اَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ

ان کی ازواج مطہرات یعنی مومنین کی ماؤں پر اور

وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ

ان کے عزیزوں پر، اور اہل بیت پر درود بھیج جیسا کہ تو نے درود بھیجا ابراہیم

وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اور ان کی آل پر بے شک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے

درودِ حضوری

ایک مرتبہ شیخ عبداللہ بن نعمان نے خواب میں حضور صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو دیکھا تو عرض کیا یا رسول اللہ میں کونسا درود پڑھوں جو آپ کو سب سے زیادہ پسند ہو تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ یہ درود پڑھا کرو۔ مقامِ حضوری حاصل ہو گی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الَّذِیْ

اے اللہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایسا درود بھیج کہ جس سے ان کا

مَلَأْتَ قَلْبَهٗ مِنْ جَلَالِكَ وَعَیْنَهٗ

دل تیرے جلال اور ان کی آنکھیں تیرے جمال میں تر رہیں پھر

مِنْ جَمَالِكَ فَاَصْبَحَ فَرِحًا مَّسْرُوْرًا

سرور تائید اور فتح سے صبح کر۔ اور آپ کی آل پر اور

مُؤَیَّدًا مَّنْصُوْرًا وَّعَلٰی اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ

آپ کے صحابہ پر سلامتی و تسلیم

وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا ط

نازل فرما

درودِ حصولِ عزّت

جو شخص روزانہ یہ درود شریف صبح اور عشاء کی نماز کے بعد پڑھتا ہے اللہ پاک اس کی عزت میں اضافہ فرماتا ہے اگر کسی کے خلاف مقدمہ ہو تو ہر تاریخ پر جاتے ہوئے اس درود کو پڑھ کر جائے۔ جج اس کے حق میں فیصلہ کرے گا۔ دورانِ ملازمت یہ درود پاک پڑھ کر دفتر جائے۔ افسرانِ بالا اس سے خوش رہیں گے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اے اللہ درود و سلام بھیج اور برکتیں نازل فرما ہمارے سردار

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الرَّفِيْعِ

محمد ﷺ پر اور ہمارے آقا محمد ﷺ کی آل پر جن کا مقام بہت

مَقَامُهُ الْوَاجِبِ تَعْظِيْمُهُ وَاحْتِرَامُهُ

بلند ہے جن کی تعظیم اور احترام فرض ہے

صَلٰوۃً لَّا تَنْقَطِعُ اَبَدًا وَّلَا تَفْنٰی

ایسا درود جو کبھی منقطع نہ ہو اور کبھی فنا نہ ہو

سَرْمَدًا وَّلَا تَنْحَصِرُ عَدَدًا ط

اور جسے کوئی شمار نہ کر سکے ۔

درودِ دعا و دوا

اس کے پڑھنے سے ہر مرض کو شفا ہوتی ہے ۔ علامہ ابن المشہر کا کہنا ہے کہ جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اللہ پاک کی ایسی حمد کروں جو سب سے افضل ہو جو اولین اور آخرین اور ملائکہ مقربین آسمان والوں اور زمین والوں سے افضل ہو تو اسے یہ درود شریف پڑھنا چاہیئے ۔

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَآ اَنْتَ اَھْلُہٗ فَصَلِّ

اے اللہ تیرے ہی لیے تعریف ہے جو تیری شان کے مناسب ہے

عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَآ اَنْتَ اَھْلُہٗ وَافْعَلْ بِنَا

محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج جو تیری شان کے مناسب ہے اور میرے ساتھ

مَآ اَنْتَ اَھْلُہٗ فَاِنَّکَ اَنْتَ اَھْلُ

بھی وہ معاملہ کر جو تیری شان کے شایان ہو بے شک تو ہی اس کا مستحق ہے کہ تجھ سے

التَّقْوٰی وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ ؕ

سے ڈرا جائے تو مغفرت کرنے والا ہے۔

دُرودِ چشتیہ

یہ دُرود پاک عشقِ رسُول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم پیدا کرنے کے لیے نہایت مجرّب نسخہ ہے۔ دُنیا و آخرت کی بھلائی کے لیے بہترین حل ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

اے اللہ درُود وسلام بھیج ہمارے سردار اور ہمارے آقا و مولیٰ

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اور آپؐ کی آلؑ پر

کَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی بِاَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْهِ ؕ

جیسے تُو نے انہیں محبُوب کیا اور راضی ہوا جیساکہ اُن پر درُود بھیجنے کا حکم ہے

دُرودِ حبیبی

روزانہ بعد نماز تہجد ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھنے سے دِلی مراد پُوری ہوگی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی اَفْضَلِ حَبِیْبِکَ

اے اللہ اپنے افضل حبیب عظیم

النَّبِیِّ الْعَظِیْمِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ

نبی محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اور آپؐ کی آلؓ

وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمْ ط

اور آپؐ کے صحابہ پر درود اور سلام بھیج

درود الفاتح

شیخ المشائخ فرماتے ہیں کہ صدق دل سے اس درود پاک کا زندگی میں ایک مرتبہ بھی پڑھنا آخرت میں دوزخ کی آگ سے نجات دلا سکتا ہے۔

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس درود شریف کو جو شخص ۴۰ دن پڑھے گا اللہ تعالےٰ اس کے جتنے گناہ ہیں سب بخش دے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اے اللہ درود اور سلام اور برکت بھیج ہمارے سردار

مُحمّدِِنِ الفاتحِ لِما اُغلِقَ والخاتمِ

محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر جو ہر بند چیز کو کھولنے والے ہیں

لِما سبقَ والنّاصرِ الحقّ بالحقّ

اور آپ سابقہ کی انتہا ہیں اور آپ حق کی حق کے ساتھ مدد

والھادِی اِلٰی صِراطِکَ المستقیم

کرنے والے ہیں اور آپ صراط مستقیم کی ہدایت کرنے

صلّی اللہُ علیہِ وعلٰی اٰلِہٖ واَصحابِہٖ

والے ہیں اے اللہ ان پر اور ان کی آلؑ پر اور ان کے صحابہ پر

حقّ قدرِہٖ ومقدارِہِ العظیمِ ط

عظیم قدرو منزلت کے مطابق درود بھیج

درُود اعتصام

جب مسجد نبوی میں داخل ہوں تو ایک مرتبہ اس درُود شریف کو پڑھیں ریاض الجنہ میں بیٹھ کر روزانہ گیارہ سو مرتبہ پڑھیں انشاء اللہ حضور صلے اللہ علیہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہوں گے۔ روزانہ ۱۱۱ بار پڑھنے سے ناحق قید میں ڈالا ہوا قیدی رہا ہو جائے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا

اے اللہ درود اور سلام بھیج اور برکتیں نازل فرما ہمارے

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ

آقا محمدؐ پر اور ہمارے آقا محمدؐ کی اولاد پر جو اُن

مَمْدُوْحٍ بِقَوْلِکَ وَاَشْرَفِ دَاعٍ

سب سے افضل ہیں جن کی تعریف تو نے اپنے کلام سے کی ہے اور

لِّلْاِعْتِصَامِ بِحَبْلِکَ وَخَاتِمِ اَنْبِیَآئِکَ

ان سب سے افضل ہیں جنھوں نے تیری رسی کو مضبوط پکڑنے کی دعوت دی ہے

وَرُسُلِکَ صَلٰوۃً تُبَلِّغُنَا فِی الدَّارَیْنِ

اور تیرے انبیاء و رسُل کے خاتم ہیں ایسا درُود کہ پہنچا دے ہمیں دونوں جہانوں میں

عَمِیْمَ فَضْلِکَ وَکَرَامَۃَ رِضْوَانِکَ

تیرے علم فضل تک اور تیری خوشنودی کی عزت تک

وَوَصْلِکَ ط

اور تیرے وصال تک

درود الزّاہدین

یہ دُرود شریف دنیا اور آخرت سنوارنے کے لیے بہترین نسخہ ہے۔ جوں جوں دُرود شریف کا کثرت سے ذکر ہوگا حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی خصوصی توجہ ہوتی جائے گی۔ اور بے پناہ عزت اور برکت میں اضافہ اور زہد و تقویٰ میں سرور آئے گا۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اے اللہ درُود اور سلام بھیج اور برکتیں نازل فرما ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَكْرَمِ

محمدؐ پر اور ہمارے آقا محمدؐ کی آلؑ پر جو تیرے بندوں

الْكُرَمَاءِ مِنْ عِبَادِكَ وَ اَشْرَفِ الْمُنَادِيْنَ

میں بزرگ ترین لوگوں سے بزرگ تر ہے اور پکارنے والوں میں سے اشرف

لِطُرُقِ رَشَادِكَ وَسِرَاجِ اَقْطَارِكَ وَ

ہے جو تیری ہدایت کے راستوں کی طرف بلاتے ہیں اور تیرے

بِلَادِكَ صَلٰوةً لَّا تَفْنٰى وَلَا تَبِيْدُ

ملکوں اور شہروں کا آفتاب ہے ایسا درُود جو نہ فنا ہو اور نہ ختم ہو

تُبَلِّغُنَا بِهَا كَرَامَةَ الْمَزِيْدِ ط

پہنچا تو ہمیں اس کی برکتوں سے مزید عزتوں تک

درود فوائد کثیرہ

اس درود شریف کو رات سوتے وقت ۱۱ دفعہ پڑھیں اتباع سنت اور اطاعتِ رسول صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر پابند ہو جاؤ گے۔ اور قیامت کے روز حضورؐ کی شفاعت نصیب ہوگی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و مولٰنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَاَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ عَدَدَ

اور آپؐ کی آلؑ پر اور آپؐ کی ازواج پر اور آپؐ کی اولاد پر بشمار

اَنْفَاسِ اُمَّتِهٖ اَللّٰهُمَّ بِبَرَكَةِ الصَّلٰوةِ

آپؐ کی امت پر اے اللہ آپؐ پر درود کی برکت سے ہم کو

عَلَيْهِ اجْعَلْنَا بِالصَّلٰوةِ عَلَيْهِ مِنَ

آپؐ پر درود بھیجنے میں کامیاب لوگوں میں سے

الْفَآئِزِيْنَ وَعَلٰى حَوْضِهٖ مِنَ

فرما اور آپ کے حوض پر آنے

الْوَارِدِيْنَ الشَّارِبِيْنَ ○ وَبِسُنَّتِهٖ وَ

والوں اور پینے والوں سے فرما اور آپ کی سنت پر

طَاعَتِهٖ مِنَ الْعَامِلِيْنَ ○ وَلَا تَحُلْ

اور اطاعت پر عمل کرنے والوں سے فرما اور ہمارے درمیان

بَيْنَنَا وَبَيْنَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَارَبَّ

اور حضور کے درمیان قیامت کے دن کسی چیز کو حائل نہ کر یارب

الْعَالَمِيْنَ ○ وَاغْفِرْلَنَا وَلِوَالِدِيْنَا

العالمین اور بخشش دے ہمیں اور ہمارے والدین کو

وَلِجَمِيْعِ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

اور تمام مسلمانوں کو اور سب تعریف اللہ کے لیے

رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ○

جو تمام جہانوں کو پالنے والا ہے

درودالصّادقین

یہ درود انوار واسرار اور معرفت کا بیش بہا خزانہ ہے۔ دُنیا اور آخرت کی بھلائی کے لیے روزانہ صبح شام پڑھیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا و مولا محمدؐ پر

نَبِیِّ الْحُکْمِ وَالْحِکْمَةِ السِّرَاجِ الْوَھَّاجِ

جو حکم اور حکمت کے نبی ہیں جو روشن چراغ

الْمَخْصُوْصِ بِالْخُلُقِ الْعَظِیْمِ وَخَتْمِ

ہیں اور مخصوص کیے گئے ہیں خلق عظیم کے ساتھ

الرُّسُلِ ذِی الْمِعْرَاجِ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ وَ

نبیوں کے خاتم ہیں معراج والے ہیں اور آپؐ کی آل پر اور

اَصْحَابِهٖ وَاَتْبَاعِهِ السَّالِکِیْنَ عَلٰی

اصحاب پر اور آپؐ کے پیروؤں پر جو چلنے والے ہیں آپ

مَنْهَجِهِ الْقَوِیْمِ ط فَاَعْظِمِ اللّٰھُمَّ

کے سیدھے راستے پر اور معظم کردے اے اللہ

بِہٖ مِنْہَاجُ نُجُوْمِ الْاِسْلَامِ وَمَصَابِیْحِ

آپ کی برکت سے راستہ اسلام کے ستاروں کا اور اندھیروں

الظَّلَامِ الْمُهْتَدٰی بِهِمْ فِیْ ظُلْمَةِ

کے چراغ کا جن سے ہدایت حاصل کی جاتی ہے شک کی اندھیری رات

الشَّكِّ الدَّاجِّ صَلٰوةً دَآئِمَةً مُّسْتَمِرَّةً

کی تاریکی میں ایسا درود جو ہمیشہ رہنے والا پے در پے ہو جب تک متلاطم رہیں

مَّا تَلَاطَمَتْ فِی الْاَبْحُرِ الْاَمْوَاجُ وَ

سمندروں میں لہریں اور

طَافَ بِالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ مِنْ كُلِّ

طواف کرتے رہیں کعبہ شریف کا ہر دور دراز گھاٹی

فَجٍّ عَمِيْقٍ الْحُجَّاجُ وَاَفْضَلُ الصَّلٰوةِ

سے آنے والے حاجی اور افضل ترین درود

وَالتَّسْلِيْمِ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِهِ

اور سلام ہوں حضرت محمدؐ پر جو اللہ کے رسول کریم ہیں

الْكَرِيْمِ وَصَفْوَتِهٖ مِنَ الْعِبَادِ وَشَفِيْعِ

اور اس کے بندوں سے چنے ہوئے ہیں اور ساری مخلوق

الْخَلَائِقِ فِی الْمِیْعَادِ صَاحِبِ الْمَقَامِ

کے شفیع ہیں قیامت کے دن اور صاحب مقام

الْمَحْمُوْدِ وَالْحَوْضِ الْمَوْرُوْدِ النَّاهِضِ

محمود ہیں اور اُس حوض کے مالک ہیں جس پر سب لوگ

بِاَعْبَاءِ الرِّسَالَةِ وَالتَّبْلِیْغِ الْاَعَمِّ وَ

آئیں گے جو اٹھانے والے ہیں رسالت اور تبلیغ عام کے بارِ گراں

الْمَخْصُوْصِ بِشَرَفِ السِّعَایَةِ فِی

گراں کو اور مخصوص ہیں اس کوشش کے شرف سے جس میں لوگوں

الصَّلَاحِ الْاَعْظَمِ ط

کی بڑی بھلائی ہے

دُرُودِ مکین

اس درُود شریف کے پڑھنے سے میاں بیوی کے درمیان محبت بڑھتی ہے۔ گھر میں سکون اور خوشحالی رہتی ہے۔ ہر طرف مخالفت ختم ہو جاتی ہے۔

یہ درُود شریف بلاناغہ پڑھیے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمدؐ پر اور آپؐ کی

اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَاَوْلَادِہٖ وَاَزْوَاجِہٖ

آلؑ اور اصحاب اور اولاد اور ازواج

وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَصْھَارِہٖ وَ

اور آپ کی ذریات اور اہل بیتؑ اور آپؐ کے سسرال اور

اَنْصَارِہٖ وَاَشْیَاعِہٖ وَمُحِبِّیْہِ وَاُمَّتِہٖ

انصار پر اور آپ کے فرمانبرداروں اور محبت کرنے والوں پر

وَعَلَیْنَا مَعَھُمْ اَجْمَعِیْنَ یَا اَرْحَمَ

آپ کی ساری اُمت پر اور ہم پر بھی ان تمام کے ساتھ یا

الرّٰحِمِیْنَ

ارحم الراحمین

درود دافع شراعدا

جو کسی دشمن کی دشمنی سے بہت تنگ آگیا ہو یا طرح طرح کی اذیتوں اور پریشانیوں میں مبتلا ہو اسے چاہیئے کہ وہ روزانہ یہ درود شریف پڑھے۔

يَا مُذِلَّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيدٍ صَلِّ عَلىٰ

اے ذلیل کرنے والے ہر زبردست معاند کے درود بھیج

سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَ

ہمارے آقا و مولیٰ محمد پر اور ان کی آل و اصحاب اور

بَارِكْ وَسَلِّمْ اَللّٰهُمَّ اقْهَرْ بِهَا عَلٰى

برکت و سلام اور میرے دشمنوں پر اس درود سے قہر فرما

اَعْدَائِنَا وَاَلْزِمْهُمْ وَعَجِّلْ اِلَيْهِمْ

اور ان کی طرف جلدی پہنچا دے وہ چیز جو وہ میرے

مَا قَصَدُوْنِيْ بِهٖ فِيْ اَمْوَالِهِمْ وَ

لیے چاہ رہے ہیں ان کے مال اور عزت

عِزَّتِهِمْ وَاٰمَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ ط

اور ان کی جانوں میں اور وہ ان سے لازم کردے

درود نعم البدل صدقہ

حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مجھ پر یہ درود پڑھا کرو کیونکہ یہ تمہارے لیے صدقہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ

اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمدؐ پر جو تیرے بندے اور رسول ہیں

وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

اور درود نازل فرما سارے مومنین اور مومنات

وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ط

اور مسلمین اور مسلمات

درود العاشقین

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَحْبُوْبِنَا

اے اللہ درود اور سلام بھیج ہمارے سردار اور ہمارے محبوب

وَمَوْلَانَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبْدِ

اور ہمارے والی محمدؐ بن عبد اللہ بن عبد

الْمُطَّلِبِ الْھَاشِمِیِّ الْقُرَشِیِّ الزَّکِیِّ

المطلب ہاشمی قریشی پاک

الْمَدَنِیِّ الْعَرَبِیِّ وَعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا وَ

مدنی عربی پر اور آپؐ کی آل پر اور

حَبِیْبِنَا مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَبْدِ

ہمارے حبیب محمد بن عبد اللہ بن عبد

الْمُطَّلِبِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحِجَازِیِّ

المطلب نبی اُمّی حجازی

الْحَرَمِیِّ بِقَدْرِ حُسْنِہٖ وَجَمَالِہٖ ط

حرمی پر آپؐ کے حسن و جمال کے مطابق

درود بشارت

یہ درود پاک سب سے بڑی خصوصیت یہ رکھتا ہے کہ اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو رات سوتے وقت گیارہ روز گیارہ سو مرتبہ پڑھے انشاء اللہ گم شدہ چیز مل جائے گی۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا اور مولا محمدؐ پر

عَدَدَ مَا کَانَ وَمَا یَکُوْنُ وَعَدَدَ مَا

بشمار اس کے جو ہو چکا ہو رہا ہے اور جو ہو گا اور بے شمار ان

اَظْلَمَ عَلَیْہِ اللَّیْلُ وَاَضَاءَ عَلَیْہِ النَّھَارُ ط

چیزوں کے کہ تاریک ہوئی اُن پر رات اور روشن ہوا اُن پر دن

درود اہل بیت علیہم السلام

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس کو یہ پسند ہو کہ اسے بہت زیادہ ثواب ملے تو اسے چاہیئے کہ ہمارے ساتھ اہل بیتؓ پر درود بھیجے اور یوں درود بھیجے اس کے صدقے اللہ پاک اس کی اولاد اور اہل خانہ پر رحمت کی بارش کرے گا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ وَ

اے اللہ درود بھیج ہمارے آقا محمدؐ پر جو نبی ہیں اور آپ

اَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ

کی ازواج پر جو مومنوں کی مائیں ہیں اور آپؐ کی اولاد

وَاَهْلِ بَيْتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا

پر اور آپ کی اہلبیتؓ پر جس طرح درود بھیجا تونے ہمارے سردار

اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط اَللّٰهُمَّ

ابراہیم پر بے شک تو حمیدؑ مجید ہے اے اللہ

بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

برکتیں نازل فرما ہمارے آقا محمدؐ پر اور آلِ محمدؐ

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا آ

پر جس طرح برکت نازل فرمائی تو نے ہمارے سردار

اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

ابراہیمؑ پر بے شک تو حمید مجید ہے

سیّد المرسلین کا درود پاک

حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ درود پڑھا اور صحابہ کرامؓ کو پڑھنے کی تلقین فرمائی۔ بے پناہ فوائد ہیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ

اے اللہ اپنے (برگزیدہ) بندے اور رسول نبی

رَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰی اٰلِ

اُمّی سیّدنا محمدؐ کی اولاد پر

مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ

درود نازل فرما اے اللہ سیّدنا محمدؐ اور سیّدنا محمدؐ کی

عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تَکُوْنُ لَكَ

اولاد پر ایسا درود نازل فرما جو تیری

رِضًی وَّلَہٗ جَزَآءً وَّلِحَقِّہٖ اَدَآءً وَّ

رضا کا ذریعہ ہو اور حضورؐ کے لیے پورا بدلہ اور

اَعْطِہِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَالْمَقَامَ

آپ کے حق کی ادائیگی ہو اور آپ کو وسیلہ اور فضیلت اور مقام

الْمَحْمُوْدَ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ وَاجْزِہٖ عَنَّا

محمود وعدہ کیا ہے جس کا تو نے اور

مَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَاجْزِہٖ اَفْضَلَ مَا جَازَیْتَ

حضور صلے اللہ علیہ وسلم کو ہماری طرف سے ایسی جزا عطا فرما

نَبِیًّا عَنْ قَوْمِہٖ وَرَسُوْلًا عَنْ اُمَّتِہٖ

جو آپ کی شانِ عالی کے لائق ہو اور آپ کو ان سب سے افضل

وَصَلِّ عَلٰی جَمِیْعِ اِخْوَانِہٖ مِنَ

بدلہ عطا فرما جو تو نے کسی نبی کو اس کی قوم کی طرف سے اور کسی

النَّبِیّٖنَ وَالصّٰلِحِیْنَ یَا اَرْحَمَ

رسول کو اس کی اُمت کی طرف سے عطا فرمایا اور حضورؐ کے تمام برادران انبیاء و

الرّٰحِمِیْنَ ط

صالحین پر اے ارحم الراحمین درُود نازل فرما۔

درود سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم

حضور صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کہ جب تم مجھ پر درود بھیجو تو یوں کہو۔ (حصن حصین)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ

اے اللہ! درود بھیج حضرت محمدؐ پر جو نبی

الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا

اُمّی ہیں اور آل حضرت محمدؐ پر جس طرح درود

صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ

بھیجا تو نے حضرت ابراہیم پر بے شک

حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تو سب خوبیوں سراہا بزرگ ہے اور برکت نازل فرما حضرت

مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى

محمدؐ پر جو نبی اُمّی ہیں جس طرح برکت نازل فرمائی تو نے

سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

حضرت ابراہیمؑ پر بے شک تو حمیدؐ مجید ہے

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا درود

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ درود بھیج سیدنا محمدؐ اور آل سیدنا محمدؐ پر

کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ

جس طرح تو نے درود نازل فرمایا سیدنا ابراہیمؑ اور آل سیدنا

اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

ابراہیمؑ پر اور برکت نازل فرما سیدنا محمدؐ اور آل سیدنا

مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَ

محمدؐ پر جس طرح تو نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیمؑ پر

تَرَحَّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ

اور رحمت بھیج سیدنا محمدؐ اور آل سیدنا محمدؐ پر

کَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی

جس طرح تو نے رحمت بھیجی سیدنا ابراہیمؑ پر اور سیدنا

اٰلِ اِبرٰاھِیمؑ

ابراہیمؑ کی اولاد پر

حضور صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کا درود

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ درود نازل فرما سیدنا محمدؐ اور سیدنا محمدؐ کی آلؑ پر

وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اور برکت وسلام بھیج سیدنا محمدؐ اور سیدنا محمدؐ کی آلؑ پر

وَّارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا

اور رحمت فرما سیدنا محمدؐ کی اولاد پر جیسا کہ تو نے درود و برکت

صَلَّیْتَ وَبَارَکْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰی

اور رحمت نازل فرمائی سیدنا

اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ فِی

ابراہیمؑ اور آلؑ سیدنا ابراہیمؑ پر سارے جہانوں

اَلْعٰلَمِیْنَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

میں، بے شک تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے

درود رحمت و برکت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

اے اللہ درود بھیج سیّدنا محمدؐ اور آل سیّدنا

مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ

محمدؐ پر اور برکت نازل فرما سیّدنا محمدؐ اور آلِ محمد

مُحَمَّدٍ وَّارْحَمْ مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ کَمَا

پر اور رحمت نازل فرما سیّدنا محمدؐ اور آل محمدؐ پر

صَلَّیْتَ وَبَارَکْتَ وَرَحِمْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ

جیساکہ تونے درود برکت و رحمت سیّدنا ابراہیمؑ

وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ؕ

اور آلِ سیّدنا ابراہیمؑ پر نازل فرما بیشک تو ستودہ صفات بزرگ ہے

درودِ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

یہ درود شریف فیوض و برکات کے لیے اور آخرت میں انجام بخیر کے لیے اس درود پاک کا پڑھنا بہت اکسیر ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ

اے اللہ اپنے بندے اور رسول سیّدنا محمدؐ پر درود نازل

رَسُوْلِكَ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اٰلِ

فرما جیساکہ تُو نے حضرت ابراہیمؑ کی اولاد

اِبْرَاهِیْمَ وَبَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ

پر درُود نازل فرمایا اور سیّدنا محمدؐ اور

وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓی

آلِ سیّدنا محمدؐ پر برکت نازل فرما جس طرح نے حضرت

اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ ط

ابراہیمؑ کی اولاد پر برکت نازل فرمائی

بحضور سرورِ کونین کا درُود پاک

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَھْلِ بَیْتِهٖ

اے اللہ درُود نازل فرما سیّدنا محمدؐ پر اور آپؐ کے گھر والوں پر

كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ

جیساکہ تُو نے حضرت ابراہیمؑ پر نازل فرمایا بیشک تو تعریف

مَّجِيْدٌ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْنَا مَعَهُمْ اَللّٰهُمَّ

کیا گیا بزرگ ہے اے اللہ ہمارے اُوپر اُن کے ساتھ درُود نازل فرما

بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اَهْلِ بَيْتِهٖ

اے اللہ برکت نازل فرما سیدنا محمدؐ پر اور آپؐ کے گھر والوں پر

كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ

جیساکہ تو نے برکت نازل فرمائی حضرت ابراہیمؑ پر بیشک تو ستودہ صفات

مَّجِيْدٌ ط اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلَيْنَا مَعَهُمْ صَلَوٰتُ

بزرگ ہے اے اللہ ہمارے اُوپر اُن کے ساتھ برکت نازل فرما

اللّٰهِ وَصَلَوٰتُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلٰى مُحَمَّدِنِ

اللہ تعالٰے کے بکثرت درُود اور مومنین کے بکثرت درُود نبی

النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ ط

اُمیّ سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوں

حبیب خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ درُود بھیج ہمارے آقا و مولٰی محمدؐ پر

وَّعَلٰی اٰلِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا

اور آپ کی آل پر جس طرح درود بھیجا تو نے ہمارے سردار

اِبْرَاھِیْمَ وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ

ابراہیمؑ پر اور برکتیں نازل فرما ہمارے آقا و مولا محمدؐ پر

وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ

اور آل سیدنا و مولانا محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر جس طرح برکتیں

عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا اِبْرَاھِیْمَ فِی

نازل فرمائی ہیں تو نے آل ابراہیمؑ پر تمام جہانوں

الْعٰلَمِیْنَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

میں بے شک تو ہی تعریف کیا گیا، بزرگی والا ہے

درود الطالبین

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ

اور درود بھیجے اللہ تعالےٰ ہمارے آقا محمدؐ پر بسشمار اپنی

خَلْقِہٖ وَرِضَآءَ نَفْسِہٖ وَزِنَةَ عَرْشِہٖ

مخلوق کے اور بمقدار اپنی رضا کے اور بوزن اپنے عرش کے

وَمِدَادَ کَلِمَاتِہٖ وَکَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَکُلَّمَا

اور اپنے کلمات کی سیاہی کے برابر اور جس طرح وہ اُن کے

ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَغَفَلَ عَنْ ذِکْرِہٖ

شایان شان ہیں اور جب کہ یاد کریں آپ کو یاد کرنے والے اور خاص ہیں

الْغَافِلُوْنَ وَعَلٰٓی اَھْلِ بَیْتِہٖ وَعِتْرَتِہٖ

آپ کے ذکر سے غفلت برتنے والے اور آپ کی اہل بیتؓ پر اور آپ کی پاک

الطَّاھِرِیْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا ط

اولاد پر اور سلام بھیجے

درود نور القیامیہ

یہ درود اللہ تعالٰے کی رضا اور قرب حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ اعمال پاکیزہ ہو جائیں گے اور حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی محبت دل میں گھر کر جائے گی۔ نورِ معرفت حاصل ہوگی۔ اس درود شریف کا ثواب چودہ ہزار درود شریف کے برابر ہوگا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بَحْرِ

اے اللہ! درود بھیج ہمارے آقا محمدؐ پر جو سمندر ہیں تیرے انوار کے

اَنْوَارِكَ وَمَعْدِنِ اَسْرَارِكَ وَلِسَانِ

جو کان ہیں تیرے اسرار کی اور جو زبان ہیں تیری روشن

حُجَّتِكَ وَعُرُوْسِ مَمْلُكَتِكَ وَاِمَامِ

دلیل کی اور جو دُولہا ہیں تیری مملکت کے اور جو امام ہیں

حَضْرَتِكَ وَطِرَازِ مُلْكِكَ وَخَزَآئِنِ

تیری بارگاہ کے اور جو زینت ہیں تیرے ملک کے اور خزانے ہیں تیری رحمت

رَحْمَتِكَ وَطَرِيْقِ شَرِيْعَتِكَ الْمُتَلَذِّذِ

کے اور جو راستہ ہیں تیری شریعت کا اور جو لذت پانے والے ہیں

بِتَوْحِيْدِكَ اِنْسَانِ عَيْنِ الْوُجُوْدِ وَ

تیری توحید سے جو پتلی ہیں وجود کی آنکھ کی اور

السَّبَبِ فِىْ كُلِّ مَوْجُوْدٍ عَيْنِ اَعْيَانِ

جو سبب ہیں ہر موجود کے وجود کے اور جو آنکھ ہیں تیری مخلوق

خَلْقِكَ الْمُتَقَدِّمِ مِنْ نُّوْرِ ضِيَآئِكَ

کے برگزیدوں کے اور پہلے ظاہر ہونے والے ہیں تیری ذات کی تجلی کے نور سے

صَلٰوةً تَدُوْمُ بِدَوَامِكَ وَتَبْقٰى

ایسا درود جو ہمیشہ رہے تیرے دوام کے ساتھ

بِبَقَآئِكَ لَا مُنْتَهٰى لَهَا دُوْنَ عِلْمِكَ

اور نہ انتہا ہو اس کی سوا تیرے علم کے

صَلٰوةً تُرْضِيْكَ وَتُرْضِيْهِ وَتَرْضٰى

ایسا درود کہ خوش کردے تجھے اور خوش کردے آپ کو اور خوش

بِهَا عَنَّا يَارَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ط

ہو جائے تو اس کے سبب ہم سے یا رب العالمین

دُرُوْدِ مَدَنی

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اے اللہ درود وسلام بھیج اور برکتیں نازل فرما ہمارے آقا

مُحَمَّدِ نِالنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَاَزْوَاجِهٖ اُمَّهَاتِ

محمد پر جو نبی اُمّی ہیں اور آپؐ کی ازواج پر جو مسلمانوں کی

الْمُؤْمِنِيْنَ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ صَلٰوةً

مائیں ہیں اور آپ کی اولاد اور ان کے اہلبیتؑ پر ایسا درود

وَّسَلَامًا لَّا يُحْصٰى عَدَدُهُمَا وَلَا يُقْطَعُ

اور سلام کہ نہ شمار کیا جا سکے اُن کا عدد اور نہ ختم ہو

مَدَدُھُمَا ط

اُن کی زیادتی

دُرُودِ حفاظت

فتنے اور لڑائی جھگڑے سے محفوظ رہنے کے لیے یہ درُود اکثر پڑھا جاتا ہے۔ حفاظت الٰہی ہر وقت شاملِ حال رہتی ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی آ

اے اللہ درُود بھیج حضرت محمدؐ پر اور ہمارے آقا محمدؐ کی

لِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا اَحَاطَ بِہٖ

اولاد پر بلشمار اس کے جس کو تیرے علم نے احاطہ کیا ہے

عِلْمُكَ وَجَرٰی بِہٖ قَلَمُكَ وَسَبَقَتْ

اور بشمار اس کے کہ تیرے قلم نے لکھا ہے اور بلشمار

بِہٖ مَشِیْئَتُكَ وَصَلَّتْ عَلَیْہِ مَلٰٓئِکَتُكَ

اس کے کہ پہلے ہو چکا ہے ساتھ اس کے ارادہ تیرا اور بلشمار اس کے

صَلٰوۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِكَ بَاقِیَۃً بِفَضْلِكَ

کہ درُود بھیجا ہے آنحضرتؐ پر تیرے فرشتوں نے ایسا درُود جو ہمیشہ رہنے والا ہے

وَاِحْسَانِكَ اِلٰى اَبَدِ الْاَبَدِ اَبَدًا اَلَّا نِهَايَةَ

تیرے دوام کے ساتھ باقی رہنے والا ہے تیرے فضل و احسان سے ابدالآباد تک کہ جس کی ابدیت

لِاَبَدِيَّتِهٖ وَلَا فَنَآءَ لِدَيْمُوْمِيَّتِهٖ ط

کی کوئی حد نہیں اور جس کے دوام کو فنا نہیں

درود بلندی درجات

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

اے اللہ درود و سلام بھیج اور برکتیں نازل فرما ہمارے آقا محمد

وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَكْرَمِ خَلْقِكَ وَسِرَاجِ

اور ہمارے آقا محمدؐ کی آل پر جو تیری سب مخلوق سے معزز ہیں اور تیرے

اُفُقِكَ وَاَفْضَلِ قَآئِمٍ بِحَقِّكَ الْمَبْعُوْثِ

افق کے آفتاب ہیں اور تیرے حق کے قائم کرنے والوں سے افضل ہیں۔ بھیجے گئے

بِتَيْسِيْرِكَ وَرِفْقِكَ صَلٰوةً يَّتَوَالٰى تَكْرَارُهَا

ہیں آسانی اور نرمی کے ساتھ ایسا درود جو پے در پے دُہرایا جاتا رہے اور

وَتَلُوْحُ عَلَى الْاَكْوَانِ اَنْوَارُهَا ط

چمکیں سب مخلوق پر اس کے انوار

درودِ مکرّم

یہ درود کثرت سے پڑھنا چاہیئے۔ اس کا پہلا فائدہ اسرار رموز کا ظاہر ہونا ہے ۲ گھر بار میں عزت ہوگی ہے ۳ اس سے اللہ پاک راضی ہوگا۔ ہے ۴ حج بیت اللہ کی زیارت ہوگی۔ ہے ۵ کاموں میں برکت ہوگی۔ اس کے پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز عشاء ۱۱ دفعہ روزانہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی

اے اللہ! درود بھیج حضرت محمدؐ پر اور آپؐ کی

اٰلِہٖ بَحْرِ اَنْوَارِكَ وَمَعْدِنِ اَسْرَارِكَ

آلؑ پر جو تیرے انوار کا سمندر ہیں اور تیرے اسرار کی کان ہیں

وَلِسَانِ حُجَّتِكَ وَعُرُوْسِ مَمْلَكَتِكَ

اور جو تیری توحید کی دلیل کی زبان ہیں اور تیری مملکت کے دُولہا ہیں

وَاِمَامِ حَضْرَتِكَ وَخَاتَمِ اَنْبِیَآئِكَ

اور تیری بارگاہِ عزت کے امام ہیں اور تیرے انبیاء کے خاتم ہیں ایسا

صَلٰوۃً تَدُوْمُ بِدَوَامِكَ وَتَبْقٰی

درود جو ہمیشہ رہے تیرے دوام تک اور باقی رہے

بِبَقَآئِكَ صَلٰوةً تُرْضِيْكَ وَتُرْضِيْهِ

تیری بقا تک ایسا درود جو راضی کر دے تجھ کو اور راضی کر دے حضور کو

وَتَرْضٰى بِهَا عَنَّا يَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

اور راضی ہو جائے تو اس کی برکت سے ہم سے یا ارحم الراحمین

اَللّٰهُمَّ رَبَّ الْحِلِّ وَالْحَرَامِ وَرَبَّ

اے اللہ! اے مالک حل و حرام اور مالک

الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ وَرَبَّ الْبَيْتِ الْحَرَامِ

مشعر حرام کے اور مالک بیت الحرام کے اور مالک

وَرَبَّ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ اَبْلِغْ لِسَيِّدِنَا

رکن مقام کے پہنچا ہمارے آقا اور مولیٰ

وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ مِّنَّا السَّلَامُ

محمدؐ کو ہماری طرف سے سلام

درودِ مکاشفہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا

اے اللہ! درود و سلام بھیج اور برکتیں نازل فرما ہمارے آقا

مُحَمَّدٍ نَبِیِّکَ وَرَسُوْلِکَ ؕ وَسَیِّدِنَا

محمدؐ پر جو تیرے نبی ہیں اور رسول ہیں اور ہمارے سردار

اِبْرَاهِیْمَ خَلِیْلِکَ وَصَفِیِّکَ وَسَیِّدِنَا

ابراہیمؑ پر جو تیرے خلیل ہیں اور برگزیدہ ہیں اور ہمارے سردار

مُوْسٰی کَلِیْمِکَ وَنَجِیِّکَ ؕ وَسَیِّدِنَا

موسیٰؑ پر جو تیرے کلیم اور تیرے ہمراز ہیں اور ہمارے

عِیْسٰی رُوْحِکَ وَکَلِمَتِکَ وَعَلٰی جَمِیْعِ

سردار عیسیٰؑ پر جو تیری رُوح اور تیرا کلمہ ہیں اور اپنے جملہ

مَلٰٓئِکَتِکَ وَرُسُلِکَ وَاَنْبِیَآئِکَ وَخِیَرَتِکَ

فرشتوں پر اور اپنے رسولوں پر اور اپنے نبیوں اور اپنی خلق سے

مِنْ خَلْقِکَ وَاَصْفِیَآئِکَ وَخَاصَّتِکَ

چنے ہوئے لوگوں پر اپنے برگزیدہ بندوں پر اور اپنے خاصوں پر اور

وَاَوْلِیَآئِکَ مِنْ اَهْلِ اَرْضِکَ وَسَمَآئِکَ ؕ

اپنے دوستوں پر جو تیری زمین میں بستے ہیں یا تیرے آسمان میں رہتے ہیں

درود جمالی

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہم کا ارشاد ہے کہ جو شخص کسی مہم یا پریشانی یا مصیبت میں ہو تو وہ یہ درود شریف ایک ہزار مرتبہ محبت و شوق سے پڑھے انشاء اللہ تعالےٰ اس کی مصیبت ٹل جائے گی اور اس کی مراد پوری ہو گی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

اے اللہ درود بھیج ہمارے سردار محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر اور

عَلٰی اٰلِہٖ بِقَدْرِ حُسْنِہٖ وَجَمَالِہٖ ط

آپ کی آلؑ پر آپ کے حسن وجمال کے مطابق

درودِ اکبر

درود اکبر میں حضور نبی کریم صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کی تمام صفات جمیلہ کا ذکر بڑے پیارے انداز میں کیا گیا ہے یہ درود زیادہ طویل ہونے کی نسبت سے اکبر کہلاتا ہے۔ یہ درود نماز فجر سے پہلے یا بعد میں پڑھے گا۔ اس کی دین و دنیا بدل جائے گی اور حضور آقا دو جہاں صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم سے

بے پناہ محبت ہو جائے گی۔ اور آپ کی زیارت سے مشرف ہو گا۔ دِل کی صفائی ہو جائے گی دلی مرادیں پوری ہونگی۔ آسیب اور دفع بلیات کے لیے سات بار پڑھ کر پانی پر پھونک مار کر پلادیں آسیب دفع ہو جائے گا۔ اس دُرود شریف کے ہر ایک حرف کے عوض ایک حج اور ایک عمرہ کا ثواب اس کے نامۂ اعمال میں لکھا جائے گا۔ اور باری تعالےٰ اس کی طرف تین سو ساٹھ بار نظرِ رحمت فرمائے گا۔ وہ شخص مرنے سے پہلے ہی اپنا گھر جنّت میں دیکھ لے گا۔ اور جب مرے گا تو اس کے جنازہ پر اللہ کے فرشتے جنازہ میں شریک ہوں گے۔ اور قیامت تک فرشتے اس کی قبر پر آیا کریں گے۔

طریقِ زکوٰۃ کے لیے بزرگانِ سلفؒ نے یوں فرمایا ہے کہ جمعرات کی رات بعد نمازِ عشاء شروع کرے۔ پہلے دو نفل ادا کرے اور پھر گیارہ دفعہ دُرودِ شریف ابراہیمی پڑھے اور ہدیہ بحضور صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کرے۔ متواتر گیارہ راتیں پڑھے۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ ایامِ زکوٰۃ نمازِ پنجگانہ ادا کرنا پابندیٔ وقت شرط اول ہے۔ اس کے بعد نمازِ فجر یا نمازِ عشاء کے بعد ایک ہی دفعہ پڑھ لیا کرے۔

دینی اور دنیوی نعمتوں سے مالا مال ہو جائے گا۔

درود اکبر

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ

درود اور سلام اوپر تیرے اے رسول اللہ کے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ

درود اور سلام اوپر تیرے اے نبی اللہ کے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حَبِیْبَ اللّٰہِ

درود اور سلام اوپر تیرے اے حبیب اللہ کے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خَلِیْلَ اللّٰہِ

درود اور سلام اوپر تیرے اے خلیل اللہ کے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا صَفِیَّ اللّٰہِ

درود اور سلام اوپر تیرے اے برگزیدہ اللہ کے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خَیْرَ خَلْقِ اللّٰہِ

درود اور سلام اوپر تیرے اے سب سے بہتر مخلوق اللہ کے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَکِّیَّ اللّٰہِ ط

درود اور سلام اوپر تیرے اے مکی اللہ کے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا قُرَیْشِیَّ اللّٰہِ ط

درود اور سلام اوپر تیرے اے قریشی اللہ کے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَدَنِیَّ اللّٰہِ ط

درود اور سلام اوپر تیرے اے مدنی اللہ کے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنِ اخْتَارَہُ اللّٰہُ ط

درود اور سلام اوپر تیرے اے وہ شخص کہ پسند کیا اس کو اللہ نے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا مَنْ عَظَّمَہُ اللّٰہُ ط

درود اور سلام اوپر تیرے اے وہ شخصیت کے عظمت دی اس کو اللہ نے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خَلِیْفَۃَ اللّٰہِ ط

درود اور سلام اوپر تیرے اے خلیفہ اللہ کے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا حَضْرَۃَ اللّٰہِ ط

درود اور سلام اوپر تیرے اے حاضر ہونے والے درگاہ اللہ کے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا صَفْوَۃَ اللّٰہِ ط

درود اور سلام اوپر تیرے اے برگزیدہ اللہ کے

الصلوٰۃ والسلام علیک یا حجۃ اللہ ؐ

درود اور سلام اوپر تیرے اے برہان اللہ کے

الصلوٰۃ والسلام علیک یا رحمۃ اللہ ؐ

درود اور سلام اوپر تیرے رحمت اللہ کے

الصلوٰۃ والسلام علیک یا نور اللہ ؐ

درود اور سلام اوپر تیرے اے نور اللہ کے

الصلوٰۃ والسلام علیک یا محمد رسول اللہ ؐ

درود اور سلام اوپر تیرے اے محمد رسول اللہ کے

الصلوٰۃ والسلام علیک یا صاحب التاج والمعراج ؐ

درود اور سلام اوپر تیرے اے صاحب تاج اور معراج کے

الصلوٰۃ والسلام علیک یا صاحب الحوض والکوثر ؐ

درود اور سلام اوپر تیرے اے صاحب حوض کوثر کے

الصلوٰۃ والسلام علیک یا صاحب الشفاعۃ ؐ

درود اور سلام اوپر تیرے اے صاحب شفاعت کے

الصلوٰۃ والسلام علیک یا صاحب النعمۃ ؐ

درود اور سلام اوپر تیرے اے صاحب نعمت کے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا خَاتَمَ النُّبُوَّۃِ وَالرِّسَالَۃِ ط

درود اور سلام اوپر تیرے اے ختم کرنے والے نبوت اور پیغمبری کے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ الْمَدَنِیِّ ط

درود اور سلام اوپر تیرے اے نبی مدینہ والے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ الْحَرَمِیِّ ط

درود اور سلام اوپر تیرے اے نبی حرم والے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ الْعَرَبِیِّ ط

درود اور سلام اوپر تیرے اے نبی عرب کے رہنے والے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ الْحِجَازِیِّ ط

درود اور سلام اوپر تیرے اے نبی حجاز والے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ التِّهَامِیِّ ط

درود اور سلام اوپر تیرے اے نبی تہامہ والے

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ الْهَاشِمِیِّ ط

درود اور سلام اوپر تیرے نبی ہاشمی

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ الْقُرَشِیِّ ط

درود اور سلام اوپر تیرے اے نبی قریشی

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا نَبِیَّ الزَّكِیِّ

درود اور سلام اوپر تیرے اے نبی پاک

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا نَبِیَّ الْاُمِّیِّ

درود اور سلام اوپر تیرے اے نبی اُمّی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع ساتھ نام اللہ بخشنے والے مہربان کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں رسولوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ النَّبِیِّیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں نبیوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُؤْمِنِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں مومنوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُتَّقِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں پرہیزگاروں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الصَّالِحِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں نیکوکاروں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُصْلِحِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں اصلاح کرنے والوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الصّٰدِقِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں سچوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُصَدِّقِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں تصدیق کرنے والوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الصّٰبِرِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں صبر کرنے والوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الشّٰھِدِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں گواہوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمَشْھُوْدِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں حاضر کئے ہوؤں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُرَابِطِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں جوڑنے والوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُنْجِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں نجات دلانے والوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُفْلِحِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں فلاح والوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُجِیْبِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں قبول کرنے والوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الزَّاھِدِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں پرہیزگاروں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ التَّآئِبِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں توبہ کرنے والوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْخَآئِفِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں ڈرانے والوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْعَاطِفِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں نرمی کرنے والوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْبَاکِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں (خوف خدا سے) رونے والوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَآئِمِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں قیام کرنے والوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الرَّاکِعِیْنَ۔

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں رکوع کرنے والوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ السّٰجِدِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں سجدہ کرنے والوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُصَلِّیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں نمازیوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَارِئِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں قاریوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَاعِدِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں بیٹھنے والوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْاَزْھِدِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں زاہدوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُوْقِنِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں یقین دلانے والوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُنَاجِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں ہمرازوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْقَانِعِيْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں قناعت کرنے والوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْحٰفِظِيْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں حافظوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْجَآئِعِيْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں بھوکوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْحَامِدِيْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں حمد کرنے والوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُرْشِدِيْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں مرشدوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ النّٰظِرِيْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں دیکھنے والوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُبٰرِكِيْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں برکت والوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُوَحِّدِيْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں موحدوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَائِلِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں بولنے والوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمَنْصُوْرِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں مدد دیئے گیوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الظّٰفِرِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں فتح مندوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْوَارِثِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں وارثوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُظَفَّرِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمد کے جو سردار ہیں فتح دیئے گیوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمَرْزُوْقِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمد کے جو سردار ہیں رزق دیئے گیوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الرّٰغِبِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں رغبت والوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُشْفِقِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں شفقت کرنے والوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ النّٰصِرِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں مدد کرنے والوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ السّٰٓىِٕحِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں روزہ رکھنے والوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ التَّوَّابِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں توبہ کرنے والوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ المَالُوفِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں الفت کرنے والوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُنِیْبِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں رجوع کرنے والوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْعٰبِدِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں عابدوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمَسٰكِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں مسکینوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُوَافِقِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں موافقوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْمُرَافِقِیْنَ

یا الٰہی درُود بھیج اُوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں نرمی کرنے والوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْفَآئِزِیْنَ

یا الٰہی درُود بھیج اُوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں مراد کو پہنچنے والوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْعٰمِلِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اُوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں عمل کرنے والوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْعَآئِذِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اُوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں پناہ لینے والوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ النَّاجِیْنَ

یا الٰہی درُود بھیج اُوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں نجات پانے والوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الطّٰھِرِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں پاکوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الظّٰھِرِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں غالب ہونے والوں کے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ التّٰبِعِیْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں تابعداروں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْفَاضِلِيْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں فضیلت والوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الشّٰكِرِيْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار شکر کرنے والوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُتَطَهِّرِيْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں پاکیزگی پسند کرنے والوں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُطِيْعِيْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں فرمانبرداروں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمَرْحُوْمِيْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں رحم کیے ہوؤں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمَغْفُوْرِيْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں مغفوروں کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْفُضَلِيْنَ

یا الٰہی درود بھیج اوپر محمدؐ کے جو سردار ہیں فضیلت والوں کے

